تصدیق شدہ اشاعت

گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

★★★ ہر خبر آپ تک ★★★

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

Power of Pakistan News Agency

چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی

powerofpakistannewsagency.online

جلد نمبر 02 | ہفتہ 25 اپریل 2026، 06 ذی القعدہ 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 253

بے زمین دیہاتیوں کو زرعی اراضی فراہم کی جائیگی: مریم نواز

پنجاب بھر میں بے زمین دیہاتیوں کو تقریباً 160 ارب روپے مالیت کی زرعی اراضی فراہم کی جائے گی، چولستان کے علاقے میں 16,685 لاٹس مختص کی گئی ہیں جن سے 101,111 خاندانوں کو فائدہ پہنچے گا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے "اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم" پورٹل کا افتتاح کر دیا۔ اس اہم منصوبے کے تحت پنجاب بھر میں بے زمین دیہاتیوں کو تقریباً 160 ارب روپے مالیت کی زرعی اراضی فراہم کی جائے گی، حکومتی حکمتِ عملی کے مطابق اراضی کی نشاندہی پانی کی دستیابی اور زمین کی زرخیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے کی گئی ہے تاکہ کاشتکار بہتر پیداوار حاصل کر سکیں۔ پہلے مرحلے میں پنجاب کے مختلف اضلاع میں 13,812 زرعی لاٹس کے ذریعے 88,780 خاندان مستفید ہوں گے، جبکہ چولستان کے علاقے میں 16,685 لاٹس مختص کی گئی ہیں جن سے 101,111 خاندانوں کو فائدہ پہنچے گا، مجموعی طور پر ایک لاکھ 24 ہزار ایکڑ سے زائد زرعی زمین فراہم کی (بقیہ نمبر 1)

آبنائے ہرمز میں عدم استحکام کی وجہ امریکی و اسرائیلی جارحیت ہے: عراقچی

تہران: (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ خلیج فارس اور آبنائے ہرمز (بقیہ نمبر 6)

ٹرمپ کا آبنائے ہرمز میں کارروائیاں 3 گنا بڑھانے کا حکم

واشنگٹن: (دنیا نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز میں کارروائیاں تین گنا (بقیہ نمبر 5)

انصاف، وقار اور دانشمندی کی بنیاد پر مذاکرات کا دروازہ اب بھی کھلا ہے: ایران

تہران: (ویب ڈیسک) ایران کے صدارتی دفتر نے کہا ہے کہ انصاف، وقار اور دانش (بقیہ نمبر 4)

تحویل میں لئے گئے بحری جہاز میں ایران کیلئے تحفہ نہیں تھا: چین کی تردید

بیجنگ: (دنیا نیوز) چین نے امریکی صدر کے دعوے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ تحویل میں (بقیہ نمبر 3)

قرضے حکمران لیں اور واپس عوام کریں یہ ظلم ہے: حافظ نعیم الرحمان



کراچی: (دنیا نیوز) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ قرضے حکمران (بقیہ نمبر 2)

بروقت اقدامات کے باعث توانائی بحران کا سامنا نہیں کرنا پڑا: شہباز شریف

مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے خام تیل کے اسٹریٹجک ذخائر کے قیام پر کام تیز کیا جائے۔ اجلاس میں توانائی کی بچت اور پائیدار ترقی کے لیے ماحول دوست برقی ذرائع آمد و رفت کو فروغ دینے پر زور دیا گیا

شمسی توانائی سے پیدا ہونے والی اضافی بجلی کو محفوظ بنانے کے لیے بیٹری اسٹوریج کو آسان بنانے اور مقامی سطح پر معیاری بیٹریوں کی تیاری کی حوصلہ افزائی کرنے کی ہدایت بھی دی گئی

شہباز شریف کی زیر صدارت انرجی سیکیورٹی سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک کی توانائی ضروریات، بچت اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی غور کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ انرجی سیکیورٹی اب قومی منصوبہ بندی کا ایک کلیدی حصہ بن چکی ہے اور موجودہ علاقائی صورتحال کے باوجود بروقت اقدامات کے باعث ملک کو توانائی بحران کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے خام تیل کے اسٹریٹجک ذخائر کے قیام (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صدر ٹرمپ نے ایران کیساتھ جنگ بندی کیلئے کوئی ڈیڈ لائن مقرر نہیں کی: وائٹ ہاؤس

صدر ٹرمپ آبنائے ہرمز میں جاری ناکہ بندی سے مطمئن ہیں اور ایران پر ڈالے گئے معاشی دباؤ کے باعث وہ مذاکرات کی طرف واپس آ رہا ہے

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے سربراہ معروف کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر حسنات خان ملاقات کر رہے ہیں

واشنگٹن (بیورو چیف) وائٹ ہاؤس کی ترجمان کیرولین لیوٹ نے واضح کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جنگ بندی کے لیے کوئی حتمی ڈیڈ لائن مقرر نہیں کی۔ کیرولین لیوٹ نے ان خبروں کو مسترد کیا جن میں (بقیہ نمبر 13)

گلگت بلتستان الیکشن، استحکام پاکستان پارٹی کے 20 رکنی انتخابی بورڈ کا اجلاس و اہم فیصلے

لاہور (این این آئی) گلگت بلتستان میں 7 جون کو ہونے والے عام (بقیہ نمبر 14)

پاکستان میں صرف 15 فیصد افراد اے آئی ٹیکنالوجی استعمال کر رہے ہیں، سروے

کم پڑھے لکھے لوگ صرف 8 فیصد، 52 فیصد زیادہ پڑھے لکھے لوگ اے آئی پر انحصار کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) دنیا بھر میں مصنوعی ذہانت کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے مگر پاکستان اب بھی اس دوڑ میں بہت پیچھے ہے، حیران کن طور پر ملک میں صرف 15 فیصد (بقیہ نمبر 16)

وزیر اعلیٰ پنجاب کے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی عالمی اداروں میں پذیرائی، بہترین منصوبہ قرار

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے کم لاگت رہائشی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر فروغ دینے کا عزم۔۔ وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے بتایا (بقیہ نمبر 15)

موجودہ مہنگائی کا بحران عارضی ہے، جلد قابو پالیں گے، گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ موجودہ مہنگائی کا بحران عارضی ہے، جلد قابو پالیں گے، غیر ملکی کمپنیوں کا پاکستان میں سرمایہ کاری میں (بقیہ نمبر 17)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان عظیم صوفی بزرگ عبداللہ شاہ غازی کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

محسن نقوی سے امریکی سفیر کی ملاقات، مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ پر گفتگو

محسن نقوی سے امریکی سفیر کی ملاقات، مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے اہم ملاقات کی جس میں خطے کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں (بقیہ نمبر 11)

آئی ایم ایف کی سفارش پر نئے بجٹ میں تجارتی نظام میں بڑی تبدیلیاں لانے کا فیصلہ

عالمی مالیاتی ادارے کو بیل آؤٹ پیکج کیلئے اہم اصلاحات پر عملدرآمد کی یقین دہانی کرادی ہے

اسلام آباد (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ کی سفارش پر ملک کے تجارتی نظام میں بڑی تبدیلیاں لانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ حکام وزارت خزانہ کے مطابق نئے بجٹ میں 60 (بقیہ نمبر 12)

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کو ایک ارب ڈالر کی اضافی فنانسنگ کا عندیہ

پاکستان میں محدود سرمایہ کاری کی وجہ مالی دباؤ کا سامنا ہے اور منظور شدہ پروگرام کا مقصد بجٹ خسارہ اور سرکاری قرض کم کرنا ہے

ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کو ایک ارب ڈالر کی اضافی فنانسنگ فراہم کرنے کا عندیہ دے دیا ہے، جبکہ حکام کے مطابق پاکستان کے لیے 80 کروڑ ڈالر کا پیکج منظور کرلیا ہے، جس میں 30 کروڑ ڈالر قرض (بقیہ نمبر 8)

گلگت بلتستان کے انتخابات؛ مرکزی صدر عبدالعلیم خان کی زیر صدارت تحریک پاکستان کے انتخابی بورڈ کا اجلاس

اعتماد کی کمی، پابندیوں اور فوجی کشیدگی کے باعث امن مذاکرات مشکل صورتحال کا شکار ہیں، فنانشل ٹائمز

لندن (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر امریکا ایران مذاکرات کو مکمل طور پر ٹوٹنے سے بچانے اور رابطہ کاری کی کوشش کر رہے ہیں۔ برطانوی جریدے فنانشل ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق پاکستان، ایران اور امریکا کے درمیان جاری کشیدگی میں (بقیہ نمبر 10)

ستھرا پنجاب مریم نواز حکومت کی نیک نامی میں سرفہرست ہے، وزیر بلدیات

ایجنسی ماڈل کے تحت ضلع سطح پر مانیٹرنگ سسٹم منتقل ہونے سے پرفارمنس میں مزید بہتری آرہی ہے، ذیشان رفیق

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ حکومت ستھرا پنجاب کے استحکام کیلئے ہر ممکن وسائل فراہم کر رہی ہے، ایجنسی ماڈل کے تحت ضلع سطح پر مانیٹرنگ سسٹم (بقیہ نمبر 9)

پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کے بورڈ میں توسیع کا فیصلہ، ترمیمی بل پر غور و خوض جاری

پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی ایکٹ 2025ء میں ترامیم تجویز، مختلف محکموں کے نمائندوں کو شامل کرنے کی سفارش

لاہور (این این آئی) پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی میں ممبران کی تعداد میں اضافے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ اس سلسلے میں پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی (ترمیمی) بل 2026ء پنجاب اسمبلی کے رواں اجلاس میں پیش کیا گیا تھا جسے قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا اور اس پر غور و خوض جاری ہے۔ مجوزہ قانون کے تحت پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی ایکٹ 2025ء میں ترامیم کی جائیں گی۔ ڈی جی ایگریکلچر وفوڈ کو اتھارٹی کا رکن بنانے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ چیئرمین انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی، ایک ہفتہ قبل اغوا ہونیوالے بچے کی لاش نالے سے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی آر اے بازار سے ایک ہفتہ قبل اغوا ہونیوالے بچے کی لاش نالے سے برآمد ہوئی۔ پولیس حکام نے بتایا کہ محمد زین سات اپریل کو لاپتہ ہوا، لاش اڈیالہ روڈ پر واقع جراحی سٹاپ نالے سے ملی، پولیس نے بچے کے اغوا کا مقدمہ درج کر رکھا تھا

شہر قائد کے انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچانے والوں کیخلاف ویجی لینس سکواڈ تشکیل

مقصد یہ ہے کہ ٹیم فوری پہنچے، یہ موٹر سائیکلز کسی کے پروٹوکول میں استعمال نہیں ہوں گی، مرتضیٰ وہاب

کراچی (این این آئی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ شہر کے انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچانے والوں کیخلاف ویجی لینس سکواڈ تشکیل دے دیا گیا۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ بیس الیکٹرک بائیکس پر مشتمل ویجی لینس ٹیم تشکیل دی گئی ہے، ویجی لینس سکواڈ بنایا کہ فیول لاگت میں کمی لائے جاسکے اور ٹیم فوری پہنچے، یہ موٹر سائیکلز کسی کے پروٹوکول میں استعمال نہیں ہوں گی۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ اگر کسی کے پروٹوکول میں نظر آئیں تو سخت کارروائی ہوگی، کام ہم کرتے ہیں

پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان تعاون مزید مضبوط کرنے پر اتفاق

وزیر خزانہ کی ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر سے ملاقات، مالیاتی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ پر تبادلہ خیال، گوترس سے بھی ملاقات

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان تعاون مزید مضبوط کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے واشنگٹن ڈی سی میں ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاسوں کے موقع پر ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر ماساتو کانداسے ملاقات کی، جس میں مالیاتی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے (بقیہ نمبر 29)

چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی، اسلام آباد میں پاک-رومانیہ تعلقات کی تصویری نمائش کے افتتاحی پروگرام میں پاکستان کے قومی ترانے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈرائیور کو نیند آگئی، 40 ہزار لیٹر پیٹرول والا ٹینکر پیر محل کے قریب اُلٹ گیا

پیر محل (این این آئی) موٹر وے ایم 3 پر پیر محل کے قریب آئل ٹینکر بے قابو ہو کر اُلٹ گیا۔ ترجمان سینٹرل ریجن کے مطابق حادثہ ڈرائیور کو نیند آنے کی وجہ سے ہوا، حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ آئل ٹینکر کراچی سے لالہ موسیٰ جا رہا تھا، ٹینکر میں 40 ہزار لیٹر پیٹرول موجود تھا۔

پنجاب میں اسٹیمپ ڈیوٹی میں بڑی کمی کا فیصلہ، ترمیمی آرڈیننس پر قائمہ کمیٹی میں غور جاری

غیر منقولہ جائیداد کے مالکان کو ریلیف دینے کیلئے اسٹیمپ ایکٹ 1899ء میں ترامیم، شرح 3 فیصد سے کم ہو کر 1 فیصد کرنے کی تجویز

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے غیر منقولہ جائیداد مالکان کو ریلیف دینے کے لیے اسٹیمپ ڈیوٹی میں بڑی کمی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے اسٹیمپ (ترمیمی) آرڈیننس پنجاب اسمبلی کے رواں اجلاس میں پیش کیا گیا ہے جس کے تحت اسٹیمپ ایکٹ 1899ء میں ترامیم کی جائیں گی۔ مجوزہ ترمیم کے مطابق غیر منقولہ جائیدادوں پر اسٹیمپ ڈیوٹی 3 فیصد سے کم کر کے 1 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ دیہی علاقوں میں موجودہ 3 فیصد شرح کو بھی (بقیہ نمبر 19)

فیصل آباد: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی ہیڈ آفس میں مانیٹرنگ اتھارٹی کے 39ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پاک بحریہ کا مقامی ساختہ اینٹی شپ میزائل کا کامیاب تجربہ

میزائل نے طویل فاصلے پر ہدف کو انتہائی درستی اور برق رفتاری سے نشانہ بنایا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاک بحریہ نے مقامی ساختہ اینٹی شپ میزائل کا کامیاب تجربہ کیا۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق میزائل نے طویل فاصلے پر ہدف کو انتہائی درستی اور برق رفتاری سے نشانہ بنایا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے میزائل تجربہ کا مشاہدہ کیا، سائنسدانوں اور انجینئرز کی ٹیم بھی تجربے کے دوران موقع پر موجود تھی۔ میزائل جدید گائیڈنس سسٹم (بقیہ نمبر 20)

مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی کا اہم اجلاس، سیاسی و عسکری قیادت کو خراج تحسین پیش، قرارداد منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب میں حکمران جماعت پاکستان مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی کا اہم اجلاس سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کی زیر صدارت پنجاب اسمبلی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی عالمی امن کے لیے تاریخی کاوشوں کے اعتراف میں قرارداد متفقہ طور پر منظور کی گئی (بقیہ نمبر 30)

لاہور تا راولپنڈی پاکستان کی پہلی فاسٹ ٹرین چلائی جائے گی

پنجاب حکومت، ریلویز کے درمیان تاریخ ساز ایم او یو

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب اور پاکستان ریلوے کے درمیان تاریخ ساز ایم او یو پر دستخط کر دیئے گئے جس کے تحت لاہور سے راولپنڈی کے درمیان پاکستان کی پہلی فاسٹ ٹرین چلائی جائے گی جو سوا دو گھنٹے میں سفر طے کرے گی، پنجاب میں فاسٹ ٹرین اور 8 لوکل روٹس پر جدید ترین ٹرینیں چلائی جائیں گی، پنجاب حکومت علاقائی روٹس پر جدید ترین ڈی ایم یو ٹرین مہیا کرے گی۔ تاریخ ساز ایم او یو پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 31)

سمیڈا نے جائیکا کے اشتراک سے پانچ سالہ ویمن سپورٹ پروگرام پر کام شروع کر دیا

پروگرام کے تحت خواتین کے علاوہ ٹرانسجینڈرز کو بھی کاروباری تربیت فراہم کی جائے گی

لاہور (این این آئی) سال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے خواتین کی صنعتی و تجارتی صلاحیتوں کو فروغ دینے کیلئے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے اشتراک سے پانچ سالہ سپورٹ پروگرام پر کام شروع کر دیا ہے۔ سمیڈا کی چیف ایگزیکٹو آفیسر نادیہ جہانگیر سیٹھ نے بتایا کہ سمیڈا وزیر اعظم پاکستان کے معاشی ترقی کے وژن کے ساتھ ہم آہنگی میں، خواتین کی زیر قیادت کاروباری اداروں کو ان کی ڈیجیٹل خواندگی، مالی معاونت، مارکیٹ تک (بقیہ نمبر 23)

ایف آئی اے کی کارروائی، ویزا فراڈ میں ملوث ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی کے انسداد انسانی سمگلنگ سرکل نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے مائیگرنٹ سمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم ظفر حسین کو لاہور میں چھاپہ مار کارروائی کے دوران (بقیہ نمبر 22)

سی ٹی او اسلام آباد کی تعمیراتی کام والی سڑکوں پر ٹریفک کی روانی یقینی بنانے کی ہدایت

ہفتہ وار بازاروں میں غیر قانونی پارکنگ کے خلاف قانونی کارروائیاں کی جائیں، محمد سرفراز ورک

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک نے تعمیراتی کام والی سڑکوں پر ٹریفک کی روانی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارک روڈ سمیت دیگر شاہراہوں پر اضافی نفری تعینات کی جائے، تجارتی مراکز، شاپنگ مالز اور ہفتہ وار بازاروں میں غیر قانونی پارکنگ کے خلاف قانونی کارروائیاں کی جائے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 21)

منیجنگ ڈائریکٹر آئی ایم ایف کا پاکستان کی معاشی اصلاحات پر اظہار اطمینان

اصلاحاتی پروگرام پر مؤثر عملدرآمد کے باعث معاشی استحکام برقرار رکھنے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا، کرسٹالینا جارجیوا

واشنگٹن (این این آئی) انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کی منیجنگ ڈائریکٹر نے پاکستان کی اصلاحات اور معاشی استحکام کی تعریف کی ہے۔ آئی ایم ایف کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا نے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ملاقات کے دوران پاکستان کی معاشی اصلاحات میں پیش رفت کو سراہا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری (بقیہ نمبر 32)

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان صوبہ بھر میں سول مقدمات کو ڈیجیٹل کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب کی صدارت کر رہے ہیں۔

پاکستان پر اعتماد کرتے ہیں، امریکا پر نہیں، ایرانی سفیر

مذاکرات صرف پاکستان میں ہوں گے، کہیں اور نہیں ہوں گے، رضا امیری مقدم

اسلام آباد (این این آئی) ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے کہا ہے کہ ہم پاکستان پر اعتماد کرتے ہیں، امریکا پر نہیں، مذاکرات صرف پاکستان میں ہوں گے، کہیں اور نہیں ہوں گے۔ پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں خطاب کرتے ہوئے ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے کہا کہ امریکا قابلِ بھروسہ ملک نہیں، ایران نے پاکستان کو قابلِ اعتماد اور غیر جانبدار ثالث قرار دے دیا (بقیہ نمبر 25)

پاک ترکیہ مشترکہ مشق جناح 13 کامیابی سے مکمل

اسلام آباد (این این آئی) پاک ترک مشترکہ کمانڈو اور اسپیشل فورسز مشق جناح 13 ترکیہ میں کامیابی سے مکمل ہوگئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مشق میں پاک فوج اور ترک افواج کے دستوں نے مشترکہ تربیتی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ (بقیہ نمبر 24)

پنجاب بھر میں 1406 ٹریفک حادثات میں 08 افراد جاں بحق، 1628 زخمی

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1406 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 676 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 952 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت

لاہور بعد ازاں لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل نیشنل پروڈکٹیویٹی آرگنائزیشن کے سی ای او محمد عالمگیر چودھری کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔

سردار ایاز صادق کی یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان کی جانب سے نوجوانوں کی قومی اور بین الاقوامی سطح پر مؤثر نمائندگی کی تعریف

پالیسی سازی اور جمہوری عمل میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان کی جانب سے نوجوانوں کی قومی اور بین الاقوامی سطح پر مؤثر نمائندگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور انہیں پالیسی سازی اور جمہوری عمل میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی نے چیئرمین ابرار الحق اور صدر عبیدالرحمن قریشی کو ECOSOC یوتھ فورم 2026 کے موقع پر ایونٹ کے (بقیہ نمبر 27)

لاہور میں چیئرمین تحریک حرمت رسول پاکستان مولانا امیر حمزہ پر قاتلانہ حملہ، ملزم فرار

گاڑی میں نجی پروگرام کے میزبان جسٹس ریٹائرڈ نذیر غازی بھی موجود تھے، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پیکو روڈ پر پنڈی اسٹاپ کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سوار چیئرمین تحریک حرمت رسول پاکستان مولانا امیر حمزہ پر قاتلانہ حملہ کر کے فرار ہوگئے۔ مولانا امیر حمزہ بازو پر گولی لگنے سے زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مولانا امیر حمزہ نجی پروگرام میں شرکت کے بعد گھر جا رہے تھے کہ پیکو روڈ پر پنڈی اسٹاپ کے (بقیہ نمبر 33)

جڑانوالہ میں گھریلو تنازع پر میاں بیوی نے زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کرلیا

جڑانوالہ (این این آئی) جڑانوالہ کے تھانہ بلوچنی کی حدود 69 رب میں میاں بیوی کی جانب سے مبینہ خودکشی کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے۔ پولیس کے مطابق ابرار نامی شخص کو اپنی اہلیہ سونیا بی بی کے کردار پر شک تھا جبکہ خاتون کے بارے میں بتایا گیا کہ اس کے (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، پسند کی شادی کرنے والے جوڑے سمیت 3 افراد کو قتل کر دیا گیا

قتل کیے گئے دانش کی بھابھی بھی شامل ہیں، ملزم نجیب اللہ مقتولین کو تیز دھار آلے سے قتل کیا اور فرار ہوگیا

ٹیکسلا (این این آئی) تھانہ ٹیکسلا کے علاقہ میں پسند کی شادی کرنے والے جوڑے سمیت 3 افراد کو قتل کر دیا گیا، مقتول دانش اکرم نے سیما گل سے پسند کی شادی کی تھی، قتل ہونے والے دانش کی بھابھی بھی شامل، ملزم نجیب اللہ مقتولین کو تیز دھار آلے سے قتل کیا اور فرار ہوگیا، (بقیہ نمبر 36)

موٹر وے پر چلتی بس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، بروقت کارروائی سے تمام مسافر محفوظ

لاہور (این این آئی) موٹر وے پولیس کی بروقت کارروائی کے باعث ایم-5 ملتان سیکٹر میں پیش آنے والا بڑا حادثہ ٹل گیا (بقیہ نمبر 35)

لاہور: پنجاب انٹرنیشنل سوئمنگ کمپلیکس نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں وزیر اعلیٰ پنجاب ایج گروپ سوئمنگ چیمپئن شپ 2026ء کے آخری روز مقابلوں کا منظر۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے پیرا فورس کے نئے دفتر کا افتتاح کر دیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے پیرا فورس کے نئے دفتر کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ماہین فاطمہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سفیان دلاور، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ ثنا شرافت، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر سید (بقیہ نمبر 26)

پنجاب میں تعلیمی نگرانی بہتر بنانے کیلئے بڑا اقدام، ڈیٹا سنٹر پیکٹا کے حوالے

سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا ڈیٹا سنٹر اب پنجاب ایگزامینیشن کمیشن اینڈ ٹیسٹنگ اتھارٹی کے کنٹرول میں ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے تعلیمی شعبے میں شفافیت اور نگرانی بہتر بنانے کے لئے اہم فیصلہ کرتے ہوئے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا ڈیٹا سنٹر سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے منتقل کر کے ڈیٹا سنٹر اب سی ای او پیکٹا کے کنٹرول کے حوالے کرنے کا حکم دے دیا۔ محکمہ کے مطابق ڈیٹا سنٹر فوری طور پر پیکٹا کو منتقل کیا جائے گا اور اب یہ سی ای او پیکٹا کے کنٹرول میں ہوگا۔ ادارے کو ہدایت کی گئی ہے کہ ڈیٹا سکیورٹی اور (بقیہ نمبر 28)

مون سون سیزن سے قبل دریاؤں کے حفاظتی بندوں کے سروے کا فیصلہ کرلیا

ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حفاظتی اقدامات تیز کرنے کے مشترکہ سروے کی منظوری

لاہور(این این آئی) مون سون سیزن سے قبل دریاں کے حفاظتی بندوں کے سروے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔وفاقی حکومت نے ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلء یحفاظتی اقدامات تیز کرتے ہوئے مشترکہ سروے کی منظوری دے دی ہے۔ منظوری کے بعد عسکری حکام کے خط پر فیڈرل فلڈ کمیشن نے چاروں صوبوں کے محکمہ آبپاشی کو باضابطہ مراسلہ جاری کردیا ہے۔مراسلے میں ہدایت کی گئی ہیکہ تمام صوبے حفاظتی بندوں کا مشترکہ سروے کریں اوراس دوران بندوں میں موجود نقائص کی نشاندہی کرکے فوری اصلاحی اقدامات تجویز کیے جائیں۔فیڈرل فلڈ کمیشن نے صوبائی حکام کو ہدایت کی ہے کہ سروے کی بنیاد پر ایک جامع رپورٹ تیار کرکے کمیشن کوارسال کی جائے تاکہ بروقت فنڈز کی فراہمی اور مرمتی کام شروع کیا جا سکے۔مراسلے میں واضح کیا گیاہے کہ تمام تفصیلات اور رپورٹ پندرہ مئی تک جمع کرانالازمی ہے تاکہ مون سون سے قبل حفاظتی اقدامات کوحتمی شکل دی جا سکے۔

حکمران عوام کے بنیادی حقوق بھی چھیننے کی کوشش کرر ہے ہیں‘ جے یوآئی (س)

بیروزگاری اور مہنگائی سے نجات کے حکومتی دعوے محض کھوکھلے نعرے ثابت ہورہے ہیں

لاہور(این این آئی)جمعیت علمائے اسلام (س)لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، نائب ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو،عبدالحمید تونسوی،مولانا محمد ممتاز اور مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہاہے کہ حکمران عوام کے بنیادی حقوق بھی چھیننے کی کوشش کرر ہے ہیں،قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادا جارہا ہے،جس سے غربت کی شرح میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے، حکمرانوں کے بیروزگاری اور مہنگائی سے نجات کے دعوے محض کھوکھلے نعرے ثابت ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکمرانوں کی غلط اور عوام دشمن پالیسیوں، نیز جابرانہ فیصلوں کے باعث غربت، مہنگائی اور بے روزگاری نے ملک کی تقریباً90 فیصد آبادی کواپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں کتب اورحقوق اشاعت کا عالمی دن 23اپریل کومنایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کتب اور حقوق اشاعت کا عالمی دن 23اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد کتب بینی،اشاعت کتب اوراس کی حقوق اشاعت کے متعلق شعور اجاگر کرنا ہے۔اس دن کے حوالے سے سماجی اور ادبی تنظیموں کی جانب سے کتب کی نمائش سمیت دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین کتب بینی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کتب کے مصنفین کے حقوق اشاعت اورقوانین سے متعلق آگاہی فراہم کریں گے۔

لاہور:صوبائی وزیرتوانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر سے جرمن ترقیاتی بینک کے ایف ڈبلیو کا وفدتوانائی کے مختلف منصوبوں میں باہمی تعاون بارے بات چیت کر رہاہے۔

گیس بندش اورلو پریشر کی شکایات میں اضافہ،ایل پی جی بھی پہنچ سے دور

سوئی ناردرن گیس کمپنی کا شارٹ فال ہزارایم ایم سی ایف ڈی سے تجاوز کرگیا

لاہور(این این آئی) گیس بندش اورلو پریشر کی شکایات عروج پر پہنچ گئیں، متبادل استعمال ہونے والی ایل پی جی بھی پہنچ سے دور ہوگئی۔تفصیلات کے مطابق سوئی ناردرن گیس کمپنی کا شارٹ فال ہزار ایم ایم سی ایف ڈی سے تجاوز کرگیا،مشرق وسطی میں جنگی صورتحال کے باعث ایل این جی کی سپلائی رک گئی جس کے باعث ملک میں گیس بحران شدت اختیار کرگیا۔ذرائع کے مطابق ایل این جی کی فراہمی رکنے کے باعث شارٹ فال میں مزید اضافہ ہوگیا، مقامی قدرتی گیس کی فراہمی بھی شیوا گیس فیلڈکی بندش سے متاثر ہوئی،شیوا گیس فیلڈ سے 70ایم ایم سی ایف ڈی گیس سسٹم میں شامل ہوتی ہے۔سوئی نادرن ریجن میں ایک طرف گیس کی لوڈشیڈنگ جاری ہے دوسری جانب لو پریشر کی شکایات بھی عروج پر ہیں۔خواتین کا کہنا ہے کہ گھریلو امور کی انجام دہی میں شدید مشکلات درپیش ہیں۔متبادل استعمال ہونے والی ایل پی جی کی قیمت 550روپےکلوتک پہنچ گئی ہے۔

کراچی،دسویں جماعت کا انگریزی کا پرچہ بھی آؤٹ

کراچی(این این آئی) کراچی میں ثانوی میٹرک بورڈ کے تحت نویں اوردسویں کے امتحانات جاری ہیں۔شفاف امتحانات کے حوالے سے میٹرک بورڈ انتظامیہ کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے۔کراچی میں جمعرات کو ہونے والا دسویں جماعت کا انگریزی کا پرچہ بھی امتحان سے قبل سوشل میڈیا پر جاری کردیا گیا۔دوسری جانب میٹرک بورڈ کے حکام نے کہا کہ امتحانی مراکز کے اطراف دفعہ 144 نافذ ہے۔یادرہے کہ گزشتہ روز نویں جماعت کا فزکس کا اور 1 روز قبل حیاتیات کا پرچہ بھی آدھا گھنٹہ قبل آؤٹ ہوگیا تھا

عالمی حالات تیزی سے بدل رہے ہیں دنیا بھر کے عوام بیدار ہو رہے ہیں لیاقت بلوچ

پاکستان کو اللہ تعالی نے معرکہ حق میں کامیابی کے بعد سے عالمی سفارتی، علاقائی محاذ پر بڑی عزت اور کامیابی دی ہے

قصور(این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، سابق ممبر قومی اسمبلی لیاقت بلوچ نے کہا عالمی حالات تیزی بدل رہے ہیں، دنیا بھر کے عوام بیدار ہورہے ہیں، استعماری اور ظلم وستم کی بنیاد پر قائم قوتیں زمین بوس ہورہی ہیں۔ پاکستان کو اللہ تعالی نے معرکہ حق میں کامیابی کے بعد سے عالمی سفارتی، علاقائی محاذ پر بڑی عزت اور کامیابی دی ہے۔ ایران پر امریکہ واسرائیل کی مسلط کردہ ناجائز جنگ میں ثالثی کے لئے پاکستان کی سفارتی کوششیں حوصلہ افزا ہیں۔ اندرونی محاذ پر بھی پاکستان کے لئے ناگزیر ہے کہ ریاست کے بااختیار طبقات، قومی سیاسی دینی قیادت اورعوام بیک وقت انتہائی ذمہ دارانہ رویوں کے ساتھ اندرونی سیاسی، انتظامی، آئینی اور اقتصادی بحرانوں پر اپنے اپنے دائروں سے نکل کر قومی کردار ادا کریں۔ایران کے عوام نے عظیم یکجہتی کے ساتھ امریکہ اور اسرائیل کے دانت کھٹے کردیئے ہیں

نمک برآمدی کنسائمنٹس مثالی پیکنگ کیساتھ ایکسپورٹ کے احکامات

کلکٹر کسٹمز ایکسپورٹ کیساتھ اسماعیل ستار کی قیادت میں عہدیداروں پر مشتمل اجلاس

کراچی(این این آئی) پاکستان کسٹمز ایکسپورٹ کلکٹریٹ نے نمک کے برآمدی کنسائمنٹس کی مثالی پیکنگ کے ساتھ بلارکاوٹ ایکسپورٹ کرنے کے احکامات جاری کردیے ہیں۔یہ احکامات کلکٹر کسٹمز ایکسپورٹ رضوان محمود کے ساتھ سالٹ مینوفیکچرز ایسوسی ایشن کے بانی چیئرمین اسماعیل ستار کی قیادت میں ایسوسی ایشن کی چیئرپرسن صائمہ اختر ودیگر عہدیداروں پر مشتمل اجلاس میں جاری کیے گئے۔سالٹ ایکسپورٹرز اور کسٹمز حکام نے عالمی مارکیٹ میں سالٹ انڈسٹری کی ساکھ کو متاثر کرنے والے دیرینہ مسائل کے حل کیلیے ٹھوس اقدامات پر اتفاق کرتے ہوئے بندرگاہ پر کنٹینرز کی نامناسب ری سیلنگ کے باعث بیرون ملک پہنچنے پر پیکنگ کے خراب ہونے کے مسئلے کوفوری طور پر حل کرنے، برآمدات کوعمومی تجارتی کوڈ کے تحت ظاہر کرنے کی روش ختم کرکے غیر ضروری اور بار بار ایگزامینیشن روکنے کی ہدایت کی گئی۔ایسی کنسائمنٹس پر تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے جو خراب پیکنگ کے ساتھ انہیں موصول ہورہی ہیں

سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کا افسر رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار

کراچی(این این آئی)محکمہ اینٹی کرپشن نے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے انسپکٹر لطافت مرزا کو رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔تفصیلات کے مطابق محکمہ اینٹی کرپشن سندھ نے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کراچی میں کارروائی کرتے ہوئے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے انسپکٹر لطافت مرزا کو مبینہ طور پر50ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا ہے۔اینٹی کرپشن نے یہ کارروائی جوڈیشل مجسٹریٹ کی موجودگی اور ڈپٹی ڈائریکٹر محمد یونس رند کی سربراہی میں کی

غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث 6ایس ایچ اوز معطل

معطل پولیس افسران واہلکاروں کے خلاف محکمہ جاتی انکوائری کا عمل جاری ہے، ذرائع

کراچی(این این آئی) کراچی پولیس چیف آزاد خان کا بڑااقدام 6ایس ایچ اوز اور3 ہیڈمحرر سمیت 22 پولیس افسران و اہلکاروں کو معطل کرنے کا حکمنامہ جاری کر دیا۔کراچی پولیس چیف نے عہدے سے ہٹائے جانے والے پولیس افسران واہلکاروں کوان کے متعلقہ پولیس ہیڈکوارٹر میں رپورٹ کرنے کی ہدایت دی ہے جبکہ معطل پولیس افسران و اہلکاروں کے خلاف محکمہ جاتی انکوائری کا عمل جاری ہے۔ کراچی پولیس چیف آزادخان نے شہر کے 6 تھانوں کے ایس ایچ اوز کو معطل کردیا جس میں ایس ایچ او نیو کراچی انسپکٹر قمر جاوید کیانی، ایس ایچ او موچکو انسپکٹر ملک فیصل لطیف، ایس ایچ او مدینہ کالونی انسپکٹر خالد رفیق، ایس ایچ او بلدیہ انسپکٹر سید فراست حسین شاہ، ایس ایچ او اتحاد ٹاؤن انسپکٹر نفیس الرحمن اور ایس ایچ او نیو کراچی صنعتی ایریا انسپکٹر رضوان قریشی شامل ہیں جبکہ 3 ہیڈمحرر جس میں ہیڈمحرر بلدیہ ٹاؤن اے ایس آئی فردوس ملک، ہیڈمحرر موچکو اے ایس آئی عبدالماجد اور ہیڈمحرر نیو کراچی ہیڈ کانسٹیبل حسن عزیز شامل ہیں۔

کراچی میں پولیس مقابلہ، ایک زخمی سمیت دوڈاکوگرفتار

کراچی(این این آئی)شہر قائد کے علاقے اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے میں اقبال مارکیٹ پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد ایک زخمی سمیت دو ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران زخمی حالت میں گرفتار ملزم محمد ارشد عرف کے ٹو کو فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ دوسرے گرفتار ملزم انس کو مزید تفتیش کے لیے تھانے منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام نے کہا کہ گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور ایک موٹر سائیکل بھی برآمد کرلی گئی ہے۔

سندھ کی خواتین نے جمہوریت اور قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے،مراد علی شاہ

خواتین کی شمولیت کے بغیر ترقی ممکن نہیں، وزیراعلی سندھ خواتین کو ہر شعبے میں بااختیار بنانے کے لیے پرعزم

کراچی(این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ سندھ کی ماں، بہنوں اور بیٹیوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی یوم خواتین مساوات، حقوق اور انصاف کی جدوجہد کی علامت ہے اورخواتین کی شمولیت کے بغیر کسی بھی معاشرتی یا معاشی ترقی کا سفر ممکن نہیں۔ وزیراعلی سندھ نے مزید کہا کہ سندھ حکومت خواتین کو ہر شعبے میں بااختیار بنانے کے لیے پرعزم ہے اورتعلیم، صحت اور روزگار میں خواتین کو مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ کی خواتین نے جمہوریت اور قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ محترمہ فاطمہ جناح، بیگم نصرت بھٹواور شہید محترمہ بینظیر بھٹوخواتین کی قیادت اورجدوجہد کی روشن مثالیں ہیں۔

لاہور: معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب رانابلال احمد پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ میں محکمانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لیاری کا انتہائی مطلوب بھتہ خور گرفتار

ملزم ایک عادی مجرم ہے جس کے خلاف پہلے ہی بغدادی تھانے میں ایف آئی آر درج ہے، ترجمان رینجرز

کراچی(این این آئی) سندھ رینجرز اورایس آئی یو نے لیاری میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ٹارگٹ کلنگ اور بھتہ خوری میں ملوث انتہائی مطلوب ملزم نعیم عرف بوس کو گرفتار کرلیا ہے۔ترجمان سندھ رینجرز کے مطابق گرفتار ملزم کا تعلق لیاری گینگ وار کے شاہنواز عرف گولڈن اور بالاچ بلوچ گروہ سے ہے۔ملزم کے قبضے سے اسلحہ اورایمونیشن بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ملزم نعیم عرف بوس بغدادی اورکلری کے علاقوں میں بھتہ وصولی اور اسلحے کی ترسیل میں ملوث رہا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ملزم بلڈرز اور کاروباری شخصیات کی معلومات بھتہ مافیا کے سرغنہ کوفراہم کرتا تھا اور بھتہ نہ ملنے پر فائرنگ اور ٹارگٹ کلنگ جیسی وارداتوں میں بھی ملوث ہے۔ملزم ایک عادی مجرم ہے جس کے خلاف پہلے ہی بغدادی تھانے میں ایف آئی آر درج ہے۔ رینجرز ترجمان نے کہا کہ ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں، جبکہ گرفتار ملزم کو مزید قانونی کارروائی کے لیے ایس آئی یو پولیس کے حوالے کردیا

جامشورو،شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ،مووی میکر جاں بحق

جامشورو(این این آئی) کوٹری سائٹ کے علاقے میں شادی کی تقریب اس وقت سوگ میں تبدیل ہوگئی جب ہوائی فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔پولیس حکام کے مطابق حادثہ شادی کی خوشی میں کی جانے والی فائرنگ کے دوران پیش آیا۔تقریب کی ویڈیو بنانے والا مووی میکر گولی لگنے کی وجہ سے شدید زخمی ہوا اور موقع پر ہی دم توڑ گیا۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کو اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کی جانب سے واقعے کی تحقیقات اور قانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے

سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل راولپنڈی میں جاری وزیر اعلیٰ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کی مختلف سائٹس کا دورہ کر رہے ہیں۔

لاہور پولیس کا اشتہاری وعادی مجرمان اور عدالتی مفروران کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن

سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاریوں کی گرفتاری کے لیے کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے‘بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی)رواں سال قانون شکن عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران 9 ہزار 521 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ اس دوران 5ہزار 371 عدالتی مفروران اور 2ہزار 261 عادی مجرمان کو بھی حراست میں لیا گیا ہے۔سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہیومن انٹیلی جنس اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے اشتہاری مجرمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جار ہا ہے۔سی سی پی او لاہور نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاریوں کی گرفتاری کے لیے کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مقدمات کی بروقت اور میرٹ پر تفتیش یقینی بنا کر اشتہاری مجرمان کو قرار واقعی سزائیں دلوائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ لاہور پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔

رائے ونڈ میں سہولت بازار فیز ٹو آخری مراحل میں،203اسٹالز تیار

وزیر اعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر منصوبہ تیز،مئی میں اسٹالز الاٹمنٹ کا امکان

رائے ونڈ (این این آئی)وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر رائے ونڈ میں تجاوزات کے خاتمے اور لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے صحن غلہ منڈی میں سہولت بازار فیز ٹو پر کام تیزی سے جاری ہے ، پنجاب سہولت بازار اتھارٹی نے سہولت بازار فیز میں 203 سٹال تعمیر کئے گئے ہیں جہاں مقامی خوانچہ فروش ، ریڑھی بانوں اور مستحق افراد کو کاروبار کے مواقع فراہم ہوں گے ، سہولت بازار فیز ٹو منصوبہ تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ذرائع کے مطابق مئی میں ان سٹال کو لوگوں کے حوالے کردیا جائیگا ،پنجاب سہولت بازار اتھارٹی کی جانب سے سہولت بازار میں صفائی، بجلی، سیکورٹی سمیت دیگر انتظامات کئے جائیں گے۔اس منصوبے سے علاقے میں بے روزگاری، تجاوزات کا خاتمہ ہوگا اور سینکڑوں افراد کو روزگار کے مواقع میسر آنے سے خوشحالی کا نیا دور شروع ہوگا ۔اس حوالے سے چیئرمین پنجاب سہولت بازار اتھارٹی ،مقامی ایم این اے ملک محمد افضل کھوکھر نے کہا کہ رائے ونڈ میں تجاوزات سے متاثرہ غریب خاندانوں کے لئے سہولت بازار فیز ٹو حکومت کی جانب سے ایک تحفہ ہے، حکومت نے عام آدمی کے مسائل کو سمجھتے ہوئے ان کو شاندار اور باوقار روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے فیز ٹو منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین حلقے کی مختلف گلیوں میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ اور لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

کھاریاں،تھانہ صدر پولیس کی بڑی کامیابی

50لاکھ روپے مالیت کے 10 تولہ طلائی زیورات کی چوری ٹریس کرلی

کھاریاں(این این آئی)تھانہ صدر پولیس نے 50لاکھ روپے مالیت کے 10 تولہ طلائی زیورات کی چوری چندروز میں ٹریس کرلی چوری میں ملوث گھریلو ملازمہ اور اس کا خاوند گرفتار، مال مسروقہ برآمد تفصیلات کے مطابق، تھانہ صدر پولیس کو مورخہ 10 اپریل 2026 کو محلہ احمد آباد نزد گنجہ موڑ کے رہائشی مسمی افتخار احمد کی جانب سے درخواست موصول ہوئی کہ اہل خانہ کی غیر موجودگی میں اس کے گھر سے الماری میں رکھے 10 تولہ طلائی زیورات چوری ہو گئے ہیں۔ درخواست موصول ہونے پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے خاتون سمیت 2 نامزد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عمر فاروق نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی لالہ موسی سرکل چوہدری احسان ظفر سندھو کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر لالہ موسی، اے ایس آئی قمر عباس اور دیگر اہلکاروں پر مشتمل خصوصی ٹیم تشکیل دی اور ملزمان کی جلد گرفتاری اور مال مسروقہ کی برآمدگی کے احکامات جاری کیے۔ پولیس ٹیم نے جدید تفتیشی طریقہ کار اپناتے ہوئے نامزد ملزمہ عائشہ نور زوجہ غلام عباس اور اس کے خاوند غلام عباس ولد محمد بشیر ساکن چک سکندر حال مقیم محلہ رحمت پورہ کو گرفتار کرکے شامل تفتیش کیا۔

بجلی اورگیس کی طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن،کاروبار تباہ کردیئے‘ جاوید قصوری

حکومت نے عوام سے 180ارب روپے پٹرولیم لیوی کی مدمیں وصول کئے‘امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (این این آئی)امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہاہے کہ بجلی اور گیس کی طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے اور کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہورہی ہیں، بجلی اور گیس کی مسلسل بندش کے باعث شہری شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں جبکہ چھوٹے کاروبار تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں، رہی سہی کسر حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرکے پوری کر دی ہے ،ڈیڑھ ماہ کے دوران حکومت نے عوام سے 180ارب روپے کی پٹرولیم لیوی وصول کئے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں عوام دوہری مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، ایک طرف مہنگائی نے کمر توڑ رکھی ہے اور دوسری جانب توانائی بحران نے زندگی کا پہیہ جام کر دیا ہے۔حکمران طبقہ اپنی عیاشیوں اور پروٹوکول کو برقرار رکھنے کے لیے عوام کے بنیادی حقوق تک سلب کر رہا ہے، جو کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔محمد جاوید قصوری نے آئی پی پیز، انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز، کے معاہدوں کوشدید تنقید کا نشانہ بنایا

سموگ تدارک کیس، شیرانوالہ اور ٹیکسالی گیٹ پراجیکٹ پر حکم امتناعی میں توسیع

زیرزمین پانی کے لیول کو بڑھانے کے لئے مزید اقدامات کرنے کی ضرورت ہے‘ عدالت کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ تدارک کیس میں شیرانوالہ اور ٹیکسالی گیٹ پراجیکٹ پر حکم امتناعی میں توسیع کر دی ، عدالت نے ٹریفک پولیس کی جانب سے شہریوں کو غیر ضروری طور پر پریشان کرنے پر اظہار ناراضگی کیا اور آئندہ سماعت پر ٹریفک پولیس کے سینئر ذمہ دار افسر کو پیش ہونے کا حکم دیتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ ٹریفک پولیس کا شہریوں کو غیر ضروری طور روکنا ایک غیر قانونی عمل ہے۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک سے متعلق کیس کی سماعت کی ۔ دوران سماعت پنجاب حکومت ، ممبر ماحولیاتی کمیشن ، ایل ڈی اے ، پی ایچ اے کے وکیل پیش ہوئے ،ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات علی اعجاز سمیت دیگر بھی پیش ہوئے ۔شہر میں زیر زمین پانی کے گرتے ہوئے لیول کے حوالے سے واسا کی جانب سے رپورٹ پیش کی گئی، واسا کے وکیل میاں عرفان اکرم نے عدالت کو بتایا کہ عدالتی احکامات کی وجہ سے ایک سال میں صرف تقریباً ایک سینٹی میٹر پانی کم ہوا ہے، عدالتی احکامات کی روشنی میں واسا اپنے بجٹ سے دس ہزار واٹر میٹر لگا رہا ہے۔جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ زیر زمین پانی کے لیول کو بڑھانے کے لئے مزید اقدامات کرنے کی ضرورت ہے ۔ ممبر ماحولیاتی کمیشن کی جانب سے رپورٹ عدالت میں نورپور خوشاب میں بننے والی سڑک پر گیارہ ہزار درختوں کے بارے میں رپورٹ پیش کی گئی جس میں بتایا گیا کہ گیارہ ہزار میں سے آٹھ ہزار درخت بچانے کے لئے سڑک کوری ڈیزائن کردیا گیا۔

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے زیر تعمیر جدید پیڈل ٹینس کورٹ کا معائنہ کر رہے ہیں۔

لاہورمیں بسنت تہوار پر 20کروڑ روپے خرچ محکمہ خزانہ کی منظوری

لاہور کی انتظامیہ کی 26 کروڑ کی ڈیمانڈ مسترد، اخراجات سکیورٹی، ٹرانسپورٹ اور برانڈنگ پر کیے گئے

لاہور(این این آئی)لاہور میں بسنت تہوار کے اخراجات کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔فروری میں ہونے والے تین روزہ بسنت تہوار پر 20 کروڑ روپے کے اخراجات آئے،محکمہ خزانہ نے بسنت اخراجات پر سپلیمنٹری گرانٹ کی منظوری دے دی۔لاہور کی ضلعی انتظامیہ نے بسنت کے لیے مجموعی طور پر 26 کروڑ روپے مانگے تھے،محکمہ خزانہ پنجاب کی سفارشات پر حکومت نے صرف 20 کروڑ روپے کے فنڈز منظور کیے۔دستاویزات کے مطابق بسنت کے تین دنوں میں 600 ڈرائیورز کے کھانے پر 12لاکھ کے اخراجات ہوئے،بسز کے پیٹرول پر 1 کروڑ 80لاکھ روپے کے اخراجات ہوئے،انتظامی سطح پر تقریبات پر اخراجات کا تخمینہ 10 کروڑ لگایا گیا،بسوں کی برانڈنگ پر بھی 10 کروڑ روپے سے زائد کے اخراجات کیے گئے۔ذرائع کے مطابق محکمہ خزانہ نے 6 کروڑ کم کرکے 20 کروڑ کی منظوری دی

لاہور ہائیکورٹ، کمسن بچی سے زیادتی و قتل کیس میں مجرم کی عمرقید برقرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سات سالہ بچی کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والے مجرم کی عمر قید کی سزا برقرار رکھتے ہوئے مسترد کردی۔یہ تحریری فیصلہ جسٹس محمد وحید خان نے مجرم محمد مجاہد کی اپیل پر جاری کیا۔عدالت نے اپنے تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ مجرم کو عمر قید کی سزا درست سنائی گئی ہے، عدالت کے ذہن میں ذرا برابر بھی شک نہیں کہ مجرم نے وقوعہ نہ کیا ہو۔فیصلہ میں کہا گیا کہ مجرم اپنی بے گناہی ثابت کرنے میں ناکام رہا

ستوکتلہ میں خوفناک ٹریفک حادثہ،ایک شخص جاں بحق، دوسرا زخمی

فرار ہونیوالے ملزمان جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار، گاڑی بھی قبضے میں لے لی گئی

لاہور (این این آئی) ستوکتلہ خیابان روڈ پر واقع شوکت خانم ہسپتال کے قریب خوفناک ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا۔پولیس کے مطابق نعمان ممتاز اور حسن علی موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ خیابان روڈ پر تیز رفتار کار نے انہیں ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں دونوں موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہو گئے۔دونوں کو فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم نعمان ممتاز زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا جبکہ حسن علی کا علاج جاری ہے۔حادثے کے بعد کار سوار موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ڈی آئی جی آپریشنز لاہور نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے۔بعدازاں ایس ایچ او ستوکتلہ کی سربراہی میں خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی۔پولیس کے مطابق جدید ٹیکنالوجی اور سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گاڑی کو ٹریس کرکے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ گاڑی بھی قبضے میں لے لی گئی ہے۔

کراچی: مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے معذور افراد میں راشن تقسیم کی تقریب سے مرکزی صدر خالد مسعود سندھو اور کراچی کے صدر احمد ندیم اعوان خطاب کررہے ہیں۔

گنے کے کاشتکاروں کوادائیگیوں میں تاخیر،کین کمشنر کے ادائیگیوں کی یقین دہانی پر درخواست نمٹادی گئی

اگر عدالتی احکامات کے باوجود ادائیگیاں نہ ہوئیں تو توہین عدالت کی درخواست دائر کی جاسکتی ہے‘لاہور ہائیکورٹ

لاہور(این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے گنے کے کاشتکاروں کوادائیگیوں میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کیا تاہم کین کمشنر کے ادائیگیوں کی یقین دہانی پر درخواست نمٹا دی گئی۔جسٹس ملک محمد اویس خالد نے شہری وسیم احمد خان کی درخواست پر سماعت کی۔درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ شوگر ملز کی جانب سے انہیں گنے کی مد میں دو کروڑ49لاکھ روپے کی ادائیگی تا حال نہیں کی گئی، سماعت کے دوران کین کمشنر امجد حفیظ، اسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل انوار حسین کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔جسٹس ملک محمد اویس خالد نے کین کمشنر سے استفسار کیا کہ کیا گنے کے کاشتکاروں کو بروقت ادائیگی یقینی بنانے کے لیے کوئی پالیسی یا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔عدالت نے ریمارکس دیئے کہ کین کمشنر کا ادارہ ایک بنیادی ریگولیٹری اتھارٹی ہے اور عدالت کو روزانہ کی بنیاد پر شکایات موصول ہو رہی ہیں کہ کاشتکاروں کو ادائیگیاں نہیں کی جا رہیں۔عدالت نے دریافت کیا کہ اس مسئلے کے حل کے لیے کیا موثر میکنزم وضع کیا گیا ہے۔

معروف کالم نگار نسیم الحق زاہدی کے والد مولانا محمد طیب خلیق انتقال کر گئے

خالق نگر(این این آئی) معروف کالم نگار، مصنف اور دانشور نسیم الحق زاہدی کے والدِ محترم جامعہ محمدیہ اوکاڑہ کے فاضل اور ممتاز مذہبی اسکالر و ماہرِ تعلیم مولانا محمد طیب خلیق بن حکیم احمد دین گھلوی حرکتِ قلب بند ہونے کے باعث داعیِ اجل کو لبیک کہہ گئے،مرحوم ایک بلند پایہ علمی شخصیت اور سماجی حلقوں میں نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے، وہ مولانا ضیاء الحق، بابا میاں سیف اللہ عزیز، حکیم مولانا جبرائیل اور محمد طارق غضنفر کے حقیقی بڑے بھائی تھے

شہر بھر میں سی سی ٹی وی پر مبنی سیکیورٹی نظام کو مزید وسعت دی جائے گی آئی جی سندھ

اس نظام کے ذریعے نہ صرف ٹریفک قوانین پرعملدرآمد میں بہتری آئی ہے بلکہ شہر میں جرائم کی شرح میں 30 سے 40 فیصد تک کمی ریکارڈ کی گئی ہے

کراچی(این این آئی) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا ہے کہ شہر بھر میں سی سی ٹی وی پر مبنی سیکیورٹی نظام کو مزید وسعت دی جائے گی، اس نظام کے ذریعے نہ صرف ٹریفک قوانین پر عملدرآمد میں بہتری آئی ہے بلکہ شہر میں جرائم کی شرح میں 30 سے 40 فیصد تک کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جبکہ کیمروں کی مدد سے جرائم کی نشاندہی (Detection) میں 70 فیصد اضافہ ہوا ہے، سندھ پولیس میں کانسٹیبلری کی شرح کم کرکے اے ایس آئی سے لے کر ڈی ایس پی سطح کے افسران کی تعداد بڑھانے کی ضرورت ہے، تاکہ پولیس کلچر میں بہتری آئے اور ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ ملے۔وہ گزشتہ روز مقامی ہوٹل میں ٹریفک پولیس کراچی کی جانب سے نئے ٹریفک مانیٹرنگ سسٹم (TRACS) سے متعلق منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے تھے۔تقریب میں ٹریفک پولیس کراچی کی جانب سے روبوکارز،موٹر سائیکلز اور ڈرونز بھی پیش کیے گئے۔

پی ٹی آئی کا ورکرز کنونشن کی اجازت کیلئے ہائیکورٹ سے رجوع، سماعت 20اپریل تک ملتوی

لاہور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے ورکرز کنونشن کی اجازت کے لئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا ،رجسٹرار آفس کا درخواست کے قابل سماعت ہونے پر اعتراض ، کیس کی سماعت 20 اپریل تک ملتوی ہوگئی۔لاہور ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی کی جانب سے 25اپریل کو رزاق اسٹیڈیم شاہدرہ میں ورکرز کنونشن کے انعقاد کی اجازت کے لئے دائر درخواست پر سماعت ہوئی۔کیس کی سماعت جسٹس فاروق حیدر نے پی ٹی آئی کے رہنما اکمل خان کی درخواست پر بطور اعتراض کیس کی۔

لاہور ہائیکورٹ کا بڑا فیصلہ، ٹائم سکیل پروموشن کی واپسی غیر قانونی قرار

اساتذہ سمیت سرکاری ملازمین کی اپ گریڈیشن بحال کرنے ، مالی فوائد ادا کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی)لاہور ہائیکورٹ نے سرکاری ملازمین، خصوصاً اساتذہ اور ڈائریکٹرز فزیکل ایجوکیشن کی ٹائم سکیل پروموشن کی واپسی کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے اہم تحریری فیصلہ جاری کر دیا ہے۔جسٹس راحیل کامران نے محمد سلطان شاہد سمیت دیگر درخواست گزاروں کی درخواستوں پر 13 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ سنایا، جسے عدالتی نظیر بھی قرار دیا گیا ہے۔عدالت نے اپنے فیصلے میں 30 جون 2025ء کو سیکرٹری خزانہ کی جانب سے جاری کردہ حکم کو کالعدم قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ ٹائم سکیل پروموشن واپس لینے کا اقدام قانون کے منافی تھا۔عدالت نے حکم دیا کہ تمام پٹیشنرز کی اپ گریڈیشن فوری طور پر بحال کی جائے اور انہیں تمام واجب الادا مالی فوائد بھی ادا کیے جائیں۔فیصلے میں عدالت نے اس بات پر زور دیا کہ وہ افسران جو مسلسل 10سال تک ایک ہی سکیل میں کام کرتے رہتے ہیں، انہیں ''اسٹیگنیشن'' کا شکار تصور کیا جائے گا۔عدالت کے مطابق ٹائم سکیل اپ گریڈیشن کا بنیادی مقصد ایسے ملازمین کو مالی ریلیف فراہم کرنا ہے

گرمی کی شدت مزید بڑھ گئی، شارٹ فال بھی 5700میگاواٹ سے تجاوز کرگیا، بدترین لوڈشیڈنگ

مختلف شہروں میں 6 سے 8، دیہی علاقوں میں 10 سے 12 گھنٹے تک بجلی کی بندش، پانی کی بھی شدید قلت

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت بالائی علاقوں میں گرمی کی شدت مزید بڑھ گئی جس کی وجہ سے بجلی کی طلب میں بھی اضافہ ہوگیا ،ملک بھر میں غیر لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے، بجلی کی بندش سے پانی کی قلت بھی پیدا ہونا شروع ہوگئی ۔ملک بھر میں توانائی کا بحران شدت اختیار کرگیا ہے۔ پاور ڈویژن ذرائع کے مطابق ملک میں بجلی کا شارٹ فال 5ہزار726 میگاواٹ تک پہنچ گیا ہے، بجلی کی پیداوار 14 ہزار 274 میگاواٹ جبکہ بجلی کی طلب 20 ہزار میگاواٹ ہے۔ملک میں پن بجلی کی پیداوار 1ہزار 530 میگاواٹ، تھرمل پیداوار 7ہزار 814 میگاواٹ ہے۔اس کے علاوہ ملک میں سولر پیداوار 450میگا واٹ، ونڈ انرجی کی پیداوار ایک ہزار 490 میگاواٹ، نیوکلیئر پیداوار 2ہزار 890 میگاواٹ ہے جبکہ بیاس پاور پلانٹ 100 میگاواٹ بجلی پیدا کر رہے ہیں۔دوسری جانب پاکستان میں ایل این جی امپورٹ صفر ہونے سے ایل این جی پاور پلانٹس سے بجلی کی پیداوار رک گئی ہے۔

لاہور،مختلف واقعات میں تین افراد جاں بحق

لاہور(این این آئی) لاہور کے علاقے لوئر مال میں پیش آنے والے افسوسناک واقعات میں تین افراد زندگی کی بازی ہار گئے۔ایدھی ترجمان کے مطابق لوئر مال ابراہیم روڈ 35 سالہ شخص جاں بحق ہوا جو کہ مرگی کے مرض میں مبتلا تھا، رات گئے اپنے سسرال گیا جہاں واش روم میں اسے مرگی کا دورہ پڑا جو جان لیوا ثابت ہوا۔ اہل خانہ کے مطابق واقعہ اچانک پیش آیا۔ضروری کارروائی اور بیانات قلم بند کرنے کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی، متوفی سبزہ زار کا رہائشی تھا، جس کی میت کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے آبائی گھر منتقل کیا گیا۔

اللہ تعالی نے پاکستان کو ایک باوقار مقام عطا کیا قوم شکرگزار ہے، عابد شیر علی

امن سفارت کاری میں پاکستان کو عالمی سطح پر غیر معمولی پذیرائی ملی ہے، قیادت نوبل انعام کی حقدار ہے

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سابق وزیر مملکت سینئر چوہدری عابد شیر علی نے کہا ہے کہ امن سفارت کاری میں عالمی منظرنامے پر پاکستان کو حالیہ دنوں میں جو غیر معمولی عزت، وقار اور سفارتی اہمیت حاصل ہوئی ہے وہ ملکی قیادت کی انتھک محنت اور موثر پالیسیوں کا نتیجہ ہے جس کے سبب پاکستان ایک ذمہ دار اور باوقار ریاست کے طور پر دنیا کے سامنے ظاہر ہوا ہے۔اس تاریخی کامیابی پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار مبارکباد کے مستحق ہیں اور انہیں امن کے نوبل انعام کے لیے نامزد کیا جانا چاہیے۔فیصل آباد پریس کلب کے دورے کے دوران میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے ماضی میں بعض عالمی قوتیں اور خصوصا بھارت پاکستان کو سفارتی سطح پر تنہا کرنے کی کوششیں کرر ہا تھا

کراچی: آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی زیر صدارت کچے کے علاقوں میں جدید پولیس انفرااسٹرکچر کے قیام اور آپریشنل صلاحیتوں کو مزید موثر ومستحکم بنانے کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہو رہا ہے۔

پیٹرول کوٹہ مختص کرنے کیلئے ڈیجیٹل فیول مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کیلئے اہم پیشرفت

پیٹرول پمپس اسٹاف کو فیول مینجمنٹ سسٹم، فیول ایپ پر تربیت دی جارہی ہے

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے ڈیجیٹل فیول مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کے سلسلے میں 12 ہزار پیٹرول پمپس کے لئے 24 ہزار موبائل ڈیوائسز کی خریداری مکمل کرلی گئی۔موبائل فونز اوگرا کے ذریعے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے حوالے کردیئے گئے۔ذرائع پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق ڈیجیٹل فیول مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کے لئے موبائل فونز اوگرا کے ذریعے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے حوالے کردیئے گئے، فیول پارکنگ ایپ اوگرا ڈیجیٹل سسٹم سے منسلک کردی گئی۔درآمد و برآمد شدہ پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے ہوگی، پیٹرولیم مصنوعات کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزی، اسمگلنگ روک تھام ممکن ہوسکے گی، پیٹرولیم مصنوعات کے اسٹاک اور ترسیل خرید و فروخت مانیٹر کی جاسکے گی۔پیٹرول پمپس سٹاف کو فیول مینجمنٹ سسٹم، فیول ایپ پر تربیت دی جارہی ہے۔وزارت آئی ٹی، این آئی ٹی بی، اوگرا کی جانب سے ٹریننگ دی جارہی ہے، وزیراعظم یوتھ پروگرام کے رضا کار بھی تربیت دینے کے عمل میں شریک ہیں۔

ڈیڑھ ماہ میں عوام سے پیٹرولیم لیوی کی مدمیں 180ارب وصول کئے گئے

لاہور(این این آئی)مشرق وسطی جنگ کے بعد نان ٹیکس ریونیو کی وصولی بڑھ گئی۔گزشتہ مالی سال کے مقابلے پیٹرولیم لیوی کی مدمیں 400 ارب روپے کا اضافہ ہوا۔صرف مارچ 2026ء میں گزشتہ مالی سال کی نسبت 52ارب روپے اضافی لیوی جمع ہوئی۔وزارت خزانہ کے حکام کے مطابق صارفین سے گزشتہ ڈیڑھ ماہ میں پیٹرولیم مصنوعات پر180ارب روپے اضافی لیوی وصول کی گئی۔جولائی سے اپریل کے وسط تک ایک ہزار 234ارب روپے لیوی لی گئی۔

تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ برخبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: مرزا احماد علی
powerofpakistannewsagency.online

ڈیزائننگ
EDDITION

اسپیشل ایڈیشن
SPECIAL EDITION

POAF انٹرنیشنل اوورسیز پاکستانیز کا جلیانی میں شاندار استقبال، ڈھول کی تھاپ پر پھولوں کی بارش

چوہدری محمد اکرم منہاس کے وفد کا جلیانی میں قافلے کی صورت میں خیر مقدم، ظہرانے کی تقریب

جلیانی: اوورسیز پاکستانیز کے وفد کا روایتی پنجابی کلچر میں پرتپاک استقبال

POAF وفد: جلیانی کے عزیز و اقارب نے ڈھول اور پھولوں سے کیا استقبال، خدمت خلق کے عزم کا اعادہ

POAF انٹرنیشنل اوورسیز پاکستانیز کے وفد کا جلیانی میں زاہدالحسن کھٹانہ، زرار اسلم، چوہدری ندیم اصغر، مرزا آفاق علی مرزا احماد علی، سنی چوہدری، حسن نواز و برادران و دیگر اہل دیہہ و عزیز و اقارب نے اپنے روائتی انداز میں ڈھول کی تھاپ پر پھولوں کی بارش سے مرزا آفاق بلڈنگ میٹریل سٹور پر استقبال کیا اور ٹھنڈے مشروبات سے مہمانوں کی تواضع کی۔ اوورسیز پاکستانیز کے مزید ممبران نے وفد میں شمولیت فرمائی اور قافلے کی صورت میں بڑی تعداد میں چوہدری افتخار حاکم و فیملی کے ڈیرے پر پہنچے جہاں پھر روائتی انداز سے پنجاب کے مخصوص کلچر کے عین مطابق ڈھول کی تھاپ پر پھولوں کی برسات میں بڑی تعداد میں موجود عزیز و اقارب اور چودری شہزاد دیونا چیئرمین چودری احسان اللہ ڈوگا چیئرمین نندوال چوہری برکت علی ریٹائرڈ انسپیکٹر چودری یاسر و رکت ایڈوکیٹ چوہری محمد احسن چنی چوہدری اسد خان چنی سید مظہر حسین شاہ ٹبہ حامد شاہ سید علی نقی شاہ ٹبہا مد شاہ چوہدری اویس افضل کوٹ بیلا چوہدری ذاکر حسین جلیانی سید سحر عباس کوٹ بیلا سید توقیر حسین شاہ صدری چوہدری شبیر حسین شانی نکوانی چوہدری مظہر گورسی میاں خالد محمود میاں عارف حسین میاں عرفان الحق چوہدری خالد حسین وڑیچ چوہدری علی حسن چودری رفیق مہر چودری عابد حسین نمبردار نے استقبال کیا گیا۔ اس کے بعد لذیز اور نفیس قسم کا ظہرانہ دیا گیا اور ایک خوبصورت طرز تکلم سے مقررین نے انتہائی اختصار مگر جامع انداز سے پی او اے ایف انٹرنیشنل کے صدر چوہدری محمد اکرم منہاس و دیگر زمہ داران اور IPCIH کے مشن کی تکمیل کے لئے اپنے عزم صمیم کا اعادہ کیا اور خدمت خلق کے اس جزبے کو مزید مفید بنانے کے لئے مل کر مزید تیزی سے کام کرنے بارے اپنے جزبات کا اظہار کیا اعجاز علی چیئرمین صاحب نے خصوصی معاونت کی یقین دہانی کروائی اور نیک دعاوں کے ساتھ تقریب اختتام پزیر ہوئی۔ اس سے قبل پروٹوکول آفسران و جوانوں کا محمد اشرف منہاس نے POAF کی جانب سے خصوصی شکریہ ادا کیا اور اختتام پر چوہدری محمد شہزاد صاحب نے آنے والے سبھی مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

امریکی تجاویز مسترد

ایران نے جنگ بندی کے لئے امریکہ کی تجاویز کا جائزہ لینے کے بعد انہیں مسترد کر دیا ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق ایک سینئر عہدیدار نے کہا کہ جنگ بندی کا فیصلہ ایران کی پیش کی گئی شرائط پر ہوگا، اِس سے پہلے یہ ممکن نہیں۔ اُنہوں نے امریکی تجویز کو غیر متوازن اور حد سے زیادہ مطالبات پر مبنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ فیصلہ ایران خود کرے گا اور اس سے پہلے کسی قسم کے مذاکرات نہیں ہوں گے، اس کے مطالبات اور شرائط کو تسلیم نہ کرنے تک فوجی دفاعی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ایران کی پیش کردہ پانچ شرائط میں یہ شامل ہے کہ اِس پر ہونے والے حملے اور اہم عہدیداران کی ٹارگٹ کلنگ فوری طور پر بند کی جائے، آئندہ کسی بھی جارحیت سے باز رہنے کی ٹھوس ضمانت فراہم کی جائے، جنگ کے نتیجے میں ایران کو ہونے والے نقصانات کا ازالہ معاوضے کی صورت میں کیا جائے، مشرقِ وسطیٰ میں ایران کے اتحادی یا حمایت یافتہ گروہوں کے خلاف فوجی کارروائیاں روکی جائیں اور آبنائے ہرمز پر ایران کے اختیار کو تسلیم کیا جائے۔ یاد رہے کہ ایران کا یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب ایک اور ایرانی عہدیدار نے تصدیق کی تھی کہ پاکستان نے امریکہ کی جنگ بندی کی تجاویز ایران تک پہنچا دی ہیں اور مذاکرات کی میزبانی پاکستان یا ترکیہ کے حصے میں آ سکتی ہے۔ مصری وزیر خارجہ نے میڈیا سے گفتگو میں ایران کی طرف سے امریکی تجاویز مسترد کیے جانے پر ردِعمل دیتے ہوئے کہا کہ ثالث اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، یہ معاملہ سفارت کاری اور مذاکرات کا ہے، ایران کے لئے امریکی منصوبے کی وضاحت نہیں کر سکتے۔

امریکہ کی طرف سے پیش کی گئی پندرہ تجاویز کی مکمل تفصیلات تو منظرِ عام پر نہیں آئیں لیکن جو شرائط سامنے آئیں ان میں ایران کو کسی بھی قسم کی جوہری صلاحیت کی اجازت نہ دینا اور اِس کے میزائل پروگرام خصوصاً بیلسٹک میزائلوں کو محدود یا ختم کرنا شامل تھا۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان کیرولین لیوٹ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والا 15 نکاتی منصوبہ 'قیاس آرائی' پر مبنی ہے اور پاکستان میں امریکہ ایران مذاکرات پر قیاس آرائیوں کو سرکاری مؤقف نہ سمجھا جائے۔ واشنگٹن میں پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات کا عمل جاری ہے، صدر ٹرمپ فوجی کارروائی سے قبل سفارت کاری کو پہلا آپشن سمجھتے ہیں تاہم وہ طاقت کے استعمال سے نہیں ڈرتے، ضرورت پڑی تو ایران کو "20 گنا زیادہ" شدید حملوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، ایران سے متعلق تمام آپشن بدستور میز پر موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران سے کون مذاکرات کر رہا ہے اِس بارے میں وہ نہیں بتا سکتیں لیکن یہ ضرور کہہ سکتی ہیں کہ ایران نے شکست تسلیم نہ کی تو ٹرمپ اُنہیں مزید نقصان پہنچانے کے لئے تیار ہیں۔ صدر ٹرمپ دھمکیاں نہیں لگاتے، ایران غلط اندازے نہ لگائے، پہلے ہی غلط اندازے لگانے پر ایران کی لیڈرشپ، نیوی، ایئر فورس سب کو ختم کر دیا گیا، اب سے آگے جنگ اِس لئے ہوگی کہ ایران سمجھنے سے انکاری ہے، ایران سے متعلق بات چیت میں جے ڈی وینس شامل رہے ہیں۔

پاسدارانِ انقلاب کے ترجمان نے اپنے بیان میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مذاکرات کے دعوے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ امریکی صدر ٹرمپ اپنی ناکامی کو معاہدہ نہ کہیں، اُن کے اندرونی اختلافات اِس نہج کو پہنچ چکے ہیں کہ وہ خود ہی سے مذاکرات کر رہے ہیں۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ ایران کی مرضی کے بغیر تیل کی پرانی قیمتیں واپس آئیں گی اور نہ ہی پرانا نظام، ایران کے خلاف کارروائی کا خیال ختم ہونا چاہئے، پہلی اور آخری بات یہی ہے کہ وہ امریکہ کے ساتھ نہیں چل سکتے۔ اس سب کے باوجود امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ مصر ہیں کہ ایران جوہری ہتھیار نہ بنانے پر رضا مند ہے، ایران میں نئی قیادت معاہدہ کرنے جا رہی ہے۔ اس کے بعد پھر ریپبلکن فنڈ ریزنگ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مشرقِ وسطیٰ میں امریکی کامیابی کا دعویٰ دہرایا اور کہا کہ پس پردہ مذاکرات جاری ہیں اور ایران جنگ بندی کا خواہاں ہے، مگر اپنے عوام کے خوف کے باعث کھل کر بات نہیں کر رہا۔

ایک طرف امریکہ ایران کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہا ہے اور دوسری طرف ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایرانی سرزمین یا جزائر پر حملے نہ روکے گئے یا کسی نئی جارحیت کی کوشش ہوئی تو وہ آبنائے باب المندب کو بند کرنے جیسے اقدامات سے بھی گریز نہیں کرے گا۔ یاد رہے کہ آبنائے باب المندب کا شمار بھی دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں ہوتا ہے جو بحیرہ احمر کو خلیج عدن اور بحرِ ہند سے ملاتی ہے اور عالمی تجارت کے لئے انتہائی اہم راستہ سمجھی جاتی ہے۔ حالیہ برسوں میں یمن کی خانہ جنگی اور بحیرہ احمر میں جہازوں پر حملوں کے باعث اِس گزرگاہ کی سیکورٹی عالمی توجہ کا مرکز بنی رہی۔ تجزیہ کاروں کے مطابق ایران کے حالیہ بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایران جنگ جاری رہنے کی صورت میں خطے میں کشیدگی کم ہونے کے بجائے مزید بڑھے گی جبکہ باب المندب کی بندش سے عالمی سطح پر جاری معاشی بحران مزید شدت اختیار کر سکتا ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ ایران نے مشرقِ وسطیٰ میں امریکی فوجی تعیناتیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سخت اور دوٹوک ردِعمل دیا۔

بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق امریکہ مشرقِ وسطیٰ میں مزید دو ہزار فوجی بھیج رہا ہے جن میں ایئر بورن ڈویژن کے ایک ہزار سے زائد اہلکاروں کی تعیناتی بھی متوقع ہے، اِس کے علاوہ دو میرین یونٹس بھی خطے میں بھیجے جا رہے ہیں جس سے قریباً پانچ ہزار میرینز اور ہزاروں سیلرز کی موجودگی میں اضافہ ہوگا۔

اسرائیلی میڈیا کے مطابق مذاکرات کی خبریں اِس بات کا اشارہ ہو سکتی ہیں کہ امریکی صدر جنگ سے نکلنے کا راستہ تلاش کر رہے ہیں جس کا مطلب ہے کہ اسرائیل اور اُس کے سپر پاور اتحادی کے مقاصد اب جدا ہو رہے ہیں۔ اسرائیلی فوج کے سابق انٹیلی جنس افسر اور تل ابیب یونیورسٹی میں مرکز برائے مطالعہ فلسطین کے سربراہ مائیکل ملسٹین نے بی بی سی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کوئی معاہدہ نہیں چاہتے، ٹرمپ اور نیتن یاہو کے موقف میں ایک قسم کا تضاد ہے، اسرائیلی وزیراعظم جنگ جاری رکھنا چاہتے ہیں کیونکہ اُنہوں نے اپنی قوم سے وعدہ کیا تھا کہ یہ جنگ اسرائیل کو درپیش تمام خطرات ختم کر دے گی اور شاید ایران میں ایسے حالات بھی پیدا کر دے کہ وہاں حکومت تبدیل ہو جائے۔ اُن کے نزدیک اگر ٹرمپ واقعی اِس جنگ سے نکلنے کا راستہ تلاش کرنے میں سنجیدہ ہیں تو یہ صورتحال اسرائیلی وزیراعظم کے لئے بہت مشکل ہو گی۔ اگر مذاکرات ہوئے تو نیتن یاہو جنگ کو بڑھا نہیں سکیں گے اور وہ ٹرمپ سے یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ وہ اُن کے بغیر جنگ جاری رکھیں گے، اُنہیں یہ فیصلہ قبول کرنا ہی پڑے گا۔ ایسا ہوا تو نیتن یاہو اسرائیلی عوام یعنی اپنے ووٹرز اور اتحادیوں کا اعتماد کھو دیں گے۔

مشرقِ وسطیٰ میں جنگ کے باعث عالمی سپلائی چین شدید متاثر ہوئی ہے، سعودی وزیر خزانہ

امریکہ اور ایران دونوں کی طرف ہی سے سخت بیان سامنے آ رہے ہیں، دونوں حالتِ جنگ میں ہیں تاہم سفارت کاروں کے نزدیک ایسے وقت میں جب بھی سفارت کاری یا مذاکرات کی بات ہوتی ہے تو شروع میں ایسی ہی سخت شرائط اور مطالبات سامنے آتے ہیں تاہم مسلسل کوششوں سے کوئی نہ کوئی راستہ نکل آتا ہے۔ سب سے اہم بات تو مذاکرات کی میز پر آنے کی رضا مندی ہے، امریکہ اور ایران دونوں ہی کو حالات کی سنگینی کا ادراک کرنا چاہئے۔ دنیا کی معیشت جو پہلے ہی روس، یوکرین اور پھر غزہ کے باعث ہچکولے لے رہی تھی اب طوفان کی زد میں ہے۔ پاکستان سمیت وہ تمام ممالک بیچ بچاؤ کی کوشش کر رہے ہیں جو اِس جنگ سے متاثر ہو رہے ہیں۔ دونوں فریق کتنے ہی سخت بیانات کیوں نہ دیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ مذاکرات کا ڈول ڈالا جا چکا ہے، اُمید یہی کرنی چاہئے کہ بات چیت آگے بڑھے اور فوری جنگ بندی ہو، یہی سب کے حق میں بہتر ہے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر وایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

لان میں پرندوں کو دیکھ کر!

ایک عرصے سے میرا معمول ہے کہ میں ناشتے کے بعد باہر لان میں جا بیٹھتا ہوں۔ میرے گراؤنڈ فلور کے آگے پیچھے سات سات مرلے کے دو لان ہیں جن میں، میں نے بیٹھے، سنگترے، کینو، موسمّی اور چھوٹے بڑے بیروں (Cherries) کے درخت لگائے ہوئے ہیں جن میں موسمِ بہار میں پھل لگتا ہے۔ بیروں کا موسمِ بہار اپریل اور مئی میں آتا ہے اور باقی پھلدار درختوں میں فروری کے اواخر اور مارچ کے اوائل میں۔

میرا کام باہر بیٹھ کر پرندوں کا مشاہدہ کرنا ہے۔ ان پرندوں میں کوے، کبوتر، قمریاں، شارکیں، بلبلیں اور فاختائیں شامل ہیں۔ ان پرندوں میں غضب کی نفسیاتی پہچان موجود ہے۔ ان کو معلوم ہے کہ ایک شخص ایک مقررہ وقت پر ایک کرسی پر آ بیٹھتا ہے، اس لئے وہ اس منظر کو روزانہ کا ایک معمول سمجھ کر انسانی خوف سے ماوراء ہو جاتے ہیں۔ میرے علاوہ اور جو شخص بھی باہر نکل کر لان میں آتا ہے تو یہ پرندے فوراً اڑ جاتے ہیں لیکن مجھے بیٹھا دیکھ کر شاید ان کی "حرکتِ پرواز" سلب ہو جاتی ہے یا پھر کوئی ان میں اندرونی میکانزم ایسا موجود ہے جو انسانوں کی شکلوں کو پہچان لیتا ہے وگرنہ مجھے بیٹھا دیکھ کر ان کا یوں "بے نیاز" ہو جانا اور کسی دوسرے شخص کی آمد و رفت کا فوری نوٹس لینا چہ معنی دارد؟

پشین میں رشتے کے تنازع پر مسلح افراد کی گھر میں گھس کر فائرنگ، خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق

جو پرندے میرے 60 فٹ x15 فٹ لان پر سبز گھاس میں آتے جاتے ہیں ان میں کوے، کبوتر، شارکیں، چڑیاں، فاختائیں اور بلبلیں شامل ہیں۔ بلبل ایک ایسا خوبصورت اور رنگدار پرندہ ہے جو میرے لئے از بس وجہِ حیرانی ہے۔ اس کا سارا جسم کالا، دونوں پروں کے عین بیچ میں سفید رنگ کے پروں کی ایک لکیر اور دُم بالکل سرخ رنگ کی ہوتی ہے۔ ان پرندوں کی نگاہوں کی تیزی و تندی کا اندازہ اس بات سے لگایئے کہ وہ زمین پر پڑے ہر حجم کے دانے کی تاثیر تک جانتے ہیں۔

میری کرسی سے 12، 15 فٹ کے فاصلے پر دانہ دنکا رکھا ہوا ہوتا ہے جس پر چڑیوں کے جھرمٹ ہر وقت موجود رہتے ہیں ان کے دانوں کے برتنوں کو دن میں دو بار بھرا جاتا ہے اور وہ زیادہ سے زیادہ دو گھنٹوں میں خالی ہو جاتے ہیں............

متحدہ عرب امارات کی مختلف ریاستوں میں بارش اور ژالہ باری کے بعد سیلابی صورتحال، سڑکیں تالاب بن گئیں

کہا جاتا ہے کہ اقبال بچپن میں کبوتر بازی کا شوق رکھتے تھے۔ ان کے گھر کی چھت پر کبوتروں کا ایک جنگلا سا بنایا ہوا ہوتا تھا جو اقبال کی توجہ کا مرکز تھا۔ ان کے کئی اشعار میں پرندوں کی عادات و خصائص کا پتہ چلتا ہے۔ مثلاً ایک نظم کا عنوان ہے: "پرندے کی فریاد"............ یہ نظم اگرچہ بچوں کے لئے لکھی گئی ہے لیکن علامہ نے اس کو بانگِ درا میں شامل کرنا مناسب سمجھا ہے۔ اس کے یہ اشعار قابلِ توجہ ہیں:

لگتی ہے چوٹ دِل پر آتا ہے یاد جس دم
شبنم کے آنسوؤں پر کلیوں کا مسکرانا

اسرائیلی فوج اندرونی طور پر ٹوٹ جائے گی ※ ریزرو فوجی مزید نہیں لڑ پائیں گے: اسرائیلی آرمی چیف کی وارننگ

آزاد مجھ کو کر دے او قید کرنے والے
میں بے زباں ہوں قیدی تو چھوڑ کر دعا لے

اس سے اگلی نظم کا عنوان ہے: "خفتگانِ خاک سے استفسار"۔

جس قدر پرندے کی فریاد سادہ اور آسان زبان میں ہے، اسی قدر مشکل اگلی نظم (خفتگانِ خاک سے استفسار) کی زبان ہے۔ ان دونوں نظموں کا یکے بعد دیگرے دینا، اقبال کے حسنِ ترتیب کا آئینہ دار ہے۔

میں لان میں بیٹھا پرندوں کا مشاہدہ کرتا ہوں تو اقبال کی وہ تمام نظمیں ذہن میں گھومنے لگتی ہیں جن میں مختلف پرندوں کی عادات اور ان کے خصائل کا ذکر ہے۔ جنگلی کبوتر، فاختائیں، عندلیبیں، قمریاں اور مختلف رنگ و نسل کی چڑیاں میرے اس لان میں لگے دس بارہ درختوں کی کلیوں اور پھلوں پھولوں پر آ کر مجھے نہ صرف ایک فرحت بخش احساس سے ہمکنار کرتی ہیں بلکہ کارخانہء قدرت کی ہمہ رنگی میں پرندوں کی آمیزش کا ایک گہرا تاثر بھی دل و دماغ پر منتقل کر دیتی ہیں۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن کی لاہور کے مقامی ہسپتال میں کامیاب سرجری

ایک اور بات جو میرے لئے سببِ حیرت بنتی ہے وہ ان پرندوں کی آنکھوں کا سائز اور ان کی نظر کی دوری کا حیران کن امتزاج ہے۔ کسی ہڈی کا کوئی ٹکڑا اگر لان میں پڑا ہو تو دور آسمان پر اڑتی چیلوں کی نگاہیں اس پر مرکوز ہو جاتی ہیں۔ کئی بار میرے سامنے آسمان سے اڑتی چیل نے غوطہ لگا کر زمین پر پڑی ہڈی کو چونچ میں دبوچا اور اڑ گئی ہے!

جنگلی کبوتروں کے نر اور مادہ کا ملاپ اگرچہ ان کے گھونسلوں میں ہوتا ہوگا جو مکان کے اوپر دیواری روشندانوں کی منڈیروں پر بنے ہوئے ہیں لیکن نر کبوتر کا مادہ کبوتر کے گرداگرد پھیرے لینا اور دانہ دنکا سے بے نیاز ہو جانا فطرت کی جنسی صناعی کا ایک بے مثال نمونہ ہے اس کو دیکھنے کے لئے صرف "دیدۂ بینا" شرطِ اول ہے۔

ٹرمپ نے اپنی گفتگو میں ایک بار پھر پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف کا ذکر کر ڈالا

ان پرندوں کی حسِ سماعت بھی دامنِ توجہ کھینچتی ہے۔ کہیں آس پاس کے مکانوں سے اگر ذرا سی بلند آواز نکلنا شروع ہو تو ان پرندوں کو سب سے پہلے خبر ہو جاتی ہے اور وہ چشم زدن میں "پُھر" سے اُڑ جاتے ہیں!

ایک اور چیز جو میں نے بطورِ خاص نوٹ کی ہے وہ ان کی "سیر چشمی" ہے۔ میری مراد اس سے یہ ہے کہ ہر پرندے نے صرف اتنا دانہ دنکا ہی کھانا ہے جتنا اس کی شکم کی ضرورت ہے۔ اس لان کے آخری سرے پر دانوں کے تین برتن رکھے ہوئے ہیں اور تیسرا برتن پانی سے لبالب بھر دیا جاتا ہے۔ پرندے دانہ کھانے کے بعد پیاس بجھانے کا "اہتمام" بھی کرتے ہیں۔

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث عالمی سپلائی چین شدید متاثر ہوئی ہے، سعودی وزیر خزانہ

ایک اور چیز جو میں نے نوٹ کی ہے وہ پرندوں کی "یگانگت" ہے۔ سارے پرندے ایک ہی برتن سے دانہ اٹھاتے اور کھاتے ہیں لیکن کوئی پرندہ دوسرے پرندے کو دانہ کھانے سے نہیں روکتا............ یہ روک ٹوک صرف انسانوں میں ہے۔ ایک انسان دوسرے کو کھاتا پیتا دیکھ کر تاسف یا عدم یگانگت کا اظہار ضرور کرتا ہے۔ ایک ہمسایہ دوسرے ہمسائے کے گھر کی رونقیں دیکھ کر دل ہی دل میں جلتا ہے۔ "جلنے" کی یہ دوڑ پرندوں میں نہیں۔ وہ مل جل کر رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ کوا بڑا حریص جانور ہے لیکن یہ بھی جب تک اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو اپنے پاس بلا نہیں لیتا تب تک کائیں کائیں کرتا رہتا ہے، یہ "کائیں کائیں" ایک ڈھنڈورہ ہے جو اس لئے پیٹا جاتا ہے کہ "آؤ اکٹھے مل کر کھاتے ہیں"۔

میری ایمانداری، میری مرضی

کچھ عرصہ پہلے ایک نعرہ چلا تھا، میرا جسم میری مرضی، وہ بُری طرح پٹ گیا، اب کوئی اِس کا نام بھی نہیں لیتا، البتہ ایک نعرہ کہیں یا رویہ، بہت مستعمل ہے اور عام بھی اور وہ ہے میری ایمانداری میری مرضی اگر اس نعرے کی بنیاد پر دیکھیں تو دنیا میں ہم جیسا ایماندار کوئی معاشرہ نہیں، کیونکہ شہر کا شہر ایماندار بنا پھرتا ہے، کوئی ایک بھی ایسا نظر نہیں آتا، جسے غیر ایماندار قرار دیا جا سکے، تو پھر یہ افراتفری کیسی ہے، جس نے معاشرے کو گھیر رکھا ہے۔ ہر شخص دوسرے سے خوفزدہ کیوں ہے کہ کہیں میں اس کے ہاتھوں لٹ نہ جاؤں، یہ مجھے دھوکہ نہ دیدے، ایماندار معاشرے میں تو بھروسہ سب سے بڑی طاقت ہوتا ہے، یہاں بھروسے کو ڈھونڈنے کی کوشش کریں تو دور و نزدیک بندہ نہیں ملتا، اسے بدقسمتی کہیں یا ہماری جہالت۔ ایک ارفع و اعلیٰ دین کے وارث ہونے کے باوجود ہم قسمیں کھاتے، قرآن اٹھاتے ہیں کہ دوسرا ہماری بات پر یقین کرے المیہ یہ ہے کہ وہ پھر بھی نہیں کرتا، یہ گورکھ دھندہ ہم نے کیوں پالا ہوا ہے اس کا نقصان کسی ایک کو تو نہیں ہوتا، اگر آج میں کسی کو دھوکہ دیتا ہوں، اپنے مفاد کے لئے اُس کے اعتماد کو نقصان پہنچاتا ہوں تو کل مجھے بھی تو اسی کا سامنا کرنا پڑے گا یہ تو ایک دائرہ ہے جو کسی کو بھی لپیٹ میں لے سکتا ہے، اردگرد دیکھتا ہوں تو نجانے کتنے ہی واقعات ذہن میں آ جاتے ہیں۔ چھوٹی سطح سے لے کر بڑی سطح تک ایک جمعہ بازار ہے، جس میں لالچ، طمع، دھوکہ دہی، وعدہ خلافی، بے ایمانی اور اپنے مفادات کی اندھی دوڑ نظر آتی ہے۔ میں نے چند روز پہلے ایک پلمبر بلایا، گھر کا کچھ کام تھا، جو اُس سے کرانا تھا، اُس نے کہا کچھ چیزیں بازار سے لانا پڑیں گی، باقی میں ٹھیک کر دوں گا۔ میں نے مزدوری کا پوچھا، اُس نے بتائی، اُس نے کہا پیسے دیں میں سامان لے آؤں۔ وہ پیسے لے کر چلا گیا۔ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے بعد وہ پندرہ ہزار روپے مالیت کا مختلف سامان لے کر آ گیا۔ میں نے کہا رسید کہاں ہے، اُس نے سادہ کاغذ پر بنی ہوئی رسید تھما دی، میں نے پوچھا کیا یہ کوئی چھوٹی سی دکان تھی جس کا نام اور پیڈ بھی نہیں تھا۔ اُس نے کہا آج کل دکاندار پکی رسید نہیں دیتے اس لئے سادہ کاغذ پر بنا دی ہے، کیونکہ رسید دیتے تو اس پر ٹیکس بھی لگ جانا تھا۔ خیر میں نے کہا لگاؤ انہیں اور پانی چالو کرو، اُس نے دو گھنٹے بعد بتایا کام مکمل ہو گیا ہے۔ میں نے مزدوری دی اور وہ چلا گیا، جاننے والا تھا، پہلے بھی آتا تھا۔ میں کچھ سبزی وغیرہ خریدنے کے لئے قریب ہی بازار گیا تو وہاں ایک سینٹری کی دکان تھی، میں نے اُسے سامان کی رسید دکھائی اور پوچھا، یہ دستیاب ہیں، اُس نے رسید دیکھی اور کہا مل جائیں گی، میں نے پوچھا کتنے کی ملیں گی، اُس نے کیلکولیٹر سے حساب لگایا اور کہا نو ہزار روپے میں مل جائیں گی، مجھے ایک جھٹکا لگا، کیونکہ پلمبر نے انہی چیزوں کے 16 ہزار روپے وصول کئے تھے، گھر آیا بیوی کو بتایا تو اُس نے کہا اور بنو نواب اور گھر بیٹھ کے آرڈر چلاؤ، ایسا تو پھر ہوگا ہی۔

یہ ایک واقعہ نہیں ایسے اَن گنت واقعات آپ کی زندگی میں بھی آئے ہوں گے۔ کل مرغی کا گوشت گھر منگوایا تو اُس نے تین کلو گوشت کے 2100 روپے مانگے، میں نے کہا کل تو گوشت 540 روپے کلو تھا، اُس نے کہا پٹرول مہنگا ہونے سے گاڑیاں نہیں چل رہیں سپلائی کم ہو گئی ہے، میں نے ایک دوسرے مرغی فروش کو فون کیا، اُس نے کہا ریٹ 570 روپے ہیں، کتنا بھیجوں، حالانکہ جو گوشت لے کر آ رہا تھا اس سے کئی برسوں سے خریداری جاری تھی، مگر اُس کے دِل میں بھی بے ایمانی کا کیڑا دانتوں کے کیڑے کی طرح لگ گیا۔ یہ مثالیں بہت چھوٹی ہیں تاہم یہ اس بات کو ظاہر کرتی ہیں کہ اس بیماری کی جڑیں کتنے نیچے تک جا چکی ہیں۔ جب بھی یہ خبر دیکھتا ہوں کہ محکمہ انٹی کرپشن کی ٹیم نے کسی کلرک، پٹواری یا سپرنٹنڈنٹ کو رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا اور دس یا پندرہ ہزار روپے بھی برآمد کر لئے، تو میری سوئی اس بات پر اڑ جاتی ہے، کیا اب پاکستان میں رشوت صرف دس پندرہ ہزار روپے تک رہ گئی ہے۔ یہ لاکھوں، کروڑوں اور اربوں روپے کی رشوت ستانی ختم ہو گئی ہے، پھر یہ بھی خیال آتا ہے کہ جس کلرک یا پٹواری کے رشوت لینے کی خبر انٹی کرپشن تک پہنچ جاتی ہے، اُس کی خبر محکمے کے سربراہ کو کیوں نہیں ہوتی۔ ڈپٹی کمشنر کے دفتر میں چھاپہ مار کر اگر کلرک گرفتار ہو سکتا ہے تو ڈی سی صاحب کیا کسی پی کر سوئے ہوئے ہیں کہ اُنہیں یہ علم نہیں ہوتا اُن کے ماتحت کیا گل کھلا رہے ہیں، یہ صرف کارروائیاں ہوتی ہیں اگر محکمہ انٹی کرپشن والے دو چار ایسے چھاپے نہ ماریں تو ان کی نوکری کا کیا جواز باقی رہ جائے، جو کروڑوں روپے محکمے پر خرچ ہوتے ہیں وہ تو سمجھو ضائع گئے۔ ہمارے ہاں ایمانداری بھی صرف اپنے مفاد میں کی جاتی ہے اگر ہم ایمانداری کے دعوؤں کو دیکھیں اور سرکاری ملازمت میں آنے سے پہلے اور بعد میں افسروں کا معیارِ زندگی چیک کریں تو حیرت ہوتی ہے صرف تنخواہ میں یہ اثاثے کیسے بن گئے، یہ بچے بیرون ملک پڑھنے کیسے چلے گئے، سرکاری گاڑیوں کے علاوہ یہ مہنگی گاڑیاں کیسے آ گئیں، لیکن آپ کسی بھی افسر کے دفتر چلے جائیں وہاں عملہ یہی کہتا نظر آئے گا افسر سخت ہے، زبان کا کڑوا، مگر ہے ایماندار، پھر آپ سوچیں کہ اس کے نیچے دفتر میں تو کرپشن کی گنگا بہہ رہی ہے، اس کی ایمانداری کیا صرف اس کی ذات تک محدود ہے۔

بات یہ ہے کہ بدقسمتی سے اس بے ایمانی نے ہمارے اندر یہ احساس پیدا کر دیا ہے کہ اس معاشرے میں زندہ رہنا ہے تو دولت مند بنو، یہ واحد گیدڑ سنگھی ہے جو یہاں ہر مرض کا علاج ہے۔ اچھا علاج کرانا ہو، قانون کو بے اثر بنانا ہو، جھوٹی شان و شوکت سے خود ہمکنار کرنا ہو حتیٰ کہ عوامی نمائندہ بھی بننا ہو، تو پیسے کی فراوانی ہونی چاہئے۔ اب ظاہر ہے یہ فراوانی حلال کمائی سے تو ممکن نہیں۔ ہمارے ایک سینئر کولیگ 20 ویں گریڈ میں ریٹائر ہوئے تو کرائے کے گھر میں رہ رہے تھے، ہم نے پوچھا حضرت اتنی لمبی سروس میں آپ ایک گھر نہیں بنا سکے، کہنے لگے تنخواہ تو ساری مکان کے کرائے، روٹی دال اور بچوں کی فیسوں میں خرچ ہو جاتی تھی جو تھوڑی بہت بچت کی وہ بیٹیوں کی شادیوں پر خرچ ہو گئی، اب بتاؤ گھر کیسے بنتا، تو صاحبو! یہ جو ملازمت کے دوران بنگلے، کوٹھیاں اور فارم ہاؤس بنا لیتے ہیں وہ جب پارسائی کا دعویٰ کرتے ہیں تو اس دعوے کی بنیاد بھی بے ایمانی پر ہوتی ہے۔

پاکستانی قیادت کو سلام



پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے پاکستان کا نام بلند کر دیا ہے۔ آج نہ صرف عالم اسلام بلکہ امریکہ، چین اور حتیٰ کہ اسرائیل بھی ہماری طرف دیکھ رہے ہیں کہ ہم اپنے ایرانی بھائیوں کو اس بات پر آمادہ کر لیں گے اور امریکہ اور اسرائیل کی مزید سبکی سے بچا لیں گے۔ گزشتہ دو تین برس سے پاکستان کی سول اور ملٹری لیڈرشپ نے خاموشی کے ساتھ دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اگر وزیراعظم شہباز شریف نے معاشی میدان میں اپنی محنت شاقہ سے پاکستان کو دیوالیہ ہونے سے بچایا ہے تو فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر نے بھارت کے غرور کو خاک میں ملا کر دنیا بھر میں پاکستانی فوج اور پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ آج ہر کوئی پاکستان کے گن گا رہا ہے اور پاکستان عالمی امن، عالمی معیشت اور مشرقِ وسطیٰ کے ممالک کی سلامتی کا ضامن بن چکا ہے۔ یہ مرتبہ بلند جسے ملا سو ملا والا معاملہ ہے۔

افسوس کی بات ہے کہ چند عاقبت نااندیش اور پیوستہ مفاد کے حامل عناصر نے پاک فوج اور پاکستان کے سیاستدانوں کو بدنام کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا، اس میں بھی شک نہیں ہے کہ یہ عناصر کسی حد تک نوجوان اور خواتین اذہان کو ورغلانے میں کامیاب بھی ہو گئے لیکن اس کے باوجود پاکستان کی اکثریت پاک فوج اور نون لیگ کی قیادت کے گن گاتی نظر آتی ہے کیونکہ ان دونوں قیادتوں نے پاکستان کو نہ صرف معاشی میدان میں بلکہ دفاعی اعتبار سے بھی ناقابل تسخیر بنایا ہے۔ مختار مسعود نے آواز دوست میں لکھا ہوا ہے کہ وہ سرحدیں مٹ جایا کرتی ہیں جن کو خون سے نہ سینچا جائے، پاک فوج کے جوانوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے کرۂ ارض پر ارض پاک کی سرحد کی لکیر کو امر کر دیا ہے اور اب مشرق و مغرب سے ہونے والی تمام تر سازشوں اور حملوں کے باوجود کوئی مائی کا لال پاکستان کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتا، اس لئے پاکستانی قیادت کو سلام تو بنتا ہے۔

افسوس اس بات کا بھی ہے کہ پاکستان کو اندر سے کھوکھلا کرنے، اسے تفریق اور تقسیم کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی، یہاں پر نفرت کے بیج بوئے گئے اور پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کا ٹھٹھہ لگانے کی بھرپور کوشش کی گئی، اس حوالے سے سوشل میڈیا کا بے دریغ استعمال کیا گیا جو سیاسی نابالغوں کے اذہان کو پراگندہ کرنے میں پیش پیش رہا، اس ضمن میں متاثرین سوشل میڈیا کی مثال ان منشیات کے عادی افراد سے دی جا سکتی ہے جو زمین پر ہوتے ہوئے بھی ذہنی طور پر خلاؤں میں پہنچے ہوئے ہوتے ہیں، انہیں زمینی حقائق سے کچھ لینا دینا نہیں ہوتا، وہ اپنی ہی دنیا میں مست رہتے ہیں اور ایک خیالی دنیا میں جیتے رہتے ہیں۔ ہمارے سوشل میڈیا کے رسیا بچے، جوان اور بوڑھے اور بوڑھیاں ایسی ہی ذہنی بیماری کا شکار ہو چکے ہیں اور کسی بھی صورت اس سے باہر نکلنے کو تیار نہیں ہیں، بقول محسن نقوی کے

یہ بزم مے ہے، جام جم نہیں
یہاں کوئی بھی کسی سے کم نہیں

ان سوشل میڈیا کے رسیا خواتین و حضرات نے امریکہ، اسرائیل اور ایران کی جنگ کے آغاز سے ہی حکومت کے خلاف تابڑ توڑ حملوں کا آغاز کر دیا تھا اور ہر دو صورت میں پاکستان کو ایران کا ساتھ نہ دینے پر نشانے پر رکھا ہوا تھا۔ وہ تو بھلا ہو ایرانی وزیر خارجہ کا کہ جنھوں نے اردو زبان میں ٹوئیٹ کر کے پاکستان کا شکریہ ادا کیا اور ان عاقبت نااندیشوں کے منہ بند کر دیئے۔ یہی نہیں بلکہ یہی وہ ہیں جو ہمارے عزیز از جان دوست سعودی عرب کے خلاف ہرزہ سرائی کرتے پائے گئے اور مفروضوں کے ایسے ایسے قلابے ملائے گئے کہ الامان والحفیظ، نوبت تو یہاں تک آن پہنچی ہے کہ سوشل میڈیا تو سوشل میڈیا، ان میں کئی ایک ذمہ دار افراد مین سٹریم الیکٹرانک میڈیا کے ٹاک شوز میں بیٹھ کر بھی سعودی عرب کے خلاف بدزبانی کرنے سے باز نہیں آتے ہیں۔ اپنے تئیں یہ صاحبان کروفر پاکستان کے مامے چاچے بنے ہوئے ہیں لیکن درحقیقت یہ لوگ اسی تھالی میں چھید کر رہے ہیں جس میں کھا رہے ہیں۔

ٹرمپ نے اپنی گفتگو میں ایک بار پھر پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف کا ذکر کر ڈالا

اب امریکہ کے ایران کے ساتھ مذاکرات کا جونہی ڈول ڈالا گیا تو ان کی شکلوں پر گھڑوں پانی پڑ چکا ہے اور یہ طبقے اب کھلی دشنام طرازی پر تیار نظر آتے ہیں لیکن اللہ جسے چاہتا ہے عزت سے نوازتا ہے اور ذلت تو ان لوگوں کا مقدر بن چکی ہے جو کبھی سیاسی مخالفین کے اے سی اتروانے کی باتیں کیا کرتے تھے اور ان پر جھوٹے منشیات کے مقدمات قائم کیا کرتے تھے۔ خیر پاکستان پوری آن بان اور شان کے ساتھ دنیا کی اقوام کے مسائل کے حل کے لئے اللہ کے حضور سربسجود ہو کر مقدور بھر کوشش کر رہا ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ پوری قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح پاکستان کی سول اور ملٹری قیادت کے شانہ بشانہ کھڑی نظر آنی چاہئے۔ ہونا تو یہ بھی چاہئے کہ اس وقت پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کے خلاف باتیں کرنے والوں کا حقہ پانی بند کیا جائے، ان کا سوشل بائیکاٹ کیا جائے تاکہ ان منافقت زدہ چہروں پر سے نقاب کھینچا جا سکے لیکن کیا کیا جائے پاکستانی ایک شریف قوم ہے اور ایسے شرپسندوں کی سازشوں کو خاموشی سے پینے کے عادی ہیں وگرنہ کیا پدی اور کیا پدی کا شوربہ کے مصداق ان بدقماشوں کو چھٹی کا دودھ یاد دلا دیا جاتا۔ ان کا ایک ہی حل ہے کہ ان کی تو تکار کو نظر انداز کر دیا جائے اور پوری قوت کے ساتھ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کو سپورٹ کیا جائے، ان کا حوصلہ بڑھایا جائے کہ قدرت خداوندی ان سے دنیا کی امامت کا کام لے رہی ہے۔

پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے پاکستان کا نام بلند کر دیا ہے۔ آج نہ صرف عالم اسلام بلکہ امریکہ، چین اور حتیٰ کہ اسرائیل بھی ہماری طرف دیکھ رہے ہیں کہ ہم اپنے ایرانی بھائیوں کو اس بات پر آمادہ کر لیں گے اور امریکہ اور اسرائیل کی مزید سبکی سے بچا لیں گے۔ گزشتہ دو تین برس سے پاکستان کی سول اور ملٹری لیڈرشپ نے خاموشی کے ساتھ دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اگر وزیراعظم شہباز شریف نے معاشی میدان میں اپنی محنت شاقہ سے پاکستان کو دیوالیہ ہونے سے بچایا ہے تو فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر نے بھارت کے غرور کو خاک میں ملا کر دنیا بھر میں پاکستانی فوج اور پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ آج ہر کوئی پاکستان کے گن گا رہا ہے اور پاکستان عالمی امن، عالمی معیشت اور مشرقِ وسطیٰ کے ممالک کی سلامتی کا ضامن بن چکا ہے۔ یہ مرتبہ بلند جسے ملا سو ملا والا معاملہ ہے۔

افسوس کی بات ہے کہ چند عاقبت نااندیش اور پیوستہ مفاد کے حامل عناصر نے پاک فوج اور پاکستان کے سیاستدانوں کو بدنام کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا، اس میں بھی شک نہیں ہے کہ یہ عناصر کسی حد تک نوجوان اور خواتین اذہان کو ورغلانے میں کامیاب بھی ہو گئے لیکن اس کے باوجود پاکستان کی اکثریت پاک فوج اور نون لیگ کی قیادت کے گن گاتی نظر آتی ہے کیونکہ ان دونوں قیادتوں نے پاکستان کو نہ صرف معاشی میدان میں بلکہ دفاعی اعتبار سے بھی ناقابل تسخیر بنایا ہے۔ مختار مسعود نے آواز دوست میں لکھا ہوا ہے کہ وہ سرحدیں مٹ جایا کرتی ہیں جن کو خون سے نہ سینچا جائے، پاک فوج کے جوانوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے کرۂ ارض پر ارض پاک کی سرحد کی لکیر کو امر کر دیا ہے اور اب مشرق و مغرب سے ہونے والی تمام تر سازشوں اور حملوں کے باوجود کوئی مائی کا لال پاکستان کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتا، اس لئے پاکستانی قیادت کو سلام تو بنتا ہے۔

افسوس اس بات کا بھی ہے کہ پاکستان کو اندر سے کھوکھلا کرنے، اسے تفریق اور تقسیم کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی، یہاں پر نفرت کے بیج بوئے گئے اور پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کا ٹھٹھہ لگانے کی بھرپور کوشش کی گئی، اس حوالے سے سوشل میڈیا کا بے دریغ استعمال کیا گیا جو سیاسی نابالغوں کے اذہان کو پراگندہ کرنے میں پیش پیش رہا، اس ضمن میں متاثرین سوشل میڈیا کی مثال ان منشیات کے عادی افراد سے دی جا سکتی ہے جو زمین پر ہوتے ہوئے بھی ذہنی طور پر خلاؤں میں پہنچے ہوئے ہوتے ہیں، انہیں زمینی حقائق سے کچھ لینا دینا نہیں ہوتا، وہ اپنی ہی دنیا میں مست رہتے ہیں اور ایک خیالی دنیا میں جیتے رہتے ہیں۔ ہمارے سوشل میڈیا کے رسیا بچے، جوان اور بوڑھے اور بوڑھیاں ایسی ہی ذہنی بیماری کا شکار ہو چکے ہیں اور کسی بھی صورت اس سے باہر نکلنے کو تیار نہیں ہیں، بقول محسن نقوی کے

یہ بزم مے ہے، جام جم نہیں
یہاں کوئی بھی کسی سے کم نہیں

ان سوشل میڈیا کے رسیا خواتین و حضرات نے امریکہ، اسرائیل اور ایران کی جنگ کے آغاز سے ہی حکومت کے خلاف تابڑ توڑ حملوں کا آغاز کر دیا تھا اور ہر دو صورت میں پاکستان کو ایران کا ساتھ نہ دینے پر نشانے پر رکھا ہوا تھا۔ وہ تو بھلا ہو ایرانی وزیر خارجہ کا کہ جنھوں نے اردو زبان میں ٹوئیٹ کر کے پاکستان کا شکریہ ادا کیا اور ان عاقبت نااندیشوں کے منہ بند کر دیئے۔ یہی نہیں بلکہ یہی وہ ہیں جو ہمارے عزیز از جان دوست سعودی عرب کے خلاف ہرزہ سرائی کرتے پائے گئے اور مفروضوں کے ایسے ایسے قلابے ملائے گئے کہ الامان والحفیظ، نوبت تو یہاں تک آن پہنچی ہے کہ سوشل میڈیا تو سوشل میڈیا، ان میں کئی ایک ذمہ دار افراد مین سٹریم الیکٹرانک میڈیا کے ٹاک شوز میں بیٹھ کر بھی سعودی عرب کے خلاف بدزبانی کرنے سے باز نہیں آتے ہیں۔ اپنے تئیں یہ صاحبان کروفر پاکستان کے مامے چاچے بنے ہوئے ہیں لیکن درحقیقت یہ لوگ اسی تھالی میں چھید کر رہے ہیں جس میں کھا رہے ہیں۔

ٹرمپ نے اپنی گفتگو میں ایک بار پھر پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف کا ذکر کر ڈالا

اب امریکہ کے ایران کے ساتھ مذاکرات کا جونہی ڈول ڈالا گیا تو ان کی شکلوں پر گھڑوں پانی پڑ چکا ہے اور یہ طبقے اب کھلی دشنام طرازی پر تیار نظر آتے ہیں لیکن اللہ جسے چاہتا ہے عزت سے نوازتا ہے اور ذلت تو ان لوگوں کا مقدر بن چکی ہے جو کبھی سیاسی مخالفین کے اے سی اتروانے کی باتیں کیا کرتے تھے اور ان پر جھوٹے منشیات کے مقدمات قائم کیا کرتے تھے۔ خیر پاکستان پوری آن بان اور شان کے ساتھ دنیا کی اقوام کے مسائل کے حل کے لئے اللہ کے حضور سربسجود ہو کر مقدور بھر کوشش کر رہا ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ پوری قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح پاکستان کی سول اور ملٹری قیادت کے شانہ بشانہ کھڑی نظر آنی چاہئے

آئی جی کی پہچان، اختیار نہیں ذمہ داری



پنجاب پولیس جیسے حساس اور کلیدی ادارے کی قیادت سنبھالنا محض ایک انتظامی ذمہ داری نہیں بلکہ ایک ایسا امتحان ہے جس میں پیشہ ورانہ صلاحیت، کردار کی مضبوطی اور فیصلہ سازی کی جرأت بیک وقت درکار ہوتی ہے۔ موجودہ آئی جی پولیس ان تمام اوصاف کا مجموعہ دکھائی دیتے ہیں۔ راقم کو ان سے طویل عرصے سے شناسائی کا موقع ملا ہے اور یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ وہ ان چند افسران میں سے ہیں جو عہدے سے نہیں بلکہ اپنی کارکردگی اور شخصیت سے پہچانے جاتے ہیں۔ آج جب لاہور میں پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے میچز کا انعقاد ہو رہا ہے تو سکیورٹی کے حوالے سے پنجاب پولیس کی تیاری ایک منظم اور مربوط حکمت عملی کا مظہر نظر آتی ہے۔ آئی جی پولیس کی قیادت میں نہ صرف کھلاڑیوں اور آفیشلز کی حفاظت کو یقینی بنایا گیا ہے بلکہ تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر کوآرڈینیشن بھی قائم کی گئی ہے۔ ایسے حالات میں جب خطے کی سکیورٹی صورتحال حساس ہو اور میچز شائقین کے بغیر کروانے کا فیصلہ کیا گیا ہو، پولیس کی ذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے۔ یہ امر قابلِ اطمینان ہے کہ فورس اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ تاہم ایک حقیقت یہ بھی ہے کہ ماضی میں اسی نوعیت کے سکیورٹی انتظامات کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اہم شاہراہوں کی طویل بندش، ٹریفک کا دباؤ اور روزمرہ زندگی میں خلل جیسے مسائل عوامی سطح پر بے چینی کا باعث بنتے رہے ہیں۔ یہی وہ پہلو ہے جہاں ایک مضبوط قیادت اپنی بصیرت کا مظاہرہ کرتی ہے۔ موجودہ آئی جی پولیس سے بجا طور پر یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ سکیورٹی کے تقاضوں اور عوامی سہولت کے درمیان ایک متوازن راستہ نکالیں گے تاکہ شہریوں کو غیر ضروری اذیت سے بچایا جا سکے۔ دوسری جانب، صوبہ بھر میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے خلاف جاری کارروائیاں ریاستی عملداری کو مضبوط بنانے کی ایک سنجیدہ کوشش ہیں۔ یہ ایک حساس معاملہ ہے جس میں قانون کی پاسداری کے ساتھ ساتھ انسانی وقار کو بھی ملحوظ رکھنا ناگزیر ہوتا ہے۔ پنجاب پولیس کی جانب سے اس عمل کو منظم انداز میں آگے بڑھانا اس بات کی علامت ہے کہ ادارہ اپنی ذمہ داریوں سے پوری طرح آگاہ ہے اور بین الاقوامی اصولوں کے دائرے میں رہتے ہوئے فیصلے کر رہا ہے۔ ادارے کے اندر میرٹ کی بالادستی کو یقینی بنانا بھی کسی بھی قیادت کا بنیادی امتحان ہوتا ہے۔ 129 انسپکٹرز کو ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی دینا اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ یہ اقدام نہ صرف اہل افسران کی حوصلہ افزائی کرتا ہے بلکہ پورے ادارے میں ایک مثبت پیغام بھی دیتا ہے کہ محنت اور دیانت کا صلہ ضرور ملتا ہے۔ مزید یہ کہ موجودہ آئی جی پولیس نے عہدہ سنبھالتے ہی بعض ایسے افسران کو تبدیل کیا جن کے رویوں میں غیر ضروری تکبر اور خودنمائی کا عنصر نمایاں تھا۔ یہ فیصلہ اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ نئی قیادت نظم و ضبط، جوابدہی اور قانون کی بالادستی پر کسی قسم کا سمجھوتہ کرنے کو تیار نہیں۔ ان کی شخصیت کا ایک نمایاں پہلو یہ بھی ہے کہ وہ اصولوں پر سختی سے قائم رہتے ہیں اور کسی بھی قسم کی سفارش یا ذاتی تعلق کو قانون سے بالاتر نہیں آنے دیتے۔ ان کی سادہ طرزِ زندگی اور پروٹوکول سے گریز بھی ان کی شخصیت کا ایک مثبت پہلو ہے۔ ایک ایسے عہدے پر فائز ہونے کے باوجود جہاں نمود و نمائش عام سی بات ہے، ان کا غیر رسمی انداز اپنانا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اختیار کو ذمہ داری سمجھتے ہیں، استحقاق نہیں۔ آخرکار، ایک مضبوط اور مؤثر پولیسنگ اسی وقت ممکن ہے جب قیادت واضح وژن، غیر متزلزل اصولوں اور عوامی احساسِ ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھے۔ موجودہ آئی جی پولیس میں یہ تمام خصوصیات بدرجہ اتم موجود دکھائی دیتی ہیں۔ اگر یہی تسلسل برقرار رہا تو بعید نہیں کہ پنجاب پولیس نہ صرف اپنی پیشہ ورانہ ساکھ کو مزید مستحکم کرے گی بلکہ عوام کے اعتماد پر بھی پورا اترے گی۔

اللہ کی رسی مسلم دنیا کے انتظار میں!

یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا کہ سالِ رواں 2026ء کے وسط میں دنیا کی ایک بڑی ایٹمی قوت امریکہ کی دامے درمے، سخنے، قدمے اور باقاعدہ کھلے عام پشت پناہی پر صہیونی ریاست اسرائیل کے اسلامی ملک ایران پر حملوں سے مشرقِ وسطیٰ کے تمام مسلم ممالک کے حال و مستقبل کس حد تک متاثر ہوں گے اور ان کی بقاء کو ممکنہ خطرات درپیش ہو سکتے ہیں جن سے عہدہ برآء ہونے کے لئے کرہ ارض کی مسلم دنیا کو ایک دوسرے کے بارے میں تحفظات کو فراموش کر کے یکجا ہو کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامنا ہوگا۔

اس حقیقت کو فراموش کرنا بلی کا کبوتر کو دیکھ کر آنکھیں بند کر لینے کے مترادف ہے کہ امریکہ اسرائیل کے ایران پر جدید ترین ہتھیاروں سے حملوں نے ایک براعظم سے مشرقِ وسطیٰ کے وسیع و عریض خطے میں رقصِ ابلیسی کی سی صورتحال حال پیدا کر رکھی ہے جس کے تباہ کن اثرات سے اردگرد کے وسیع علاقوں کے ممالک بھی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، بدقسمتی سے ان میں ارضِ وطن پاکستان بھی شامل ہے۔ اس کی قومی معیشت پر جو اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں پاکستان کے عوام کو معاشی بدحالی میں دھکیل دیا ہے۔ رونا اس بات کا ہے کہ اس صورتحال میں ملک کے کروڑوں عوام براہِ راست اس حد تک متاثر ہوئے ہیں ان سبھی میں بدترین اقتصادی مسائل کے ہونے پر صفِ ماتم کی سی حالت ہے۔

اس حوالے سے اعلیٰ ترین مخصوص اشرافیہ اور خیبر سے کیماڑی، بولان تک کے کروڑوں عوام میں معاشی تفاوت کی صورتحال اس بات سے واضح ہو جاتی ہے اور اخباری رپورٹ کی روشنی میں زبانِ زدِ عام ہو چکی ہے کہ پنجاب میں قریباً 30 ہزار سرکاری گاڑیاں زیر استعمال ہیں اور پنجاب میں سرکاری گاڑیوں کے ایندھن پر سالانہ قریباً پانچ کروڑ روپے خرچ ہوتے ہیں جبکہ وفاقی اداروں کے پاس 12 سے 15 ہزار سرکاری گاڑیاں ہیں، کئی افسروں کو دو سے تین گاڑیوں کی سہولت حاصل ہے۔ حکومت کی طرف سے اس حوالے سے معاشی لائحہ عمل میں سادگی، بچت کی تجاویز مرتب کرنے کی ہدایات دی ہوئی ہیں اور سر دست اِس بات پر زور دیا گیا ہے کہ مصنوعی قلت پیدا کرنے والے کے خلاف کارروائی کی جائے۔

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اس معاملے کی سنگینی کو محسوس کرتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سربراہ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے وزیراعظم میاں شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے جاتی عمرہ میں ملاقات کرتے ہوئے حکومت کو اِس معاملے میں دانشمندانہ پالیسی اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اِس وقت عالمی حالات انتہائی حساس ہیں یقیناً ان کے یہ خیالات اِس امر کی غمازی کرتے ہیں کہ عالمی حساس معاملات میں ایسے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے جو قوم کی مشکلات میں اضافے کا باعث نہ بنیں، اسی قسم کے تاثرات عام آدمی کے قلب و ذہن کی آماجگاہ ہیں کہ اربابِ اقتدار کو اولین فرصت میں حکومتی سطح پر ہونے والی شاہ خرچیوں پر قابو پانے کے ایسے اقدامات کئے جائیں جو نظر آئیں۔ محض حکومت کی طرف سے لوگوں کا دِل بہلانے کے لئے لمبے چوڑے بیانات عوام کے حقیقی دُکھوں کا مداوا نہیں کریں گے۔ اگرچہ کفایت شعاری اور بچت قوم و ملک کی ضرورت ہے تو نیک نیتی کے ساتھ اس کو ہر سطح پر، ہر طبقے اور بالخصوص ہر محکمے سے منسلک اعلیٰ مراعات یافتہ افسروں پر لاگو کرنا ہو گا۔ گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاروں کو ختم کرنا ہوگا، ملک میں عصرِ حاضر کے مختصر عرصے کے دوران میں امراء اور محروم طبقے میں قائم کی گئی تفریق کے مابین تفاوت کو ہٹائے بغیر ملک میں یکجہتی کی فضاء کے درآنے کا مقصد حاصل نہیں ہوگا۔

یہ سوال بھی زبانِ زدِعام ہے۔

یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا کہ سالِ رواں 2026ء کے وسط میں دنیا کی ایک بڑی ایٹمی قوت امریکہ کی دامے درمے، سخنے، قدمے اور باقاعدہ کھلے عام پشت پناہی پر صہیونی ریاست اسرائیل کے اسلامی ملک ایران پر حملوں سے مشرقِ وسطیٰ کے تمام مسلم ممالک کے حال و مستقبل کس حد تک متاثر ہوں گے اور ان کی بقاء کو ممکنہ خطرات درپیش ہو سکتے ہیں جن سے عہدہ برآء ہونے کے لئے کرہ ارض کی مسلم دنیا کو ایک دوسرے کے بارے میں تحفظات کو فراموش کر کے یکجا ہو کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامنا ہوگا۔

اس حقیقت کو فراموش کرنا بلی کا کبوتر کو دیکھ کر آنکھیں بند کر لینے کے مترادف ہے کہ امریکہ اسرائیل کے ایران پر جدید ترین ہتھیاروں سے حملوں نے ایک براعظم سے مشرقِ وسطیٰ کے وسیع و عریض خطے میں رقصِ ابلیسی کی سی صورتحال حال پیدا کر رکھی ہے جس کے تباہ کن اثرات سے اردگرد کے وسیع علاقوں کے ممالک بھی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، بدقسمتی سے ان میں ارضِ وطن پاکستان بھی شامل ہے۔ اس کی قومی معیشت پر جو اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں پاکستان کے عوام کو معاشی بدحالی میں دھکیل دیا ہے۔ رونا اس بات کا ہے کہ اس صورتحال میں ملک کے کروڑوں عوام براہِ راست اس حد تک متاثر ہوئے ہیں ان سبھی میں بدترین اقتصادی مسائل کے ہونے پر صفِ ماتم کی سی حالت ہے۔

اس حوالے سے اعلیٰ ترین مخصوص اشرافیہ اور خیبر سے کیماڑی، بولان تک کے کروڑوں عوام میں معاشی تفاوت کی صورتحال اس بات سے واضح ہو جاتی ہے اور اخباری رپورٹ کی روشنی میں زبانِ زدِ عام ہو چکی ہے کہ پنجاب میں قریباً 30 ہزار سرکاری گاڑیاں زیر استعمال ہیں اور پنجاب میں سرکاری گاڑیوں کے ایندھن پر سالانہ قریباً پانچ کروڑ روپے خرچ ہوتے ہیں جبکہ وفاقی اداروں کے پاس 12 سے 15 ہزار سرکاری گاڑیاں ہیں، کئی افسروں کو دو سے تین گاڑیوں کی سہولت حاصل ہے۔ حکومت کی طرف سے اس حوالے سے معاشی لائحہ عمل میں سادگی، بچت کی تجاویز مرتب کرنے کی ہدایات دی ہوئی ہیں اور سر دست اِس بات پر زور دیا گیا ہے کہ مصنوعی قلت پیدا کرنے والے کے خلاف کارروائی کی جائے۔

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اس معاملے کی سنگینی کو محسوس کرتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سربراہ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے وزیراعظم میاں شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے جاتی عمرہ میں ملاقات کرتے ہوئے حکومت کو اِس معاملے میں دانشمندانہ پالیسی اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اِس وقت عالمی حالات انتہائی حساس ہیں یقیناً ان کے یہ خیالات اِس امر کی غمازی کرتے ہیں کہ عالمی حساس معاملات میں ایسے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے جو قوم کی مشکلات میں اضافے کا باعث نہ بنیں، اسی قسم کے تاثرات عام آدمی کے قلب و ذہن کی آماجگاہ ہیں کہ اربابِ اقتدار کو اولین فرصت میں حکومتی سطح پر ہونے والی شاہ خرچیوں پر قابو پانے کے ایسے اقدامات کئے جائیں جو نظر آئیں۔ محض حکومت کی طرف سے لوگوں کا دِل بہلانے کے لئے لمبے چوڑے بیانات عوام کے حقیقی دُکھوں کا مداوا نہیں کریں گے۔ اگرچہ کفایت شعاری اور بچت قوم و ملک کی ضرورت ہے تو نیک نیتی کے ساتھ اس کو ہر سطح پر، ہر طبقے اور بالخصوص ہر محکمے سے منسلک اعلیٰ مراعات یافتہ افسروں پر لاگو کرنا ہو گا۔ گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاروں کو ختم کرنا ہوگا، ملک میں عصرِ حاضر کے مختصر عرصے کے دوران میں امراء اور محروم طبقے میں قائم کی گئی تفریق کے مابین تفاوت کو ہٹائے بغیر ملک میں یکجہتی کی فضاء کے درآنے کا مقصد حاصل نہیں ہوگا۔

یہ سوال بھی زبانِ زدِعام ہے۔



کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہی ہیں

ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

صبا اصغر نے 10 لاکھ گیلن گنجائش کے بارشی پانی کے انڈر گراؤنڈ سٹوریج ٹینک کے منصوبے کا جائزہ لیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے ڈسکہ میں لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے زیر نگرانی پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہر میں جاری سیوریج سسٹم کی بہتری، سڑکوں کی بحالی اور نکاسی آب کے منصوبوں پر پیش رفت کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کی جائے اور مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مسائل کا جلد از جلد ازالہ ممکن ہو سکے اور معیاری میونسپل سروسز کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مشن کمپاؤنڈ میں زیر تعمیر 10 لاکھ گیلن گنجائش کے بارشی پانی کے انڈر گراؤنڈ اسٹوریج ٹینک کے منصوبے کا بھی جائزہ لیا۔ انہیں بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس ٹینک میں جمع ہونے والا بارشی پانی قابل استعمال بنایا جائے گا، جو نہ صرف پانی کے ضیاع کو روکے گا بلکہ شہری ضروریات کے لیے ایک متبادل ذریعہ بھی فراہم کرے گا۔ جبکہ سٹوریج ٹینک کے اوپر 2300 اسکوائر فٹ پر لینڈ اسکیپ پارکس بھی تعمیر کیا جائے گا جس پر واکنگ ٹریک، لائٹس اور دیگر تفریحی سہولیات فراہمی کی جائیں گی۔ اس موقع پر رانا ابرار حسین (ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ) اور صائم سرور (ایم او سروسز) نے جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

سیالکوٹ، پولیس کی کارروائی، 2 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار

ملزموں سے 2 لاکھ روپے نقدی، موبائل، ناجائز اسلحہ وگولیاں برآمد کی گئیں

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) تھانہ بمبانوالہ کے ایس ایچ او عامر علی سندھو کی بڑی کارروائی، متعدد وارداتوں میں ملوث 2 رکنی ڈکیت گینگ ساتھی سمیت گرفتار مقدمہ درج مال مسروقہ ناجائز اسلحہ برآمد تفصیلات کے مطابق تھانہ بمبانوالہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد وارداتوں میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت فہیم اور شاہ زیب کے نام سے ہوئی ہے ایس ایچ او عامر علی سندھو کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو حراست میں لیا، جبکہ ان کے قبضہ سے تقریباً 2 لاکھ روپے نقدی، 2 موبائل فونز اور 2 عدد پسٹل برآمد کر لیے گئے ڈی ایس پی سرکل ڈسکہ گوہر عباس بھٹی نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا پولیس کے مطابق ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور مزید کارروائی متوقع ہے۔

بچیکی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر شہری گرفتار، مقدمہ درج

بچیکی (سٹی رپورٹر) ناجائز اسلحہ رکھنے پر شہری گرفتار، مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق تھانہ بڑا گھر پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے کے الزام میں ایک شہری کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران عبدالغفور نامی شہری کو مشکوک حالت میں روکا گیا جس کی تلاشی لینے پر اس کے قبضہ سے کلاشنکوف اور متعدد گولیاں برآمد ہوئیں پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف اسلحہ رکھنے کا مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے

عوام کو سہولیات فراہم کرنا انتظامیہ کی ترجیح ہے، کمشنر بہاولپور

عرفان علی کاٹھیا کا ترقیاتی منصوبوں وسرکاری اداروں کی کارکردگی کا جائزہ، شجرکاری مہم کا افتتاح کیا

بہاولنگر (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ عرفان علی کاٹھیا۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا کا بہاولنگر کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کا جائزہ، شجرکاری مہم کا افتتاح۔ ڈپٹی کمشنر آفس آمد پر چاق و چوبند دستے نے کمشنر کو سلامی پیش کی جبکہ ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون نے انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کر کے خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر ڈی پی او محمد عمران اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ کمشنر نے ڈپٹی کمشنر آفس میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ضلع کی مجموعی صورتحال، امن و امان، ترقیاتی سکیموں، ریونیو، صحت، تعلیم اور دیگر شعبوں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، معیار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے حوالے سے ہدایات جاری کی گئیں۔ بعد ازاں کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے مختلف سرکاری اداروں اور ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا، جن میں ڈی ایچ کیو ہسپتال، مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال، تعلیمی ادارے، سٹیچو پارک اور دیگر عوامی سہولیات کے مراکز شامل تھے۔ انہوں نے ہسپتالوں میں طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا جبکہ تعلیمی اداروں میں تعلیمی ماحول اور امتحانی انتظامات کو بھی چیک کیا۔ اس موقع پر کمشنر نے شجرکاری مہم کے تحت پودا لگا کر باقاعدہ افتتاح کیا اور کہا کہ ماحولیاتی بہتری اور سرسبز پاکستان کے لیے شجرکاری نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو زیادہ سے زیادہ پودے لگانے اور ان کی نگہداشت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

ننکانہ صاحب، عازمین حج کیلئے شاندار تربیتی نشست کا انعقاد

500 سے زائد مرد وخواتین عازمین حج کی شرکت، شیخ عابد فیروز نے میزبانی کے فرائض انجام دیئے

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ننکانہ صاحب میں عازمین حج کے لیے ایک شاندار اور پروقار الوداعی تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں 500 سے زائد مرد و خواتین عازمین حج نے شرکت کی۔ نشست کا اہتمام حج ٹریننگ سنٹر کے بانی مرحوم شیخ فیروز الدین احمد ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ، ہاؤسنگ کالونی روڈ پر کیا گیا، جبکہ ان کے صاحبزادے ڈسٹرکٹ حج ٹرینر شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ نے میزبانی کے فرائض انجام دیے تفصیلات کے مطابق تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کی سعادت محمد عبداللہ خالد نے حاصل کی، جبکہ قاری ذوالفقار چشتی اور شیخ سلمان عابد نے بارگاہ رسالت (ﷺ) میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ تربیتی نشست میں شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ، شیخ عمیر عابد ایڈووکیٹ، حاجی جاوید احمد اور پروفیسر یاسمین قمر نے عازمین کو مناسک حج، عمرہ، سفری تیاری، ضابطہ اخلاق اور عملی امور پر تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ ماہرین نے عملی مشقوں کے ذریعے طواف، سعی اور دیگر مناسک کی درست ادائیگی بھی سکھائی۔

اوکاڑہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کا سکولوں میں میٹرک کے سنٹرز کا دورہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی محمد یوسف کا سکولوں میں میٹرک کے سنٹرز کا دورہ اور امتحانی عمل کی چیکنگ، انہوں نے میٹرک کے سالانہ امتحانات کے شفاف انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے گورنمنٹ ہائی سکول اشرف المدارس اور گورنمنٹ گرلز ٹیکنالوجی ہائی سکول میں قائم امتحانی مراکز کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے امیدواروں کی حاضری، امتحانی ہالز میں روشنی و بیٹھنے کے انتظامات اور سیکورٹی کی صورتحال کا معائنہ کیا۔ سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف نے امتحانی مراکز میں تعینات عملے کو ہدایت کی کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت نقل کے ناسور کو جڑ سے ختم کیا جائے۔

ن لیگ کی قیادت جلد ملک کو بحرانوں سے نکالے گی، ساجد امین بٹ

وزیر اعلیٰ کی مثالی اقدامات کی بدولت پنجاب ترقی کی رفتار میں سب سے آگے ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سٹی نائب صدر ساجد امین بٹ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کے سعودی عرب قطر اور ترکی کے دورے اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ ایران خطہ میں پائیدار امن کے قیام کی کوششوں کا تسلسل ہیں پاکستان ایران امریکہ مذاکرات کی کامیابی کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے تاکہ دنیا بھر کی معاشی سرگرمیاں بحال ہو سکے پاکستان کو ملنے والی عزت و وقار موجودہ سیاسی و عسکری قیادت کی انتھک جدوجہد اور مربوط خارجہ پالیسی کا ثمر ہے، عوام کے محبوب لیڈر میاں نواز شریف کی قیادت میں وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز تعمیر و ترقی کے ویژن کی تکمیل کیلئے کوشاں اور میرٹ کی بالادستی یقینی بنانے کیلئے سرگرم عمل ہیں (ن) لیگ کی قیادت جلد ملک کو تمام بحرانوں سے نکال کر خوشحالی کا گہوارہ بنائے گی پاکستانی معیشت میں بہتری آئی ہے روزگار کے مواقع بڑھے ہیں اور مہنگائی کی شرح بتدریج کم ہوئی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی انقلابی اصلاحات اور مثالی اقدامات کی بدولت پنجاب ترقی کی رفتار میں سب سے آگے ہے صوبہ بھر انتظامی محکمے فعال اور بنیادی سہولیات عوام کو انکی دہلیز پر میسر ہیں۔

شکر گڑھ کرنٹ لگنے سے 8 سالہ بچہ جاں بحق

نورکوٹ (نامہ نگار) محلہ انصاریاں میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں 8 سالہ بچہ عبدالباسط کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہو گیا۔ ابتدائی رپورٹ کے مطابق بچہ پتنگ پکڑنے کے دوران بجلی کی ننگی تاروں کو چھو بیٹھا، جس کے باعث موقع پر ہی دم توڑ گیا اہل علاقہ کے مطابق بجلی کی تاریں کافی عرصے سے زمین کے قریب خستہ حالت میں لٹک رہی تھیں، جو کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتی تھیں۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ اس حوالے سے متعدد بار متعلقہ حکام کو آگاہ کیا گیا، مگر کوئی موثر کارروائی نہ ہو سکی۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ ہسپتال میں سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

سیالکوٹ، سعودی عرب میں منظم بھکاری گروہ کے خلاف بڑا ایکشن، 4 گرفتار

مسافروں میں شاہنواز، شہزیہ، سونیا اور فرزانہ شامل مسافروں کا تعلق اسلام آباد سے ہے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے امیگریشن سیالکوٹ کی بڑی کارروائی، سعودی عرب میں منظم بھکاری گروہ کے خلاف بڑا ایکشن، سعودی عرب سے آنے والے 4 مسافروں کو سیالکوٹ ائیرپورٹ پر روکا گیا مسافروں میں شاہنواز، شہزیہ بی بی، سونیا اور فرزانہ بی بی شامل مسافروں کا تعلق اسلام آباد سے ہے مشکوک سفری ریکارڈ پر امیگریشن کے دوران نشاندہی پر ایف آئی اے امیگریشن نے کارروائی کی اور ابتدائی تفتیش میں منظم بھیک مانگنے میں ملوث ہونے کا اعتراف کیا۔ ملزمان عمرہ ویزوں پر سعودی عرب گئے تھے ایجنٹ محمد صدیق اکبر نے بھیک منگوانے کے لیے بیرون ملک بھجوایا ایجنٹ نے فی کس 2 لاکھ 50 ہزار روپے وصول کیے رقم بھیک مانگ کر ادا کی گئی، ملزمان کو مزید کارروائی کے لیے ایف آئی اے اے ایچ ٹی سی سیالکوٹ منتقل کر دیا گیا اہم ایجنٹ کی گرفتاری کے لیے سعودی سفارتخانے سے رابطہ کیا جائے گا سعودی عرب میں منظم بھکاری نیٹ ورک کے خلاف کارروائی جاری ہے۔

نارنگ، رانا عبدالصمیر کے بھائی رشتہ ازدواج میں منسلک

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ممبر قومی اسمبلی چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی آبی وسائل رانا احمد عتیق انور کے پرسنل سیکرٹری رانا عبدالصمیر کے بھائی رانا عبدالوحید اور رانا عبدالباسط رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے شادی تقریب میں وفاقی وزیر فوڈ سیکیورٹی غذائی تحفظ رانا تنویر حسین ممبر قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری واجد علی خاں سابق ممبر ضلع کونسل سردار نعیم رضا مان اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر قومی اسمبلی پروٹوکول آفیسر وفاقی وزیر رانا تنویر حسین ملک عطاء اللہ ڈپٹی منیجر ستھرا پنجاب عطا اول ورک اسسٹنٹ منیجر ستھرا پنجاب مظہر بٹرہ ودیگر نے شرکت کی۔

بی آر ٹی یلو لائن گوجرانوالہ پر تعمیراتی سرگرمیاں تیزی سے جاری، ڈپٹی کمشنر

شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کیساتھ ماحول کو بھی دلکش بنایا جا رہا ہے، محمد نوید

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) میٹرو بس سروس کے میگا پراجیکٹ، بی آر ٹی یلو لائن گوجرانوالہ پر تعمیراتی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ/وزیر آباد نوید احمد نے گکھڑ میں جاری منصوبے کا دورہ کیا، جہاں ایف ڈبلیو او کے کیمپ آفس میں انہیں منصوبے کی اب تک کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی بلال فاروق تارڑ بھی موجود تھے۔ افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت گوجرانوالہ کے شہریوں کو عالمی معیار کی سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے اس میگا پراجیکٹ پر تیزی سے کام جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر اور ایم این اے نے مختلف میٹرو بس اسٹیشنز کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ بھی کیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بی آر ٹی یلو لائن کی تکمیل سے شہریوں کو جدید، محفوظ اور تیز رفتار سفری سہولیات میسر آئیں گی، جس سے ٹریفک کے مسائل میں نمایاں کمی آئے گی اور شہری زندگی میں آسانی پیدا ہوگی۔

گوجرانوالہ پریس کلب ورکر جرنلسٹ گروپ کے زیر اہتمام 25 اپریل کو جنرل باڈی کا اجلاس ہوگا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گوجرانوالہ پریس کلب ورکر جرنلسٹ گروپ کے زیر اہتمام 25 اپریل کو گوجرانوالہ پریس کلب میں دن چار بجے جنرل باڈی کا اجلاس ہوگا گوجرانوالہ گزشتہ روز اس سلسلے میں ورکر جرنلسٹ گروپ کا انتہائی اہم اجلاس ہوا جس میں تمام گروپس کے رہنماؤں نے شرکت کی اس موقع پر صدر پریس کلب حافظ شاہد منیر جنرل سیکرٹری تنویر احمد بٹ کی طرف سے بتایا گیا کہ گوجرانوالہ پریس کلب پر نو جولائی کو شب خون مارا گیا اور پولیس فورس کی طاقت سے گوجرانوالہ کے ورکرز سے کلب چھین کر یہ اعلان کیا گیا کہ دسمبر کے اندر الیکشن ہوں گے لیکن اب اپریل آچکا ہے اور ابھی تک نہ ہی کوئی مشترکہ لسٹ بنائی گئی ہے اور نہ ہی کوئی الیکشن شیڈول کا اعلان کیا گیا ہے۔

پاکستان کے باشعور عوام ن لیگ کے ساتھ کھڑے ہیں، عارف سندھیلہ

حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کی بدولت سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر سابق رکن پنجاب اسمبلی و امیدوار این اے 115 محمد عارف خان سندھیلہ نے کہا ہے کہ پنجاب کے عوام کا مریم نواز شریف کی کارکردگی پر بھرپور اطمینان کا اظہار حکومتی اعلیٰ کارکردگی کا نتیجہ ہے آنے والے دنوں میں عوام کو مزید ریلیف ملے گا اور صوبائی تعمیر و ترقی کے عمل میں نہایت تیزی آئے گی، حکومتی کاوشوں سے جلد پاکستان معاشی بحرانوں سے نکل کر ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کی بدولت سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے جو ملکی معیشت کیلئے نہایت نیک شگون ہے (ن) لیگ ایک عوامی سیاسی جماعت ہے، جس کے کارکنان محب وطن ہیں جنہوں نے ہمیشہ ملکی مفاد کو اپنے ذاتی مفاد پر ترجیح دی ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے باشعور عوام (ن) لیگ کے ساتھ کھڑے ہیں اور وفاقی و پنجاب حکومت پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں، ہر پاکستانی آگاہ ہے کہ کونسی جماعت عوام کے مسائل حل کرنے والی اور کونسی انتشار پھیلانے والی ہے، پی ٹی آئی کی انتشار کی سیاست نے ملکی معاشرتی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں یہ سیاسی جماعت نہیں انتشار پسندوں کا ٹولہ ہے جو سیاسی لبادہ اوڑھ کر شدت پسندی کے رحجانات کو مسلسل فروغ دے رہا ہے۔

حکمران ملکی معیشت کی بحالی میں سنجیدہ نہیں، غلام نبی ورک

اگر انہیں ملکی معیشت کو توانا کرنے کی فکر ہے تو اپنے اثاثے فوری پاکستان منتقل کریں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے ضلعی رہنما سابق چیف کوآرڈینیٹر میونسپل کمیٹی حاجی غلام نبی ورک نے کہا ہے کہ حکمران ملکی معیشت کی بحالی میں سنجیدہ نہیں ان کی جائیدادیں وکاروبار بیرون ممالک میں ہیں یہ بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ کی باتیں کر کے عوام کو تسلیاں دے رہے ہیں اگر انہیں ملکی معیشت کو توانا کرنے کی فکر ہے تو اپنے اثاثے فوری پاکستان منتقل کریں، موجودہ کرپٹ حکمرانوں کے برسر اقتدار رہتے ملکی معاشی حالات تبدیل نہیں ہو سکتے ایسے تمام افراد کو ملکی عہدوں سے الگ ہونا چاہیے جن کی جائیدادیں بیرون ممالک میں موجود ہیں انکی غیر سنجیدگی ومفاد پرستی پاکستان کو سرمایہ کاری کیلئے غیر محفوظ ظاہر کرتی ہے، جس سے بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد متزلزل ہوتا ہے، حکمرانوں کی نااہلی کے باعث عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے پاکستان کے باشعور عوام اب کسی کو قومی خزانے پر ہاتھ صاف نہیں کرنے دیں گے کرپٹ ٹولہ اپنی خیر منائے قوم ان سے ملکی دولت کی لوٹی گئی پائی پائی کا حساب لے گی۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ تسلیم اختر راؤ کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

ننکانہ صاحب، حج تربیتی نشست سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی نے عالمی امن کو خطرے میں ڈال دیا، راجہ سکندر

کلمے کے نام پر بننے والا ملک پاکستان آج دنیا کی نگاہوں کا مرکز بن چکا ہے، بیان

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیئرمین گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل راجہ سکندر خان نے کہا ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی نے عالمی امن کو خطرے میں ڈال دیا ہے مگر ایسے نازک حالات میں پاکستان نے ایک ذمہ دار اور باوقار ریاست ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ایران کا حالیہ دورہ محض سفارتی سرگرمی نہیں بلکہ ایک جرات مندانہ اور تاریخی قدم ہے جس نے پاکستان کے مثبت اور موثر عالمی کردار کو مزید اجاگر کیا ہے۔ چیئرمین گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل راجہ سکندر خان نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کامیاب سفارت کاری کے نتیجے میں ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان کر دیا خطے میں کشیدگی کم کرنے اور امن کے قیام کیلئے پاکستان کلیدی کردار ادا کر رہا ہے کلمے کے نام پر بننے والا ملک پاکستان آج دنیا کی نگاہوں کا مرکز بن چکا ہے دنیا کے فیصلے اب اسلام آباد کی سرزمین پر ہو رہے ہیں۔ جب دنیا جنگ کے دہانے پر کھڑی ہے پاکستان نے دانشمندی، صبر اور تدبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن، استحکام اور مذاکرات کی راہ کو ترجیح دی۔ جو ایک ذمہ دار ریاست کی پہچان ہے۔ پاکستان کی عسکری قیادت نے ثابت کر دیا ہے کہ ہم صرف اپنے دفاع تک محدود نہیں بلکہ عالمی امن کے قیام میں بھی بھرپور کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان کے لئے باعث فخر ہے کہ آج ہماری قیادت دنیا میں امن، وقار اور استحکام کی علامت بن کر ابھر رہی ہے۔

عمران خان کبھی ڈیل نہیں کرے گا، خرم منور منج

بچیکی (سٹی رپورٹر) عمران خان کبھی بھی ڈیل نہیں کرے گا، خرم منور منج سابق وزیر اعظم پر تمام مقدمات جھوٹے اور بے بنیاد ہیں، ممبر قومی اسمبلی تفصیلات کے مطابق عمران خان کبھی بھی ڈیل نہیں کرے گا کیونکہ وہ اصولی سیاست پر یقین رکھتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ مقتدر حلقوں کی جانب سے متعدد مرتبہ ڈیل کی کوششیں کی گئیں، تاہم عمران خان نے ہر بار انکار کیا اور عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کو ترجیح دی وہ گزشتہ روز اپنے ننھیال ڈیموں آنہ بچیکی آمد کے موقع پر اتحاد پریس کلب بچیکی کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔

نارنگ منڈی، رانا عبدالوحید کی شادی تقریب میں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین ودیگر شریک ہیں

سانگلہ ہل: کمیٹی بازار اور حمید نظامی روڈ کے درمیان گرین بیلٹ بنانا ظلم تاجروں کی دہائی

سانگلہ ہل (نامہ نگار) سانگلہ ہل میں بیوٹیفکیشن اسکیم کے نام پر بازاروں کو آمد ورفت کیلئے محدود کیا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے کاروبار متاثر ہونے کے خدشات ہیں سانگلہ ہل کمیٹی بازار اور حمید نظامی روڈ پر گرین بیلٹ بنانے سے تاجر برادری کے چولہے ٹھنڈے پڑ جائیں گے گزشتہ روز سانگلہ ہل میں تاجروں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ اگر بازاروں میں گرین بیلٹ بنائی گئیں تو خریداری کرنے کیلئے آنے والے لوگوں اور چھوٹی ٹریفک کیلئے مسائل بڑھ جائیں گے انہوں نے ڈی سی ننکانہ صاحب تسلیم اختر راو سے نظر ثانی کا مطالبہ کیا اور صحافی برادری کو بتایا کہ حمید نظامی روڈ اور کمیٹی بازار محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس بھی ہیں۔

سپیشل بچوں کا معیار زندگی بہتر بنانا اخلاقی فریضہ ہے، اشفاق نذر

آج کے نونہال مستقبل کے معمار ہمیں ہر طرح سے بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہوگی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم سے ایوارڈ یافتہ کلین گرین پاکستان کے قومی چیمپئن وسماجی راہنما محمد اشفاق نذر نے کہا ہے کہ حکومت والدین، اساتذہ اکرام اور معاشرے کو ملکر بچوں بالخصوص اسپیشل بصارت سے محروم بچوں کی بہتر تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دینا ہوگی اور اسپیشل بچوں کا معیار زندگی بہتر بنانے اور انہیں مفید شہری بنانا ہم سب کا انسانی، اخلاقی اور قومی فریضہ ہے تاکہ بصارت سے محروم بچے پڑھ لکھ کر ملک وقوم کی تعمیر وترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار ادا کرسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ حکیم الامت اسپیشل ایجوکیشن سنٹر برائے بصارت جسمانی معذوری کی سالانہ انعامات کی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ تقریب میں (ریٹائرڈ) ڈائریکٹر و ڈپٹی ڈائریکٹر ان محترمہ شاہانہ ملک، عبدالحمید، محمد عارف اور سماجی راہنما سہیل جان نے شرکت کی تقریب سے انچارج اسپیشل ایجوکیشن سنٹر محمد عمران بیگ نے بھی خطاب کیا۔ محمد اشفاق نذر نے کہا کہ آج کے نونہال مستقبل کے معمار ہیں ہمیں ہر طرح سے بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہوگی تقریب میں پوزیشن ہولڈر زیر تعلیم بچوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور انعامات تقسیم کیے اور اس موقع پر بال جی جنت صبا کی جانب سے انکے مرحوم شوہر میاں محمد مسلم کے ایصال ثواب کیلئے بچوں میں کھانا تقسیم کیا گیا۔

صحافت مقدس پیشہ، مثبت کاموں کیلئے استعمال کریں: رانا عارف اقبال

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صحافت مقدس پیشہ ہے۔ اسکو اچھے اور مثبت کاموں کیلئے استعمال کریں رانا عارف اقبال ہرناہ۔ تفصیل کے مطابق پریس کلب رجسٹرڈ کوٹلی لوہاراں کے زیر انتظام سینئر صحافی حکیم ایس قادری کی وفات کے سلسلہ میں تعزیتی ریفرنس ٹیسٹ بڈ پیزا شاپ چوک کوٹلی لوہاراں پر منعقد ہوا جس میں صحافیوں اور سوشل ورکرز نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور حاضرین نے سینئر صحافی حکیم ایس قادری کی وفات پر فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر مہمان خصوصی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری رانا عارف اقبال ہرناہ نے کہا کہ صحافت ریاست کا چوتھا اہم ستون ہے۔

پاکستان نے امریکہ وایران کے درمیان کلیدی کردار ادا کیا، فیصل منظور

امن کا نوبل انعام شہباز شریف، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو دیا جائے، مسلم لیگ ن ہالینڈ

سانگلہ ہل (نامہ نگار) مسلم لیگ ن اور سینئرز ہالینڈ کا ایک اجلاس سرپرست اعلیٰ پیر سید طاہر اقرار شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں چیئرمین محمد جاوید اقبال کھوکھر سرپرست محمد خورشید مغل صدر فیصل منظور سینئر نائب صدر جاوید بٹ پیارے نائب صدر چوہدری محمد سمیع محمد یونس بٹ جنرل سیکرٹری عبدالباسط خان سمیت بڑی تعداد میں مرکزی عہدے داران نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر فیصل منظور نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے پاکستان نے ایک بار پھر عالمی سطح پر اپنی موثر سفارتکاری کا لوہا منوایا ہے وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نائب وزیر اعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بصیرت افروز قیادت میں پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا پاکستان کی بروقت اور حکمت عملی پر مبنی سفارتکاری کے نتیجے میں دو ہفتوں کی جنگ بندی ممکن ہوئی جس نے نہ صرف ممکنہ تباہ کن تصادم کو روکا بلکہ خطے میں امن اور استحکام کی نئی امید بھی پیدا کی چیئرمین محمد جاوید اقبال کھوکھر نے کہا کہ یہ کامیابی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار باوقار اور امن پسند ریاست ہے جو ہمیشہ انسانیت کے تحفظ عالمی استحکام اور برادر ممالک کے ساتھ یکجہتی کے لیے پیش پیش رہتا ہے تمام عہدیداران نے پاکستان کی قیادت کو اس تاریخی کامیابی پر خراج تحسین پیش کیا۔

اسلام کی حقیقی تعلیمات اصلاح معاشرہ کا ذریعہ ہیں، صوفی الطاف حسین

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) معروف دینی وسماجی رہنما صوفی الطاف حسین نے کہا ہے کہ دین اسلام امن محبت درس دیتا ہے اور اس کی اصل روح کو سمجھنے کی اشد ضرورت ہے دین اسلام کی حقیقی تعلیمات دراصل اصلاح معاشرہ کا ذریعہ ہیں سلامتی امن اور نظام مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم قرآن مجید کی تعلیمات کو اپنائیں اور اپنی زندگیوں کو ان اصولوں کے مطابق ڈھالیں اسلام ہرگز فرقہ واریت یا گروہ بندی کی اجازت نہیں دیتا بلکہ واضح طور پر تلقین کرتا ہے کہ امت ایک رہے اور تفرقہ بازی سے گریز کرے اگر انسان قرآن کی ہدایات پر عمل کرے تو معاشرے میں امن، سکون اور بھائی چارہ خود بخود قائم ہو جاتا ہے۔

مصطفی آباد: بدنام زمانہ منشیات فروش سے ساڑھے تین کلوگرام چرس برآمد

ضلع سے آخری منشیات فروش کی گرفتاری تک کریک ڈاؤن جاری رہے گا، ایس ایچ او

مصطفی آباد/للیانی (نامہ نگار) بدنام زمانہ منشیات فروش ساڑھے تین کلوگرام چرس سمیت گرفتار، تھانہ مصطفی آباد پولیس کی ایس ایچ او حیدر علی سندھو کی سربراہی میں کامیاب کارروائی، ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان کی زیر نگرانی ضلع سے آخری منشیات فروش کی گرفتاری تک کریک ڈاؤن جاری رہے گا، ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد میاں حیدر علی سندھو کی زیر نگرانی پولیس تھانہ مصطفی آباد کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی، سرپالی روڈ سے بدنام زمانہ منشیات فروش عمران عرف مائی رنگے ہاتھوں گرفتار، بدنام زمانہ منشیات فروش سے لاکھوں روپے مالیت کی ساڑھے تین کلوگرام چرس برآمد، ملزم قصبہ مصطفی آباد میں منشیات فروشی کا مکروہ دھندہ عرصہ دراز سے کر رہا تھا۔

حافظ آباد: ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر عبدالحی پکڑے جانے والے غیر قانونی ڈان کسٹم سگریٹ بارے تفصیلات بتا رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی نے ملکی ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کیا: اسلم شیروانی

نااہل حکمران تحریک انصاف کے رہنماؤں کو زیادہ دیر جیل میں بند نہیں رکھ پائیں گے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے ضلعی نائب صدر ڈاکٹر محمد اسلم خان شیروانی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے خلاف جاری انتقامی کارروائیاں بند کر کے ہی ملک میں سیاسی استحکام ممکن بنایا جا سکتا ہے حکمران سیاسی مخالفین کو کچلنے کی خاطر ہر اوچھا ہتھکنڈہ استعمال کر رہے ہیں حکمرانوں کو ذہن نشین کرنا ہوگا کہ انکے حکمرانی کے دن گنے جا چکے ہیں جلد عوام انہیں اقتدار کے ایوانوں سے نکال باہر کرے گی، عوام کے رائے حق دہی پر شب خون مار کر کرپٹ ٹولے کو ملک وقوم پر مسلط کرنے والوں کا کڑا محاسبہ ناگزیر ہے انہیں جمہوری عمل سبوتاژ کرنے کا حساب دینا پڑے گا فارم 47 کی پیداوار موجودہ جعلی حکومت کو عوامی پذیرائی حاصل نہیں قوم اس حکومت سے جلد سے جلد چھٹکارا پانا چاہتی ہے، بانی پی ٹی آئی نے پاکستان کی سلامتی اور ترقی کیلئے ہمیشہ بھرپور کردار ادا کیا عوامی امنگوں کی ترجمانی کی اور ملکی معاشی استحکام کی خاطر اپنے دور وزارت عظمیٰ میں مثالی اقدامات اٹھائے جن کے ثمرات میسر آنا شروع ہوئے تو انہیں سازش کے تحت وزیر اعظم کے عہدہ سے ہٹا دیا گیا جس کا خمیازہ ملک وقوم کو بدحالی کی صورت میں بھگتنا پڑا ہے نااہل حکمران تحریک انصاف کے رہنماؤں کو زیادہ دیر جیل میں بند نہیں رکھ پائیں گے پاکستان کے ہر جمہوریت پسند شہری کا مطالبہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے۔

چیچہ وطنی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مصطفی آباد: گرفتار ہونے والا بدنام زمانہ منشیات فروش عمران عرف مائی حراست میں کھڑا ہے

گوجرہ، چوروں نے ٹینٹ سروس دکان کا صفایا کردیا

گوجرہ (تحصیل رپورٹر) چوروں نے ٹینٹ سروس دکان کا صفایا کر دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ چک نمبر 358 ج ب کے غلام شبیر نے ٹینٹ سروس کی دکان بنا رکھی ہے جو حسب معمول دکان بند کر کے گھر چلا گیا اس دوران نا معلوم چوروں نے دکان کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے کی دیگیں، شامیانے اور دیگر سامان چوری کر لیا اور فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر صدر پولیس نے مقدمہ درج کر کے چوروں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

گوجرہ، بجلی چوری کرنیوالے 2 افراد پکڑے گئے

گوجرہ (تحصیل رپورٹر) فیسکو ٹاسک فورس نے میٹروں سے ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے دو افراد رنگے ہاتھوں پکڑ لیے۔ فیسکو حکام کو اطلاع ملی کہ چک نمبر 415 ج ب کا طارق محمود اور چک نمبر 164 ج ب کا محمد بوٹا اپنے میٹروں سے ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے میں مصروف ہیں۔ جس پر انہوں نے چھاپہ مار کر بجلی چوری کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔

ایران امریکہ مذاکرات کیلئے پاکستان کی کوششیں رنگ لا رہی ہیں: میاں خالد محمود

مملکت خداداد پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے تمام جماعتوں کو اپنا موثر کردار ادا کرنا ہوگا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری وسابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ ایران امریکہ مذاکرات کیلئے پاکستان کی کوششیں رنگ لا رہی ہیں اور خطہ میں پائیدار قیام امن ممکن ہونے کی راہ ہموار ہونے سمیت ملکی وقار میں اضافہ ہوا ہے، جس پر وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر خراج تحسین کے حقدار ہیں، مملکت خداداد پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے تمام جماعتوں کو اپنا موثر کردار ادا کرنا ہوگا ذاتی اور گروہی مفادات کو پس پشت ڈال کر اجتماعی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک اور قوم کی بہتری کیلئے متحد ہو کر کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ درپیش مسائل کے بھنور میں پھنسی ملکی معیشت کی کشتی کو نکال کر کنارے لگایا جا سکے، اداروں اور عوام میں نفرت کو فروغ دینا ملکی سلامتی کیلئے شدید خطرہ ہے اس سازش میں شامل تمام کرداروں کا کڑا محاسبہ کیا جائے سیاسی عدم استحکام نے ملکی معیشت کو تباہ کیا سیاستدان اقتدار کی رسہ کشی کی بجائے ملکی ترقی اور عوام کی خوشحالی پر توجہ دیں، ملک دشمن عناصر پاکستان میں سیاسی عدم استحکام فرقہ واریت اور دہشت گردی کو بڑھا دیکر وطن عزیز کو غیر مستحکم کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں پاکستانی عوام کو ان کی تمام اندرونی بیرونی سازشوں کو متحد ہو کر ناکام بنانا ہوگا، دہشت گردی کے خلاف سیکورٹی فورسز کی قربانیاں لازوال ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا قوم کے بیٹے وطن کے دفاع کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں وطن پر قربان ہونے والے ان بہادر سپوتوں کو پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی وطن کیلئے دی گئی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی موجودہ بحرانوں کے پیش نظر حکومت، حزب اختلاف، عدلیہ، انتظامیہ اور اسٹیبلشمنٹ کو ملکر کردار ادا کرنا ہوگا۔

صیہونی افواج کے مظالم پر عالمی ادارے تماشائی بنے ہوئے ہیں: حاجی نواز

دنیا کے کروڑوں انسان مذاہب سے بالاتر ہو کر اہل فلسطین کیلئے آواز اٹھا رہے ہیں، گفتگو

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مدنی دسترخوان پروگرام کے چیف آرگنائزر وسابق ایم پی اے حاجی محمد نواز نے کہا ہے کہ دنیا کے کروڑوں مہذب انسان مذاہب سے بالاتر ہو کر اہل فلسطین کیلئے آواز اٹھا رہے ہیں، عوامی دباؤ کے نتیجہ میں مغرب کی کئی حکومتوں کو اسرائیل کی اندھی حمایت کا بیانیہ ترک کرنا پڑا ہے استعماری طاقتوں نے پوری دنیا کے یہودیوں کو اکٹھا کر کے فلسطینیوں کی زمین پر قبضہ کرایا امریکہ کی مکمل آشیرباد سے گزشتہ 70 برسوں سے اہل فلسطین پر ظلم کے پہاڑ توڑے گئے مگر فلسطینیوں نے عظیم استقامت دکھائی اور جدوجہد جاری رکھی، ظالم سے آزادی کے حصول کیلئے فلسطینیوں کو مزاحمت کا حق حاصل ہے ان شاء اللہ فلسطینیوں کی یہ جدوجہد ضرور رنگ لائے گی اور مسجد اقصیٰ سمیت تمام فلسطینی علاقہ یہودیوں کے قبضہ سے آزاد ہوں گے، صیہونی افواج کے مظالم پر عالمی ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، اسرائیل کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کی بھی کوئی پرواہ نہیں اگر امریکا اسرائیل کی حمایت میں اسے اسلحہ دے رہا ہے تو اسلامی ممالک کے حکمران کیوں خاموش ہیں مسلم ممالک اسرائیل کا سفارتی اور معاشی بائیکاٹ یقینی بنائیں حالات کا تقاضا ہے کہ مظلوم فلسطینی مسلمانوں کی امداد کیلئے مسلم حکمران بین الاقوامی فلسطین فنڈ قائم کریں، غزہ پر اسرائیل نے ہیروشیما اور ناگاساکی سے بھی زیادہ بارود گرایا ہے مگر مسلمان حکمران امریکی خوف سے اہل فلسطین کی اخلاقی، سیاسی اور مالی مدد سے بھی کترا رہے ہیں، مسلم ممالک کے حکمران درست سمت اقدام اٹھائیں تو پوری امت مسلمہ ان کی پشت پر کھڑی ہوگی۔

صارفین کو بلا تعطل پٹرولیم مصنوعات فراہم کی جائیں: ڈی سی گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس ویژن اور "ستھرا پنجاب" مہم کے تحت ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے شہر اور ضلع بھر میں صفائی ستھرائی، سیوریج سسٹم، جاری ترقیاتی منصوبوں، مفت پبلک ٹرانسپورٹ اور پٹرولیم مصنوعات کی دستیابی وقیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ اداروں کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی اکبر جناح روڈ، گھنٹہ گھر چوک اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے صفائی ستھرائی اور سیوریج نالوں کی ڈی سلٹنگ کے عمل کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر جی ڈبلیو ایم سی حکام اور کنٹریکٹرز کو ہدایت کی گئی کہ صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اور کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ "صاف ستھرا گوجرانوالہ" مہم کے تحت ڈپٹی کمشنر نے گرجاکھ روڈ، گندا نالہ اور ملحقہ آبادیوں میں بھی صفائی اور ڈی سلٹنگ کے کاموں کا جائزہ لیا۔

پاکستان امن کا علمبردار، مذاکرات کیلئے کوششیں قابل تحسین: ذکاء اللہ

سیاسی وعسکری قیادت نے دہائیوں پر محیط عدم اعتماد کو کم کرنے میں نہایت موثر کردار ادا کیا

کاموکے (نامہ نگار) پاکستان امن کا علمبردار، امریکہ، ایران کے مابین مذاکرات کیلئے دوبارہ اسلام آباد کی کوششیں قابل تحسین ہیں، امریکہ ایران جنگ بندی کیلئے پاکستان کا کردار عالمی دنیا تسلیم کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار صدر انجمن تاجران جنرل سٹور کاموکے چوہدری ذکاء اللہ نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان ممکنہ جنگ بندی اور براہ راست مذاکرات کی راہ ہموار ہونا پاکستان کی ایک بڑی اور تاریخی سفارتی کامیابی ہے جسے عالمی سطح پر بھرپور پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے دہائیوں پر محیط عدم اعتماد کو کم کرنے میں نہایت موثر، متوازن اور مدبرانہ کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں ایک بڑے عالمی تصادم کے خدشات کو ٹال دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کا مذاکرات کی میز پر آنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی نہ صرف حقیقت پسندانہ بلکہ امن پر مبنی ہے۔

گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول نارنگ کی عمارت خستہ حال، طالبات دوسرے سکول منتقل

دور دراز سکول ہونے کی وجہ سے طالبات اور والدین شدید پریشان، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول صدر بازار نارنگ کی عمارت خستہ حال قرار، طالبات کو دوسرے سکول منتقل کر دیا گیا نارنگ منڈی اور گردونواح کی ہزاروں طالبات کو علم کی شمع سے روشن کرنے والی اس قدیمی سکول کی عمارت خستہ حالی کے باعث کسی بھی وقت گر سکتی ہے جس کے باعث طالبات کو حیدری چوک کے قریب واقع سرکاری سکول میں منتقل کر دیا گیا ہے دور دراز سکول ہونے کی وجہ سے طالبات اور والدین شدید پریشان ہیں شدید گرمی اور سخت دھوپ میں شہر اور گردونواح کے دیہات کی سینکڑوں طالبات کو لمبا سفر کرنا پڑتا ہے، جس سے ان کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا انہوں نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور سی ای او ایجوکیشن شیخوپورہ سے نوٹس لیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سکول کی عمارت کو جلد از جلد از سر نو تعمیر کیا جائے اور جب تک عمارت مکمل نہیں ہو جاتی تب تک طالبات کو قریب ترین سرکاری سکول کی عمارت میں منتقل کیا جائے۔

اوکاڑہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر یوسف کاہلوں امتحانی عمل کی چیکنگ کر رہے ہیں

حافظ آباد: وزیر اعلیٰ پنجاب کی کوآرڈینیٹر، رکن قومی اسمبلی سائرہ افضل تارڑ ضلعی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں۔ صدر پریس کلب چوہدری امتیاز احمد تاج بھی موجود ہیں

ایشین کپ فٹبال کوالیفائنگ راؤنڈ، میانمار کی ٹیم اسلام آباد پہنچ گئی

میانمار کے 14 رکنی سکواڈ نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر لینڈ کیا، حکام کا پرتپاک استقبال

پاکستان اور میانمار کی فٹبال ٹیموں کے درمیان 31 مارچ کو اہم میچ کھیلا جائے گا

اسلام آباد(این این آئی) ایشین کپ فٹبال کوالیفائنگ راؤنڈ کے اہم میچ کیلئے میانمار کی قومی فٹبال ٹیم اسلام آباد پہنچ گئی۔ پاکستان اور میانمار کی فٹبال ٹیموں کے درمیان 31 مارچ کو اہم میچ کھیلا جائے گا، جس کیلئے میانمار کے 14 رکنی سکواڈ نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر لینڈ کیا، حکام نے ٹیم کا استقبال کیا۔ میچ ایشین کپ کوالیفائرز کے سلسلے کا اہم مرحلہ ہے جس میں دونوں ٹیمیں فتح کی امید لیے میدان میں اتریں گی، پاکستان اور میانمار کی ٹیموں کے درمیان یہ میچ 31 مارچ کو دوپہر 2 بجے اسلام آباد میں کھیلا جائیگا۔ قومی ٹیم ہوم گراؤنڈ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے شاندار کارکردگی دکھانے کیلئے پرعزم ہے، میانمار کی ٹیم بھی بھرپور تیاری کے ساتھ پاکستان پہنچی ہے۔ فٹبال شائقین اس اہم مقابلے کا بے صبری سے انتظار کر رہے ہیں، دونوں ٹیموں کے درمیان سخت اور دلچسپ مقابلے کی توقع کی جارہی ہے۔

پی ایس ایل، خالی اسٹیڈیمز دیکھ کر دل دکھتا ہے، فرنچائز مالکان

لاہور(این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز کراچی کنگز کے مالک سلمان اقبال نے خالی اسٹیڈیمز پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ لیگ کے آغاز سے اب تک اس کا حصہ رہنے کے ناطے یہ منظر دل کو دکھ پہنچاتا ہے۔ سلمان اقبال نے وزیراعظم شہباز شریف سے درخواست کی کہ شائقین کرکٹ کو دوبارہ اسٹیڈیمز میں آنے کی اجازت دی جائے تاکہ کھیل کی رونقیں بحال ہوسکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ایس ایل کی اصل خوبصورتی عوام کے جوش و خروش سے وابستہ ہے اور جب تک تماشائی موجود نہ ہوں، مقابلوں کا لطف ادھورا رہتا ہے۔ کراچی کنگز کے مالک نے امید ظاہر کی کہ جلد ہی اسٹیڈیمز ایک بار پھر مکمل گنجائش کے ساتھ بھرے نظر آئیں گے اور کرکٹ کا حقیقی ماحول واپس آئے گا۔ آخر میں انہوں نے پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگاتے ہوئے قومی جذبے کو اجاگر کیا، ان کی اس ٹوئٹ کی تائید کرتے ہوئے ملتان سلطانز کے نئے مالک گوہر شاہ نے کہا کہ ایک ہزار فیصد ہم شائقین کی واپسی چاہتے ہیں۔ لاہور قلندرز کے سی ای او عاطف رانا نے کہا کہ شائقین کے بغیر پی ایس ایل ادھورا ہے۔ ہم وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز سے درخواست کرتے ہیں کہ شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دی جائے۔ حیدرآباد کنگزمین کے مالک فواد سرور نے کہا کہ ہم اپنے پہلے پی ایس ایل میں شائقین کی کمی محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف سے درخواست کی شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دی جائے، ہم اپنے شائقین کے سامنے کھیلنے کے لیے مزید انتظار نہیں کرسکتے۔ پشاور زلمی کے مالک جاوید آفریدی نے کہا کہ پی ایس ایل کروڑوں شائقین کے دلوں کی دھڑکن اور قوم کو متحد کرنے کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف سے درخواست کی شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دی جائے تاکہ یہ قومی خوشی قوم کو جوڑنے میں مددگار ثابت ہوسکے۔

ایران کی فٹبال ٹیم کا نائیجیریا میں میچ سے قبل شہید طالبات کو خراج تحسین

شہید ہونے والی طالبات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے چھوٹے اسکول بیگز تھامے ہوئے تھے

انقرہ(این این آئی) ایران کی فٹبال ٹیم نے نائیجیریا سے کھیلے گئے دوستانہ فٹبال میچ سے قبل مناب میں شہید ہونے والی اسکول طالبات کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایران کی قومی فٹبال ٹیم نے ترکی میں کھیلے گئے دوستانہ میچ سے قبل مناب اسکول پر امریکی حملے کے سبب شہید ہونے والی طالبات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے چھوٹے اسکول بیگز تھامے ہوئے تھے۔ واضح رہے امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران میں معصوم بچیوں کے ایک اسکول پر حملہ کیا گیا تھا جس کے نتیجے میں 170 کے قریب بچیاں جام شہادت نوش کرگئی تھیں۔ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے کی جانب سے کیے گئے اس ظالمانہ حملے کے بعد دنیا کے بیشتر ممالک کی جانب سے شدید غم و غصے کا اظہار بھی کیا گیا تھا۔

ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے فروغ کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے؛ طیب محمود چٹھہ

اسلام آباد (یواین پی) پیپلز سپورٹس ونگ پنجاب کے صدر طیب محمود چٹھہ نے کہا ہے کہ ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے فروغ کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں کھیل امن بھائی چارے کا درس دیتا ہے اور کھلاڑی امن کے سفیر ہوتے ہیں اور ان کے ذریعے ہی ملکوں میں آپس رابطے بڑھتے ہیں۔ انہوں اپنے کہا کہ دنیا میں کوئی بھی کھیل حکومتی اور سپانسر کی سرپرستی کے بغیر ترقی نہیں کرسکتا اور پرائیویٹ سیکٹرز کو کرکٹ کی طرح دوسرے کھیلوں پر بھی توجہ دینی چاہئے تاکہ دوسرے کھیل بھی ترقی کرسکیں۔ قومی کھیل ہاکی کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں طیب محمود چٹھہ نے کہا کہ ہاکی ہمارا قومی کھیل ہے اور ہاکی میں پاکستان نے کئی دہائیوں تک دنیا میں حکمرانی کررکھی تھی جن میں ورلڈ کپ، اولمپک گیمز، دولت مشترکہ، چیمپئنز ٹرافی اور ایشیائی سطح پر تمام ٹورنامنٹ شامل تھے اور اللہ تعالیٰ کرے کہ پاکستان اپنا ہاکی کا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کر سکے لیکن ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے فروغ کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کئی سالوں بعد قومی ٹیم کا عالمی کپ کے لئے کوالیفائی کرنا خوشی کی بات ہے۔

سابق کپتان پر الزامات، احمد شہزاد مشکل میں پڑ گئے

کراچی(سپورٹس ڈیسک)ایک سابق کپتان پر الزامات لگانے پر احمد شہزاد قانونی مشکل میں پڑ گئے۔ تفصیلات کے مطابق احمد شہزاد کرکٹ چھوڑ کر اب ٹی وی پر ایکسپرٹ کے روپ میں نظر آتے ہیں، وہ جس طرح کی جارحانہ بیٹنگ کرتے تھے اب ان کے تبصرے بھی ویسے ہی ہوتے ہیں۔ البتہ گزشتہ دنوں ایک سابق کپتان کے حوالے سے انہوں نے متواتر بعض تبصرے کیے، ان میں سے ایک مخصوص کھلاڑی کو نہ کھلانے کے حوالے سے تھا جس کا جواز بھی دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ایک سے زائد بار یہ الزام سننے پر سابق کپتان کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا، انہوں نے قانونی راہ اپناتے ہوئے شکایت درج کرا دی۔ سائبر کرائم قانون کے تحت احمد شہزاد کو گزشتہ دنوں لاہور میں پوچھ گچھ کے لیے بھی بلایا جاچکا، اگر وضاحت سے حکام مطمئن نہ ہوئے تو باقاعدہ ایف آئی آر درج ہوسکتی ہے۔ سابق کپتان کے قریبی ذرائع نے بتایا کہ اگر صرف کھیل کے حوالے سے بات ہو تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ البتہ الزامات لگانے سے ساکھ متاثر ہوتی ہے، اگر کوئی بات درست نہ بھی ہو لیکن اسے بار بار دہرایا جائے تو لوگ اسے سچ سمجھنے لگتے ہیں، اس لیے کارروائی ضروری تھی۔

فرنچائز پشاور زلمی نے سابق کپتان اظہر علی کو فیلڈنگ کوچ مقرر کردیا

اظہر علی کی آمد سے ہماری فیلڈنگ مضبوط ہوگی اور وہ ہماری کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں گے



لاہور(یواین پی) پی ایس ایل کی فرنچائز پشاور زلمی نے سابق کپتان اظہر علی کو فیلڈنگ کوچ مقرر کردیا۔ پی ایس ایل 11 میں پشاور زلمی نے راولپنڈیز کے خلاف اپنے پہلے میچ سے قبل سابق کپتان اظہر علی کو فیلڈنگ کوچ مقرر کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ زلمی نے سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا کہ 'ہم سابق پاکستانی کپتان اظہر علی کو پی ایس ایل 11 کے لیے بطور فیلڈنگ کوچ خوش آمدید کہتے ہیں۔ پشاور زلمی کے مطابق اظہر علی کی آمد سے ہماری فیلڈنگ مضبوط ہوگی اور وہ ہماری کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں گے۔ واضح رہے کہ اظہر علی نے 97 ٹیسٹ اور 53 ایک روزہ میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی اور بالترتیب 7 ہزار 142 اور 1 ہزار 849 رنز بنائے ہیں۔

معروف گالفر ٹائیگر ووڈز کو فلوریڈا میں گرفتار کرلیا گیا

کار حادثے میں ملوث ہونے کے بعد نشے کی حالت میں گاڑی چلانے کا مقدمہ درج کرلیا گیا

فلوریڈا(این این آئی) معروف گالفر ٹائیگر ووڈز کو فلوریڈا میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق ٹائیگر ووڈز پر فلوریڈا کے علاقے جیوپیٹر آئی لینڈ میں ایک کار حادثے میں ملوث ہونے کے بعد نشے کی حالت میں گاڑی چلانے کا مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا گیا ہے۔ امریکی پولیس کی جانب سے ٹائیگر ووڈز پر نشے کی حالت میں ڈرائیونگ، املاک کو نقصان پہنچانے اور قانونی ٹیسٹ دینے سے انکار کے الزامات عائد کیے گئے ہیں، یہ سب اس وقت پیش آیا جب وہ فلوریڈا میں ایک کار حادثے میں ملوث ہوئے، ان کو حادثے کے بعد پولیس نے جیل منتقل کردیا۔ 15 بڑے ٹائٹلز جیتنے والے گالف کھلاڑی کو اس وقت جیل لے جایا گیا جب ان کی گاڑی ایک ٹریلر کو اوورٹیک کرنے کی کوشش کے دوران ٹکر کے بعد الٹ گئی۔ فلوریڈا کے مارٹن کاؤنٹی شیرف کے دفتر نے صحافیوں کو بتایا کہ اس واقعے کے بعد ووڈز میں نشے کی علامات پائی گئیں۔ یہ حادثہ گزشتہ مقامی وقت کے مطابق دوپہر دو بجے کے فوراً بعد پیش آیا اور اسی قصبے میں ہوا جہاں ووڈز رہائش پذیر ہیں۔ شیرف کے مطابق ٹائیگر ووڈز نے موقع پر سانس کے ذریعے الکحل چیک کرنے والا ٹیسٹ دیا جو منفی آیا تاہم انھوں نے پیشاب کے نمونے کا ٹیسٹ دینے سے انکار کردیا، ان پر املاک کو نقصان پہنچانے اور قانونی ٹیسٹ سے انکار کے الزامات بھی عائد کیے گئے ہیں۔ اس حادثے میں کسی کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی۔ شیرف نے کہا کہ نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کے تفتیش کار موقع پر آئے۔

سرسبز انٹر ڈیپارٹمنٹ نیشنل کبڈی چیمپئن شپ 14 اپریل سے فیصل آباد میں شروع ہوگی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے زیراہتمام سرسبز انٹر ڈیپارٹمنٹ نیشنل کبڈی چیمپئن شپ 14 اپریل سے ملک پور سٹیڈیم فیصل آباد میں شروع ہوگا۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے چیئرمین چوہدری شافع حسین اور صدر چوہدری سالک حسین نے چار روزہ کبڈی چیمپئن شپ منعقد کروانے کی منظوری بھی دے دی ہے۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے فیڈریشن سے منسلک 8 ڈیپارٹمنٹس کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ائر فورس، پاکستان واپڈا، پاکستان پولیس، پاکستان ریلوے، پی او ایف واہ، ہائر ایجوکیشن کمیشن اور ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیمیں شامل ہیں۔ ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیم پہلی بار چیمپئن شپ میں حصہ لے رہی ہے۔ چیمپئن شپ کا فائنل میچ 17 اپریل کو کھیلا جائے گا اور چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔

بابر اعظم کی نجی زندگی سے متعلق بڑی خوشخبری سامنے آگئی

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بلے باز بابر اعظم کی نجی زندگی سے متعلق بڑی خوشخبری سامنے آگئی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائی کورٹ نے پاکستان کرکٹ ٹیم سابق کپتان بابر اعظم کی درخواست پر تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ عدالت نے بابر اعظم کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے بابر اعظم کی اندراج مقدمہ کے خلاف دائر درخواست منظور کرلی۔ بابر اعظم نے درخواست میں جسٹس آف پیس کے مقدمہ درج کرنے کے حکم کو چیلنج کیا تھا۔ جسٹس آف پیس نے خاتون حمیزہ مختار کی درخواست پر ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت کی تھی۔

پرفارمنس کی خوشی تب ہوتی ہے جب ٹیم میچ جیتے، شامل حسین

خوش ہوں ٹورنامنٹ کا آغاز اچھا ہوا اور پہلے میچ میں اچھی بیٹنگ کی، میڈیا سے گفتگو

لاہور(یواین پی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اوپنر بیٹر شامل حسین نے کہا ہے کہ پرفارمنس کی خوشی تب ہوتی ہے جب ٹیم میچ جیتے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اوپنر بیٹر شامل حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خوش ہوں کہ ٹورنامنٹ کا آغاز اچھا ہوا اور پہلے میچ میں اچھی بیٹنگ کی۔ انہوں نے کہا کہ ٹی 20 کرکٹ بدل چکی ہے، اسٹرائیک ریٹ کو دیکھنا پڑتا ہے۔ شامل حسین نے کہا کہ میرا فوکس محنت پر ہے تنقید سے پریشان نہیں ہوتا، لوگوں کی تنقید پر اپنا بیٹنگ اسٹائل تبدیل نہیں کرسکتا، کچھ غلط ہوا تو ضرور بہتر کرنے کی کوشش کروں گا۔ اوپنر بیٹر نے کہا کہ انٹرنیشنل کرکٹ میں پاکستان کی جرسی پہننے کا الگ ہی فخر ہے، انٹرنیشنل کرکٹ میں بہتر نہ کرسکا لیکن ڈومیسٹک میں اچھا کھیل رہا ہوں۔

اپنی باؤلنگ میں جدت لانے کے لیے مسلسل محنت کر رہے ہیں، عثمان طارق

کسی خاص بلے باز کو ہدف بنانے کے بجائے ان کی توجہ مجموعی کارکردگی بہتر بنانے پر ہے

لاہور(یواین پی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اسپنر عثمان طارق نے کہا ہے کہ وہ اپنی باؤلنگ میں جدت لانے کیلئے مسلسل محنت کر رہے ہیں اور نئی اقسام کی گیندوں پر کام جاری ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان سپر لیگ کے دوران کسی خاص بلے باز کو ہدف بنانے کے بجائے ان کی توجہ مجموعی کارکردگی بہتر بنانے پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ان کے منفرد باؤلنگ ایکشن کو زیادہ زیر بحث لایا جاتا تھا تاہم اب ان کی پرفارمنس کو سراہا جا رہا ہے جو ان کے لیے حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر کھلاڑی کی طرح ان کی بھی کوشش ہے کہ وہ اپنی ٹیم کے لیے نمایاں کارکردگی دکھائیں اور ٹورنامنٹ میں بہترین باؤلر بن کر ابھریں۔ عثمان طارق نے ابرار احمد کے بارے میں کہا کہ وہ تسلسل کے ساتھ اچھی کارکردگی دکھا رہے ہیں، جس سے ٹیم کو فائدہ ہوتا ہے اور باؤلنگ یونٹ پر دباؤ کم رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم منیجمنٹ، خصوصاً ہیڈ کوچ مائیک ہیسن کی ہدایت پر وہ بیٹنگ صلاحیتوں کو بہتر بنانے پر بھی توجہ دے رہے ہیں اور نیٹس میں باقاعدہ پریکٹس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال ان کی تمام تر توجہ پی ایس ایل پر مرکوز ہے جبکہ دیگر لیگز کے بارے میں فیصلہ مناسب وقت پر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کھیل کو سیاست سے دور رکھنا ہی اس کی بہتری کے لیے ضروری ہے۔

قومی ہاکی کے ڈومیسٹک اسٹرکچر میں تبدیلی بہت ضروری ہے، اولمپین شہناز شیخ

ملک میں ہاکی کی ترقی کے لئے تنقید مثبت ہونے چاہئے، گفتگو

اسلام آباد(یواین پی) قومی ہاکی ٹیم کے سابق ہیڈکوچ اولمپین شہناز شیخ نے کہا ہے کہ قومی کھیل ہاکی کو دوبارہ عروج پر لانے کے لئے ڈومیسٹک اسٹرکچر میں تبدیلی بہت ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں گراس روٹ سطح پر ہاکی کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور اس کی ترقی کے لئے کلب سسٹم کو مضبوط بنانے کی بھی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلب سسٹم اور سکول کالجز کی سطح پر ہاکی کے کھیل کو فروغ دیئے بغیر ہاکی کی ترقی ناممکن ہے۔ ایجوکیشن اور سپورٹس کی وزارت ایک ہونی چاہئے جب سے دونوں وزارتوں کو الگ کیا اس وقت سے ہاکی کا کھیل تباہی کی طرف گیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک میں ہاکی کی ترقی کے لئے تنقید مثبت ہونے چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بہت صلاحیتیں دی ہوئی ہیں اور ہاکی میں ٹیکنوکریٹ آدمیوں کا شامل ہونا بہت ضروری ہے ایک سوال کے جواب میں شہناز شیخ نے کہا کہ دنیا میں ہاکی کے کھیل کا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرنے کے لئے ڈومیسٹک اسٹرکچر کو تبدیل کرنے کی بہت ضرورت ہے اور ہاکی قومی کھیل ہے اس کھیل میں بہتر رزلٹ لانا چاہئے۔ تمام اولمپین کی بھی خواہش ہے کہ قومی کھیل دوبارہ عروج پر آئے اور قومی کھیل ہاکی کو دوبارہ عروج پر لانے کے لئے ڈومیسٹک اسٹرکچر میں تبدیلی بہت ضروری ہے۔

آسٹریلیا: گھڑسوار گھڑسواری مقابلے میں ایک دوسرے پر برتری حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

دھرندھر کی کامیابی کے بعد رنویر کی دیپکا سے ملاقات کی تصویر وائرل

بالی ووڈ کے معروف جوڑے کو عملے کے ساتھ پوز دیتے دیکھا گیا، رپورٹ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی پروپیگنڈہ فلم دھرندھر کے سیکوئل کی کامیابی کے بعد اداکار رنویر سنگھ کی اپنی اہلیہ دیپکا پڈوکون کے ساتھ ملاقات کی تصویر وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر ایک تصویر وائرل ہورہی ہے جس میں حال ہی میں بالی ووڈ کو بلاگ بسٹر فلم دینے والے اداکار رنویر سنگھ اپنی اہلیہ دیپکا پڈوکون کے ہمراہ ممبئی میں ایک سادہ اور پرسکون وقت گزارتے نظر آئے۔ وائرل تصویر ایک ریسٹورنٹ کی جانب سے شیئر کی گئی جس میں بالی ووڈ کے معروف جوڑے کو عملے کے ساتھ پوز دیتے دیکھا گیا۔ یہ جوڑا ایک ریسٹورنٹ گیا جہاں ان کے ساتھ رنویر سنگھ کے والد جگجیت سنگھ بھاونانی بھی موجود تھے۔ ریسٹورنٹ کی جانب سے شیئر کی گئی تصویر میں تینوں کو عملے کے ساتھ پوز دیتے دیکھا جا سکتا ہے۔ 40 سالہ اداکار نے سیاہ ٹی شرٹ، سفید کیپ اور سن گلاسز پہن رکھے تھے اور وہ سیلفی لے رہے تھے جبکہ 40 سالہ اداکارہ ان کے ساتھ کھڑی مسکرا رہی تھیں اور پیس سائن بنا رہی تھیں۔ جگجیت سنگھ بھاونانی ان کے پیچھے کھڑے تھے۔ رنویر سنگھ حال ہی میں فلم دھرندھر 2 میں نظر آئے، جو 19 مارچ کو ریلیز ہوئی۔

شوگر ڈیڈی سے فائدہ، مشی خان زینب یوسف پر بھڑک اٹھیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ اور میزبان مشی خان نے حالیہ دنوں سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والے شوگر ڈیڈی سے متعلق بیانات پر شدید ردعمل کا اظہار کیا اور پوڈکاسٹ کلچر کو بھی تنقید کا نشانہ بناڈالا۔ مشی خان نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے زینب یوسف کے ایک پوڈکاسٹ پر کھل کر بات کی جس میں مبینہ طور پر لڑکیوں کو شوگر ڈیڈی کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے مشورے دیے گئے تھے۔ اداکارہ نے اس طرز گفتگو کو غیر اخلاقی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے بیانات معاشرے کے لیے نقصان دہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حقیقت میں لڑکیاں شوگر ڈیڈی نہیں رکھتیں بلکہ ایسے مرد وقتی طور پر انہیں استعمال کرتے ہیں۔ مشی خان کے مطابق اس طرح کے تعلقات کا انجام اکثر لڑکیوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے، جہاں وہ مالی اور ذہنی مسائل کا شکار ہوجاتی ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ پوڈکاسٹس میں ایسے افراد کو جگہ دینا جو غیر اخلاقی رویوں کو فروغ دیتے ہیں، معاشرے کے لیے خطرناک رجحان ہے۔

مس تھائی لینڈ کے مقابلہ حسن میں امیدوار کے نقلی دانت گرنے کی ویڈیو وائرل

تھائی لینڈ (شوبز ڈیسک) تھائی لینڈ میں ہونے والے مقابلہ حسن میں ایک غیر متوقع واقعے نے سب کی توجہ حاصل کرلی۔ تفصیلات کے مطابق مس گرینڈ تھائی لینڈ کی ایک امیدوار کے ساتھ اسٹیج پر دلچسپ صورتحال پیش آئی جب تقریر کے دوران امیدوار کے نقلی دانت گر گئے۔ 18 سالہ ماڈل کامولوان چنا گوا اپنی تعارفی تقریر کے بیچ میں تھیں کہ اچانک ان کے دانتوں پر لگے وینیئرز ڈھیلے ہو کر باہر آگئے۔ لائیو اسٹریمنگ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ کچھ لمحوں کے لیے بولنے میں دشواری محسوس کرتی رہیں اور پھر کیمرے سے رخ موڑ کر انہیں دوبارہ درست کرنے لگیں۔

عائزہ خان کا بولڈ فوٹو شوٹ وائرل، صارفین کا دلچسپ ردعمل



کراچی (شوبز ڈیسک) نامور پاکستانی اداکارہ عائزہ خان کا بولڈ فوٹو شوٹ سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا جو مداحوں کو متاثر نہ کرسکا۔ اداکارہ عائزہ خان پاکستان کی مقبول ٹی وی اداکارہ ہیں، جن کے انسٹاگرام پر تقریباً 9.14 ملین فالوورز ہیں۔ ان کے مشہور ڈراموں میں چاند تارا، مہرپوش، چوہدری اینڈ سنز، میرے پاس تم ہو، محبت تم سے نفرت ہے، پیارے افضل، لاپتا اور جان جہاں شامل ہیں۔ حال ہی میں مداحوں نے نجی ٹی وی کے ڈرامہ سیریل ہمراز میں ان کی شاندار اداکاری کو بھی سراہا۔ اس عیدالفطر پر عائزہ خان نے اپنے بولڈ انداز کے باعث خبروں میں جگہ بنائی، جب انہوں نے عید لک کی تصاویر شیئر کیں، جو کہ ماضی میں ان کی ذاتی پسند کے خلاف تھا کیونکہ وہ پہلے ایسے لباس نہیں پہنتی تھیں۔ آج عائزہ خان نے ایک اور بولڈ عید فوٹو شوٹ شیئر کیا۔

حمزہ علی عباسی نے اپنی بہن سے متعلق تنازع پر خاموشی توڑ دی

اس مشکل وقت میں اپنی بہن کیساتھ کھڑا ہوں، مجھے انکی دیانت داری پر مکمل اعتماد ہے

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان کے معروف اداکار حمزہ علی عباسی نے اپنی بہن ڈاکٹر فریلہ عباسی سے متعلق تنازع پر خاموشی توڑ دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اداکار حمزہ علی عباسی اس معاملے پر وضاحتی بیان انسٹاگرام پر شیئر کیا، اپنے بیان میں کہا کہ انکا اس کیس سے کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہے، کچھ میڈیا کوریج سے یہ تاثر پیدا ہو رہا ہے کہ میرا اس کیس سے کسی نہ کسی طرح سے تعلق ہے یا میں اس میں شامل ہوں، جو کہ درست نہیں ہے۔ میرے خلاف کسی بھی ادارے کی جانب سے کوئی تحقیقات نہیں ہو رہیں، نہ ہی میں کسی حیثیت میں اس کیس کا حصہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انکی بہن ڈاکٹر فریلہ عباسی ایک نہایت کامیاب اور پروفیشنل ہیں جن کا کیریئر شاندار رہا ہے، اور وہ اس مشکل وقت میں انکے ساتھ کھڑا ہوں، مجھے انکی دیانت داری پر مکمل اعتماد ہے، میرا موقف ہے کہ انکا موقف بھی سنا جانا چاہیے، انکے پیشہ ورانہ اور قانونی معاملات کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے، مجھے یقین ہے کہ ہمارے ادارے انصاف کو یقینی بنائیں گے اور سچ سامنے آئے گا۔ حکام کے مطابق فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے ڈاکٹر فریلہ عباسی کے خلاف دو علیحدہ مقدمات درج کیے ہیں۔

اسرائیلی وامریکا کی فلمی ہدایت کار عباس کیارستمی کے گھر پر بمباری

تہران (این این آئی) اسرائیلی اور امریکی بمباری میں ایران کے مشہور زمانہ فلمی ہدایت کار عباس کیارستمی کا گھر بھی نشانہ بن گیا۔ میڈیا رپورٹ عباس کیارستمی ایران کے مشہور ترین ہدایت کار تھے جنہیں ان کی فلم ٹیسٹ آف چیری پر فرانس کا بڑا فلمی اعزاز پام دور بھی ملا تھا۔ عباس کیارستمی 2016 میں انتقال کر گئے تھے۔ اسرائیلی اور امریکی بمباری سے اصفہان کے مشہور چہل ستون محل اور گلستان محل کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ ایرانی حکام کے مطابق اس بمباری میں ایران کے 80 ثقافتی مقامات کو نقصان پہنچ چکا ہے۔

ترک سوشل میڈیا انفلوئنسر کبریٰ کار اصلان نے پل سے چھلانگ لگادی

کبریٰ کو دن دیہاڑے پل کی حفاظتی ریلنگ پر چڑھتے دیکھا گیا

انقرہ (این این آئی) ترکی کی معروف سوشل میڈیا انفلوئنسر کبریٰ کار اصلان ایک دل دہلا دینے والے واقعے میں جان کی بازی ہار گئیں۔ تفصیلات کیم طابق 21 سالہ کبریٰ کار اصلان نے 26 مارچ 2026 کو مبینہ طور پر ایک پل سے چھلانگ لگا دی۔ رپورٹس کے مطابق یہ افسوسناک واقعہ عثمان غازی پل پر پیش آیا، جو ترکی کے علاقے گبھزے میں واقع ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق کبریٰ کو دن دیہاڑے پل کی حفاظتی ریلنگ پر چڑھتے دیکھا گیا، جس پر وہاں موجود افراد اور ڈرائیورز نے فوراً اپنی گاڑیاں روک کر انہیں بچانے کی کوشش کی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ کئی افراد کبریٰ کو اس قدم سے روکنے کی کوشش کرتے رہے اور کافی دیر تک انہیں سمجھاتے رہے، تاہم وہ نہ مانیں اور بالآخر کئی میٹر بلند پل سے نیچے پانی میں کود گئیں۔ ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور انہیں نکال کر قریبی ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکیں اور ڈاکٹرز نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔ کبریٰ کار اصلان سوشل میڈیا پر لائف اسٹائل کنٹینٹ کی وجہ سے خاصی مقبول تھیں اور ان کے ہزاروں فالوورز تھے، وہ ترک فٹبال کلب کی زبردست مداح بھی تھیں اور اکثر اپنی پوسٹس میں ٹیم کی حمایت کرتی نظر آتی تھیں۔

مجھے کاسمیٹک سرجری کروانے کی پیشکش کی گئی، عثمان پیرزادہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکار عثمان پیرزادہ نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں اب کاسمیٹک سرجری کروانے کی پیشکش کی جارہی ہے۔ ایک پوڈکاسٹ میں انہوں نے بتایا کہ میں نے اچھا نظر آنے کے لیے آج تک اپنے چہرے پر کچھ نہیں کروایا بس گلیسرین سوپ سے منہ دھوتا ہوں تاہم اب چونکہ میری گردن پر جھریاں آگئی ہیں تو اس وجہ سے مجھے میرے دوست کی طرف سے کاسمیٹک سرجری کروانے کی پیشکش کی جارہی ہے۔ اداکار نے کہا کہ میں نے اسے منع کردیا، میں یہ نہیں کرواسکتا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مجھے لگتا ہے کاسمیٹک سرجری کروانے کے بعد خوفناک جے ہوئے تاثرات نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ شوبز میں ہیں تو خوبصورت اور فٹ نظر آنے کے لیے صرف اچھی خوراک کا استعمال کریں اور ورزش کریں بس اتنا ہی کافی ہے۔ عثمان پیرزادہ نے بتایا کہ میں اب 75 سال کا ہوگیا ہوں۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم فن "ورلڈ آرٹ ڈے" 15 اپریل کو منایا جائے گا

ملکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم فن "ورلڈ آرٹ ڈے" 15 اپریل کو منایا جائے گا جس کا مقصد تخلیقی صلاحیتوں، ثقافت اور فنکارانہ تخلیقات کو اجاگر کرنا ہے۔ ورلڈ آرٹ ڈے کے حوالے سے سماجی تنظیموں کے زیراہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا اور فنون لطیفہ کی تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالی جائے گی جبکہ پینٹنگز، مجسموں، پرنٹس اور ویڈیو وغیرہ کی آؤٹ ڈور آرٹ نمائشیں بھی لگائی جائیں گی۔ واضح رہے کہ ورلڈ آرٹ ڈے، دنیا بھر میں آرٹ کی ترقی، پھیلاؤ اور اسے فروغ دینے کیلئے اقوام متحدہ کے زیر اہتمام منایا جاتا ہے جس کی منظوری 2019ء میں دی گئی۔

دبنگ، مجھے فلم کی کہانی سمجھ میں نہیں آئی، سونو سود

کبھی بھی صرف پیسوں کیلئے فلم نہیں کرتا، بھارتی اداکار کی گفتگو



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار سونو سود نے دبنگ 2 میں کام کرنے سے انکار کی وجہ بتاتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے فلم کی کہانی سمجھ میں نہیں آئی۔ تفصیلات کے مطابق 2010 کی باکس آفس پر ہٹ فلم دبنگ میں ولن کا کردار ادا کرنے والے اور اپنی حقیقی زندگی میں انسان دوستی کی وجہ سے مشہور سونو سود نے کہا کہ شروع میں نے دبنگ کو بھی کرنے سے انکار کیا تھا کیونکہ وہ اس کردار سے خود کو جوڑ نہیں پا رہے تھے۔ بھارتی پنجاب سے تعلق رکھنے والے 53 سالہ سونو نے کئی فلموں میں ولن کا کردار ادا کیا ہے۔ انہی میں سے ایک کردار دبنگ کے چھیدی سنگھ کا تھا مگر دلچسپ بات یہ ہے کہ وہ ابتدا میں یہ کردار کرنے کے لیے تیار نہیں تھے۔ ایک حالیہ گفتگو میں سونو سود نے بتایا کہ بعد میں ہدایتکار ابھینو کیشپ کے ساتھ کئی ملاقاتوں کے بعد صورتحال بدلی۔ سونو نے کہا کہ انہوں نے مل کر کردار میں تبدیلیاں کیں اور اسے مزید دلچسپ اور مزاحیہ بنایا اور اس میں کافی تبدیلیاں کیں، مجھے اس بات سے فرق نہیں پڑتا کہ کردار مثبت ہے یا منفی، اگر وہ لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹ لائے اور انہیں محظوظ کرے تو وہ بہترین ہے۔

اداکارہ صبا آزاد خطرناک انفیکشن کی وجہ سے ہسپتال میں داخل

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ صبا آزاد کو خطرناک انفیکشن سائیکلو اسپورا کیایٹینسس کی وجہ سے ہسپتال میں داخل ہونا پڑا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 40 سالہ صبا آزاد جو اسٹار اداکار ریتھک روشن کی اہلیہ ہیں، انہوں نے سوشل میڈیا پر اسپتال کے بستر کی اپنی تصویر شیئر کی۔ کیپشن میں لکھا کہ یہ 14 دن زندگی کے بدترین دن تھے، اس دوران تقریباً 4 کلو وزن کم ہوگیا جس کی وجہ سے شدید کمزوری محسوس ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں پہلے باقاعدگی سے ورزش کرتی تھیں مگر اچانک جسمانی طاقت ختم ہوگئی ہے، ریتھک روشن نے اس دوران اپنی اہلیہ کا حوصلہ بڑھایا۔ اس موقع پر اداکارہ نے عوام کو خوراک کی یعنی خاص طور پر سبزیوں کو اچھی طرح سے دھونے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ اس نوعیت کے انفیکشن سے بچا جاسکے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم فن ورلڈ آرٹ ڈے 15 اپریل کو منایا جائے گا

فیصل آباد (یواین پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم فن ورلڈ آرٹ ڈے 15 اپریل کو منایا جائے گا جس کا مقصد تخلیقی صلاحیتوں، ثقافت اور فنکارانہ تخلیقات کو اجاگر کرنا ہے۔ ورلڈ آرٹ ڈے کے حوالے سے سماجی تنظیموں کے زیراہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا اور فنون لطیفہ کی تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالی جائے گی جبکہ پینٹنگز، مجسموں، پرنٹس اور ویڈیو وغیرہ کی آؤٹ ڈور آرٹ نمائشیں بھی لگائی جائیں گی۔ واضح رہے کہ ورلڈ آرٹ ڈے، دنیا بھر میں آرٹ کی ترقی، پھیلاؤ اور اسے فروغ دینے کیلئے اقوام متحدہ کے زیر اہتمام منایا جاتا ہے جس کی منظوری 2019ء میں دی گئی۔ ماہرین کے مطابق فن اور ثقافت انسانیت کیلئے ازحد ضروری ہیں آرٹ دنیا بھر کے لوگوں کیلئے تخلیقی صلاحیتوں، فن پاروں، اختراعات اور ثقافتی تنوع کو پروان چڑھاتا ہے۔

قاسم شاکر کا ڈی ایس پی بورے والا رانا محمد عمران ٹیپو کو پنجابی نظم میں خراج تحسین پیش

لاہور (یواین پی) بورے والا کی ادبی اور سماجی فضاؤں میں محبت اور رواداری کی ایک خوبصورت مثال اس وقت علاقے کے معروف پنجابی شاعر قاسم شاکر نے ڈی ایس پی بورے والا رانا محمد عمران ٹیپو سے اپنی عقیدت اور محبت کا اظہار کیا اور اپنی پنجابی نظم میں انکی محکمانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

والدین اپنے بچوں کی نشوونما پر خاص توجہ دیں، ورون دھون کا بیٹی لارا دھون کی صحت کے بارے انکشاف

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار ورون دھون نے حال ہی میں اپنی کمسن بیٹی لارا دھون کی صحت کے بارے میں اہم انکشاف کرتے ہوئے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کی نشوونما پر خاص توجہ دیں۔ تفصیلات کے مطابق ورون اور ان کی اہلیہ نتاشا دلال نے 2024 میں اپنی بیٹی لارا کی پیدائش سے آگاہ کیا تھا۔ ایک حالیہ پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے 38 سالہ ورون نے بتایا کہ ان کی بیٹی میں ڈیویلپمنٹل ڈائیسپلاسیا نامی بیماری کی تشخیص ہوئی تھی، جس کی وجہ سے وہ صحیح طرح چل یا دوڑ نہیں سکتی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ جب لارا ڈیڑھ سال کی تھی تو معلوم ہوا کہ اسے ڈی ڈی ایچ ہے، جس میں کولہے کی ہڈی اپنی جگہ سے نکل جاتی ہے۔ اس کے نتیجے میں ایک ٹانگ چھوٹی اور دوسری بڑی ہوجاتی ہے، جس سے چلنے میں لنگڑاہٹ پیدا ہوتی ہے۔ ورون کے مطابق اس بیماری کا علاج مغربی ممالک میں پیدائش کے وقت ہی بہتر طریقے سے ہوجاتا ہے، جبکہ بھارت میں ہر جگہ یہ سہولت دستیاب نہیں، لیکن یہاں بھی بہت اچھے ڈاکٹر موجود ہیں۔ خوش قسمتی سے لارا کو سرجری کی ضرورت نہیں پڑی بلکہ ایک طریقہ کار کے ذریعے کولہے کو دوبارہ اپنی جگہ پر لایا گیا تاہم اس کے بعد اسے تقریباً ڈھائی ماہ تک اسپائکا کاسٹ میں رہنا پڑا، جو ایک بچے کے لیے بہت مشکل مرحلہ ہوتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسے اینستھیسیا دے کر کاسٹ لگایا گیا اور جب وہ ہوش میں آئی تو مکمل کاسٹ میں تھی۔ اب کاسٹ ہٹا دی گئی ہے اور وہ صحت یاب ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس تجربے پر ایک کتاب بھی لکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کی چلنے پھرنے اور حرکت کرنے پر توجہ مرکوز کیا کریں۔

بقیہ 1

جارہی ہے۔حکومت کے مطابق سکیم کے تحت ہر کامیاب امیدوار کو 25 سے 40 لاکھ روپے مالیت کی زرعی اراضی کاشت کیلئے دی جائے گی، جبکہ آبادکاری کیلئے فی ایکڑ 50 ہزار سے ڈھائی لاکھ روپے تک کی ون ٹائم گرانٹ بھی فراہم کی جائے گی۔ڈسٹرکٹ میں اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم" کیلئے 43938 ایریاز اور چولستان میں 83425 ایریاز، آبپاشی اور زرخیزی کو مدنظر رکھ کر نشاندہی کی گئی ہے۔یہ اراضی بیروزگار دیہاتی کاشتکاروں کو 10 سال کیلئے فراہم کی جائے گی اور اس کا استعمال صرف زرعی مقاصد کیلئے ہوگا، کسی بھی قسم کی پختہ تعمیرات کی اجازت نہیں ہوگی، کاشتکار اپنی مرضی کی فصل اگانے کے مجاز ہوں گے، جبکہ ہر لاٹ کے ساتھ ایگریکلچر افسر اور زرعی انٹرنی بھی تعینات کئے جائیں گے تاکہ فنی رہنمائی فراہم کی جاسکے۔اسسٹنٹ کمشنر اور محکمہ زراعت کے افسران پر مشتمل کمیٹی سال میں دو مرتبہ زمینوں کا معائنہ کرے گی اور کاشت کے عمل کا جائزہ لے گی۔حکام کا کہنا ہے کہ "اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم" دیہی غربت کے خاتمے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور زرعی پیداوار میں اضافے کی جانب ایک انقلابی قدم ثابت ہوگی۔

بقیہ 2

لیں اور واپس عوام کریں یہ ظلم ہے۔کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پوری دنیا میں یونیورسٹی روڈ مذاق بن گئی ہے، یہ لوگ کراچی میں کوئی پروجیکٹ مکمل نہیں کر رہے ہیں، پیپلز پارٹی ملک کے بزرگوں کی بھی ٹیم ہے، ملک کے بزرگوں سے گزارش ہے وہ ان کے پیچھے نہ آئیں۔حافظ نعیم نے کہا ہے کہ میئر "کراچی کو حق دو" کراچی سے تکلیف ہوتی ہے لیکن جماعت اسلامی نظام کی تبدیلی پر کام کر رہی ہے اور میئر کراچی کے خلاف عدم اعتماد لائے گی، جماعت اسلامی 25 اپریل سے ملک بھر میں ممبر سازی مہم شروع کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب تک موجودہ نظام قائم رہے گا ملک ٹھیک نہیں ہوگا، قرضے حکمران لیں اور واپس عوام کریں یہ ظلم ہے، پیٹرول میں لیویز پر عدالت کو نوٹس لینا چاہیے، جماعت اسلامی پیٹرولیم لیویز کے خلاف عدالت جائے گی۔حافظ نعیم کا کہنا تھا کہ آئی پی پیز کے ناجائز معاہدے کیے ہوئے ہیں، جو بجلی پیدا نہیں ہوتی اس کے پیسے عوام بھر رہے ہیں، یہ لوگ جب وزیر و مشیر بنتے ہیں تو ملک کے لیے نہیں بلکہ اپنے لیے معاہدے کر رہے ہیں، دنیا بھر میں ایسا کوئی معاہدہ نہیں ہوا لیکن حکمرانوں نے ایسے معاہدے کیے جس کا خمیازہ عوام بھگت رہی ہے۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ کروڑوں بچے سکول سے باہر ہیں، 15 ارب روپے کا جہاز والی وزیر اعلیٰ سکولوں کو آؤٹ سورس کر رہی ہیں، 100 ملین ڈالر بھی ملک کے پاس آجائیں اشرافیہ کھا جائے گی۔

بقیہ 3

لئے گئے بحری جہاز میں ایران کیلئے تحفہ نہیں تھا۔چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ یہ غیر ملکی کنٹینر جہاز تھا جسے امریکا نے تحویل میں لیا، چین کسی بھی بدنیتی پر مبنی تعلق جوڑنے اور قیاس آرائیوں کی مخالفت کرتا ہے، بڑی طاقت کی حیثیت سے چین نے ہمیشہ اپنی بین الاقوامی ذمہ داریاں پوری کیں۔ترجمان نے کہا کہ علاقائی صورتحال جنگ اور امن کے درمیان نازک موڑ پر ہے، دوبارہ جنگ روکنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنا ہوگی، ایران امریکا تنازع کو سیاسی اور سفارتی ذرائع سے حل کرنے کی حمایت کرتے ہیں۔

بقیہ 4

مندی کی بنیاد پر مذاکرات کا دروازہ اب بھی کھلا ہے۔ایرانی صدر کے دفتر نے ملکی قیادت میں اختلافات کی خبریں مسترد کردیں اور کہا کہ ایرانی قیادت کے اندر مثالی اتحاد ہے۔ترجمان ایران صدارتی دفتر مہدی طباطبائی نے امریکی صدر کا نام لیے بغیر کہا کہ دشمن سیاسی پروپیگنڈا کر رہا ہے، جھوٹ گھڑنے کے بجائے، انہیں اپنی وعدہ خلافی، دھونس اور فریب کاری بند کرنی چاہئے، انصاف، وقار اور دانشمندی کی بنیاد پر مذاکرات کا دروازہ اب بھی کھلا ہے۔علاوہ ازیں ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ وعدہ خلافی، ناکہ بندی اور دھمکیاں حقیقی مذاکرات میں راہ میں رکاوٹ ہیں۔ایک بیان میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران نے مذاکرات اور معاہدے کا خیر مقدم کیا اور کرتا رہے گا، دنیا کو آپ کی منافقانہ بیان بازی، دعوؤں اور عمل میں تضاد نظر آرہا ہے۔خیال رہے کہ ایرانی صدر کا یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے توقع ظاہر کی ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات کا دوسرا دور جمعہ کو ہوسکتا ہے۔امریکی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ فوج کو ہدایت دی ہے کہ ناکہ بندی جاری رکھی جائے اور ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار رہے، جنگ بندی کو اس وقت تک بڑھایا جارہا ہے جب تک ایران اپنی تجاویز پیش نہیں کردیتا۔دوسری طرف وائٹ ہاؤس کی ترجمان کیرولین لیوٹ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ غیر معینہ مدت تک جنگ بندی نہیں کی گئی، ایران کو چند متفقہ تجاویز کے لیے چند دن دیئے ہیں۔

بقیہ 5

بڑھانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں کوئی تاخیر یا نرمی برداشت نہیں کی جائے گی۔

سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی بحریہ کو حکم دیا ہے کہ چھوٹی ہو یا بڑی ہر کشتی کو نشانہ بنایا جائے۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگیں بچھانے والی ہر کشتی کو تباہ کر دیا جائے، کوئی ہچکچاہٹ نہیں

ہے۔انہوں نے کہا کہ دشمن کے تمام 159 بحری جہاز سمندر کی تہہ میں جا چکے ہیں، امریکی مائن سوئپرز آبنائے ہرمز کو صاف کرنے میں مصروف ہیں۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ایران کے ساتھ جنگ بندی میں توسیع کے معاملے پر وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔امریکی نشریاتی ادارے فاکس نیوز کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بتایا کہ وہ تنازع کے خاتمے کے لیے کسی عجلت میں نہیں اور وہ ایک بہترین معاہدہ چاہتے ہیں۔ٹرمپ نے کہا کہ فوج کو ہدایت دی ہے کہ ناکہ بندی جاری رکھی جائے اور ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہے۔ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق جنگ بندی کو اس وقت تک بڑھایا جارہا ہے جب تک ایران اپنی تجاویز پیش نہیں کر دیتا، انہوں نے اس پیش رفت کو ایران کے ساتھ مذاکرات کے دوسرے دور کے لیے مثبت قرار دیتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کا اگلا مرحلہ ممکنہ طور پر جمعہ کو ہوسکتا ہے۔

بقیہ 6

میں عدم استحکام کی بنیادی وجہ امریکی اور اسرائیلی جارحیت ہے۔جنوبی کوریا کے خصوصی ایلچی نے ایرانی وزیر خارجہ سے ملاقات کی، جس کے دوران عباس عراقچی نے ایران کے خلاف امریکی واسرائیلی حکومتوں کے جرائم سے آگاہ کیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عباس عراقچی نے اپیل کی کہ دیگر ممالک امریکی واسرائیلی حملوں کی واضح الفاظ میں مذمت کریں۔ایرانی وزیر خارجہ کا کہنا ہے کہ ایران بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی سلامتی اور مفادات کے دفاع کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ ان اقدامات کے نتائج کی ذمے داری جارح قوتوں پر عائد ہوتی ہے۔

بقیہ 7

پر کام تیز کیا جائے۔ اجلاس میں توانائی کی بچت اور پائیدار ترقی کے لیے ماحول دوست برقی ذرائع آمدورفت کو فروغ دینے پر زور دیا گیا۔ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ آئندہ سرکاری استعمال کے لیے صرف الیکٹرک بسیں اور موٹر سائیکلیں خریدی جائیں اور ای وی چارجنگ اسٹیشنز کے قیام کو تیز کیا جائے۔ مزید برآں، شمسی توانائی سے پیدا ہونے والی اضافی بجلی کو محفوظ بنانے کے لیے بیٹری اسٹوریج کو آسان بنانے اور مقامی سطح پر معیاری بیٹریوں کی تیاری کی حوصلہ افزائی کرنے کی ہدایت بھی دی گئی۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ نیشنل کوارڈینیشن اینڈ مینجمنٹ کونسل (NCMC) روزانہ کی بنیاد پر توانائی کی صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے، جبکہ ملک میں اس وقت پیٹرولیم مصنوعات کے وافر ذخائر موجود ہیں اور گیس وتیل کی مقامی پیداوار میں بھی اضافہ ہورہا ہے۔گرڈ سطح پر بیٹری اسٹوریج کے لیے دو تجرباتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جبکہ گھریلو سطح پر شمسی توانائی استعمال کرنے والوں کو بھی بیٹری اسٹوریج اپنانے کی ترغیب دی جارہی ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزرا اور اعلیٰ حکام نے شرکت کر کے توانائی کے شعبے میں جاری اقدامات اور مستقبل کی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 8

اور 50 کروڑ ڈالر گارنٹی شامل ہے۔ایشیائی ترقیاتی بینک نے سالانہ رپورٹ 2025 جاری کردی ہے، جس کے مطابق پاکستان میں بنیادی خدمات، ترقیاتی منصوبوں پر سرمایہ کاری محدود ہے، پاکستان میں محدود سرمایہ کاری کی وجہ مالی دباؤ کا سامنا ہے اور منظور شدہ پروگرام کا مقصد بجٹ خسارہ اور سرکاری قرض کم کرنا ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ سماجی شعبے پر زیادہ فنڈز، ٹیکس نظام، محصولات میں بہتری ہوگی، خواتین کی معاشی شرکت بڑھانے کے لیے 35 کروڑ ڈالر مختص کیے گئے ہیں اور پاکستان میں خواتین کی مالی شمولیت میں بڑا خلا موجود ہے۔ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق موسمیاتی تبدیلی کے باعث خطے میں شدید بارشوں، سیلاب کے خطرات بڑھ گئے، گلیشیئر پگھلنے کے خطرات بڑھنے سے پاکستان بھی متاثر ہو رہا ہے تاہم گرین کلائمیٹ فنڈ کے 25 کروڑ ڈالر سے پانی اور زرعی نظام مضبوط بنایا جارہا ہے۔بینک کی سالانہ رپورٹ میں بتایا گیا کہ پاکستان میں کاپر، گولڈ مائن منصوبے کے لیے جدید فنانسنگ پیکیج کی منظوری دی گئی ہے اور اے ڈی بی نے 2025 میں خطے میں 3.29 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔

بقیہ 9

منتقل ہونے سے پرفارمنس میں مزید بہتری آرہی ہے۔ستھرا پنجاب اتھارٹی آفس میں ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایجنسی ماڈل کے تحت جامع بیٹس پلان تیار کئے جارہے ہیں جس سے نگرانی کا عمل مزید موثر ہو سکے گا۔ اجلاس میں تمام ڈسٹرکٹ ویسٹ مینجمنٹ انجینئرز کے مینجنگ ڈائریکٹرز نے بھی بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے خانیوال کے عمدہ بیٹ پلان پر مینجنگ ڈائریکٹر کو شاباش دیتے ہوئے باقی ایم ڈیز کو بھی تقلید کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب کا تمام سسٹم ڈیجیٹل ہونے کے باعث ہر ورکر اور گاڑی کی مانیٹرنگ ہورہی ہے۔ستھرا پنجاب اتھارٹی کے قیام سے اہداف کا حصول زیادہ بہتر طور پر ہوسکے گا۔وزیر بلدیات نے عیدالاضحیٰ کے صفائی آپریشن کے حوالے سے گائیڈ لائنز تیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی ستھرا پنجاب سے جڑی توقعات پر پورا اترنا ہمارا مشن ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر سرپرستی پنجاب میں صفائی کا ایک مثالی انفراسٹرکچر وجود میں آچکا ہے۔ستھرا پنجاب کے ہیروز کانیٹ ورک پنجاب کے کونے کونے میں نظر آتا ہے۔وزیر بلدیات نے کہا کہ ستھرا پنجاب مریم نواز حکومت کی نیک نامی میں سرفہرست ہے۔ہم سب کو یہ اعزاز برقرار رکھنے کے لئے پہلے سے زیادہ جذبے سے کام

کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ تحصیل سطح پر اثاثوں کی منتقلی کا عمل آخری مراحل میں ہے۔ فیلڈ ورکرز اور سپروائزرز کی غیر حاضری قطعی قابل قبول نہیں۔تمام ایم ڈیز بیٹس کے اچانک دورے کریں اور صفائی کے عمل کا گراؤنڈ پر معائنہ کریں۔

بقیہ 10

سفارتی ثالثی کی کوششوں میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، اس عمل میں پاکستانی فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ایک غیر روایتی مگر مرکزی کردار کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان اعتماد کی کمی، پابندیوں اور فوجی کشیدگی کے باعث امن مذاکرات مشکل صورتحال کا شکار ہیں تاہم پاکستان خطے میں رابطہ کاری اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

بقیہ 11

اسلام آباد مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ کے انعقاد کے حوالے سے سفارتی کاوشوں پر بھی بات چیت کی گئی، اس موقع پر تنازعہ کے دیرپا حل کے سفارتی چینلز کے تسلسل کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے جنگ بندی میں توسیع کیلئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اقدام کو سراہا۔محسن نقوی کا کہنا تھا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے جنگ بندی میں توسیع خوش آئند ہے، یہ قدم کشیدگی میں کمی کی جانب اہم پیش رفت ہے، ایران کی جانب سے بھی مثبت پیش رفت کی امید ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر مسئلے کے حل کیلئے ہر سطح پر بھرپور کوششیں کررہے ہیں، امید ہے کہ فریقین سفارتی اور پرامن حل کو موقع دیں گے۔عیٹلی بیکر نے خطے میں قیام امن اور تنازعہ کے حل کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔

بقیہ 12

سے 70 غیر ضروری پابندیاں ختم ہوں گی۔پاکستان نے آئی ایم ایف کو بیل آؤٹ پیکج کیلئے اہم اصلاحات پر عملدرآمد کی یقین دہانی کرادی ہے۔ نئے مالی سال کے بجٹ میں پرانی تجارتی رکاوٹیں بتدریج ختم کرنے کی تیاری جاری ہے۔حکام کے مطابق نئے بجٹ میں 60 سے 70 غیر ضروری پابندیاں ختم ہوں گی، درآمدات اور برآمدات پر عائد 2600 سے زائد رکاوٹیں بتدریج کم کی جائیں گی۔اگلے بجٹ میں ٹیرف 7.10 سے 5.9 فیصد پر لانے کی تجویز ہے، 2030 تک اوسط ٹیرف کم کر کے 4.7 فیصد تک لانے کا ہدف مقرر ہے۔ گاڑیوں پر ریگولیٹری ڈیوٹی 4 سال میں 40 فیصد سے صفر کرنے، ٹیکسٹائل، فارماسیوٹیکل، لیدر، کیمکلز و دیگر شعبوں میں رکاوٹیں دور کرنے کا منصوبہ بھی ہے۔بجٹ 2026-27 میں کاروبار آسان بنانے کے اقدامات شامل ہوں گے، ٹیکس کے علاوہ رکاوٹیں کم، معیشت کو سہارا دینے کے مزید اقدامات پر غور جاری ہے۔ نئے بجٹ میں درآمدی ڈیوٹی میں بھی بتدریج کمی کی تجویز ہے۔حکام کے مطابق نومبر 2026 تک ایکسپورٹ اور امپورٹ پالیسی آرڈرز میں مزید ترمیم کا فیصلہ کیا گیا ہے، مختلف شعبوں پر مزید نان ٹیرف رکاوٹوں کا مرحلہ وار خاتمہ کیا جائے گا، ڈیوٹیز میں کمی نیشنل ٹیرف پالیسی 2025-30 کے تحت کی جائے گی۔وزارت خزانہ کے مطابق اوسط ٹیرف میں کمی سے درآمدی لاگت کم کرنے میں مدد ملے گی، اصلاحات سے برآمدات اور سرمایہ کاری میں اضافہ متوقع ہے، اقدامات کی حتمی منظوری کابینہ کمیٹی برائے ریگولیٹری ریفارمز دے گی۔

بقیہ 13

3 سے 5 روز کی ڈیڈ لائن کا ذکر کیا جارہا تھا اور کہا کہ اس حوالے سے وقت کا تعین صدر خود بطور کمانڈر ان چیف کریں گے۔ترجمان کے مطابق امریکہ ایران کو ایک متفقہ تجویز پیش کرنے کے لیے چند دن کا وقت دے رہا ہے، اور اس دوران عارضی جنگ بندی برقرار رہ سکتی ہے۔انہوں نے بتایا کہ واشنگٹن ایران کے جواب کا انتظار کر رہا ہے اور کسی بھی ممکنہ توسیع پر مشترکہ ردعمل چاہتا ہے۔مزید کہا گیا کہ صدر ٹرمپ آبنائے ہرمز میں جاری ناکہ بندی سے مطمئن ہیں اور ایران پر ڈالے گئے معاشی دباؤ کے باعث وہ مذاکرات کی طرف واپس آرہا ہے۔ترجمان نے یہ بھی کہا کہ امریکہ چاہتا ہے کہ ایران افزودہ یورینیم حوالے کرے، جبکہ ان کے بقول ایران کے نجی اور عوامی بیانات میں فرق پایا جاتا ہے۔

بقیہ 14

انتخابات کے لئے استحکام پاکستان پارٹی کے قائم کردہ 20 رکنی انتخابی بورڈ کا اجلاس پارٹی کے مرکزی صدر عبدالعلیم خان کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں گلگت بلتستان کی 24 نشستوں کے انتخاب کے لئے استحکام پاکستان پارٹی کی حکمت عملی طے کی گئی اور پہلے مرحلے میں 9 نشستوں پر پارٹی نے اپنے امیدواروں کا اعلان کردیا ہے جس کے مطابق مولانا سلطان رئیس، فتح اللہ خان، کیپٹن (ر) شفیع اللہ خان، ایمان شاہ اور راجہ جلال حسین کے نام فائنل کر دیے گئے ہیں جبکہ شمس الحق لون، حاجی شاہ بیگ، حاجی گلبر خان، اور خان اکبر خان کو بھی استحکام پاکستان پارٹی کے ٹکٹ ملیں گے۔ آئندہ چند روز میں پارٹی کا انتخابی بورڈ گلگت بلتستان کے باقی امیدواروں کا بھی اعلان کردے گا۔صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے اس امر کا اظہار کیا کہ گلگت بلتستان کے عام انتخابات میں استحکام پاکستان پارٹی اور اسلامی تحریک پاکستان کے باہمی انتخابی اتحاد کیلئے مشاورت کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ دیگر سیاسی جماعتوں کی حکمت عملی کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔اجلاس میں طے پایا کہ خواتین اور ٹیکنو کریٹس کی 9 سیٹوں پر استحکام پاکستان پارٹی جلد اپنے امیدواروں کے ناموں کو حتمی شکل دے گی۔صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان

نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عام انتخابات میں ان کی جماعت بھرپور حصہ لے رہی ہے، آئی پی پی اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور سینئر قائدین و پارٹی ممبران آئندہ ہفتے گلگت بلتستان کا انتخابی دورہ کرینگے۔ پارٹی صدر عبدالعلیم خان کی صدارت میں ہونے والے انتخابی بورڈ کے اجلاس میں استحکام پاکستان پارٹی کی سینئر قیادت نے اب تک کی انتخابی صورتحال پر بریفنگ دی۔اراکین قومی اسمبلی عون چوہدری اور گل اصغر بگھور نے ویڈیو لنک پر شرکت کی جبکہ ایم این اے منزہ حسن بورڈ اجلاس میں شریک ہوئیں۔ استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میاں خالد محمود، صدر پنجاب رانا نذیر احمد خان، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید صمصام علی بخاری، رکن پنجاب اسمبلی غضنفر عباس چھینہ اور صدر لاہور ملک زمان نصیب بھی انتخابی بورڈ کے اجلاس میں موجود تھے۔صوبہ کے پی کے سے جی جی جمال، جنوبی پنجاب سے سید رفاقت علی گیلانی، سینٹرل پنجاب سے مامون جعفر تارڑ اور یاور کمال جبکہ گلگت بلتستان سے حاجی گلبر خان، راجہ جلال، شمس الحق لون اور فتح اللہ خان انتخابی بورڈ کے اجلاس میں شریک ہوئے۔شرکا نے مختلف پہلوں سے اپنی رائے کا اظہار کیا اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان کی قیادت پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ 7 جون کے گلگت بلتستان کے عام انتخابات میں استحکام پاکستان پارٹی کو بھرپور کامیابی حاصل ہوگی۔

بقیہ 15

کے زیر اہتمام منعقدہ انٹرنیشنل کانفرنس کے شرکا سے اظہار خیال کیا۔صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلی پنجاب نے عہدہ سنبھالتے ہی عام آدمی کو اپنی چھت فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا۔اپنی چھت اپنا گھر اور اپنی زمین اپنا گھر جیسے خوابوں کو عملی شکل دی گئی۔ وزیر اعلی پنجاب کے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی عالمی اداروں میں پذیرائی خوش آئند اور باعث تقلید ہے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ہاؤسنگ سیکٹر میں سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کر رہے ہیں۔کم آمدنی والے طبقات کیلئے بلاسود قرضوں اور آسان اقساط پر گھروں کی فراہمی تیزی سے جاری ہے۔ بلال یاسین نے واضح کیا کہ شہری آبادی میں تیزی سے اضافے کے پیش نظر جدید اور پائیدار ہاسنگ ماڈلز متعارف کروا رہے ہیں۔ گرین بلڈنگ، ماحول دوست تعمیرات اور توانائی بچانے والے گھروں کو فروغ دیا جائے گا۔اس موقع پر ڈی جی پھاٹا سکندر ذیشان کا کہنا تھا کہ ہاسنگ فنانس کو آسان بنانے کیلئے بینکنگ سیکٹر کے ساتھ تعاون وقت کی ضرورت ہے۔عالمی اداروں کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے ہاؤسنگ بحران پر قابو پانے کی حکمت عملی میں کانفرنس کے شرکا نے مدد دی۔کانفرنس کے شرکاء کا بین الاقوامی تجربات سے سیکھنے اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر زور دیا۔ عالمی اداروں اور تنظیموں سے افراد کی کثیر تعداد نے کانفرنس میں شرکت کی۔

بقیہ 16

افراد ہی اے آئی ٹیکنالوجی استعمال کررہے ہیں۔ پاکستان میں مصنوعی ذہانت کا استعمال ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے گیلپ سروے کی نئی رپورٹ کے مطابق صرف 15 فیصد پاکستانیوں نیاے آئی چیٹ بوٹس استعمال کیے ہیں، جن میں چیٹ جی پی ٹی، جیمنائے، ڈیپ سیک جیسے ٹولز شامل ہیں، دوسری جانب 85 فیصد اب بھی اس جدید ٹیکنالوجی سے بے خبر ہیں۔اعداد وشمار کے مطابق کم پڑھے لکھے لوگ صرف 8 فیصد اے آئی کی کا استعمال کر رہے ہیں، جبکہ 52 فیصد زیادہ پڑھے لکھے لوگ اے آئی پر انحصار کر رہے ہیں۔عمر کے لحاظ سے نوجوان اس دوڑ میں سب سے آگے ہیں، 30 سال سے کم عمر نوجوان 26 فیصد اے آئی کا استعمال کررہے ہیں، 30 سے 39 سال 10 فیصد، 40 سے 49 سال، 8 فیصد اور 50 سے 59 میں صرف 7 فیصد لوگ اے آئی استعمال کرتے ہیں۔ماہرین کے مطابق اگر ڈیجیٹل تعلیم اور آگاہی کو فروغ دیا جائے تو پاکستان میں اے آئی کا استعمال تیزی سے بڑھ سکتا ہے۔

بقیہ 17

دلچسپی لینا خوش آئند ہے، پوری دنیا میں پاکستان کا سر اس وقت فخر سے بلند ہے، بلاول بھٹو زرداری پورے پاکستان کے نوجوان لیڈر ہیں۔ان خیالات کا اظہار اُنہوں نے اپنے دورہ کراچی کے دوران کاروباری شخصیات سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ کاروباری افراد کو سازگار ماحول مہیا کر کے کاروباری سرگرمیوں میں تیزی لائی جاسکتی ہے۔ کاروباری طبقے کے مضبوط ہونے سے ملکی معیشت مضبوط ہوگی اور پاکستان ترقی کرے گا۔ یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ غیر ملکی کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی لے رہی ہیں۔یہ پاکستان کے لئے اچھا وقت ہے کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بہتر ماحول فراہم کر کے پاکستان معاشی قوت بن سکتا ہے۔گورنر پنجاب نے کہا کہ حکومت کے اتحادی ہیں، کوشش ہے کہ ملک میں بہتری لاسکیں۔ پیپلز پارٹی نے کراچی میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کے جال بچھادیئے ہیں۔گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ پوری دنیا میں پاکستان کا سر اس وقت فخر سے بلند ہے۔وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی مدبرانہ صلاحیتوں کی بدولت گرین پاسپورٹ کی عزت میں اضافہ ہوا ہے۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ وزیراعظم پاکستان اور فیلڈمارشل کی صلاحیتوں کے چرچے کرتے پھر رہے ہیں۔گورنر پنجاب نے کہا کہ امریکہ اور ایران کی جنگ کے دوران عارضی مہنگائی کا بحران ہے جس پر جلد قابو پالیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخواہ پاکستان کی ترقی کے لیے ایک پیج پر ہیں۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے اپنے دورہ کراچی کے دوران

عظیم صوفی بزرگ عبداللہ شاہ غازی کے مزار پر حاضری دی۔گورنر پنجاب نے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور ملک وقوم کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے دعا کی۔اُنہوں نے کہا کہ عبداللہ شاہ غازی سمیت تمام علمائے کرام نے دین اسلام کی روشنی پھیلانے میں اہم کردار ادا کیا۔بعدازاں، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سابق گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی رہائشگاہ پر بھی گئے جہاں اُنہوں نے ان کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 18

کو بھی بطور رکن شامل کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ذرائع کے مطابق یہ ترامیم محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے تجویز کی گئی ہیں، جن کا مقصد مختلف اداروں کے درمیان رابطوں کو موثر بنانا ہے۔بل کے متن کے مطابق مجوزہ ترامیم سے دیگر محکموں سے معلومات کے حصول میں آسانی ہوگی اور اداروں کے درمیان باہمی تعاون کو فروغ ملے گا۔بل کو مزید غور کے لیے دو ماہ کے لیے متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا ہے، جو اپنی رپورٹ مقررہ مدت میں ایوان میں پیش کرے گی۔رپورٹ کے بعد بل کو منظوری کے لیے دوبارہ پیش کیا جائے گا۔بل کی حتمی منظوری گورنر پنجاب دیں گے۔

بقیہ 19

کم کر کے 1 فیصد کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔متن کے مطابق شہری علاقوں میں پہلے ہی اسٹیمپ ڈیوٹی 1 فیصد ہے جبکہ دیہی علاقوں میں 3 فیصد ہونے کے باعث قانون میں عدم توازن پیدا ہورہا تھا، جس کے خاتمے کے لیے یہ اقدام تجویز کیا گیا ہے۔آرڈیننس کے ذریعے قابلِ منتقلی معاہدہ کو بھی اسٹیمپ ایکٹ 1899ء میں شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جس کا مقصد قانون کو مزید موثر اور جامع بنانا ہے۔حکام کے مطابق یہ ترامیم اسٹیمپ ڈیوٹی کے نظام کو یکساں اور بہتر بنانے کی کوشش ہیں۔ذرائع کے مطابق گورنر پنجاب کی منظوری کے بعد آرڈیننس 90 دن کے لیے نافذ العمل ہوگا۔بل کو مزید غور کے لیے متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا ہے، جو دو ماہ میں اپنی رپورٹ ایوان میں پیش کرے گی۔کمیٹی رپورٹ کے بعد آرڈیننس کو اسمبلی سے باقاعدہ منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا، جس کے بعد یہ مستقل قانون کی شکل اختیار کرلے گا۔

بقیہ 20

اور اعلیٰ صلاحیت کی حامل ٹیکنالوجی سے لیس ہے، میزائل خطرات سے بچنے اور بدلتی صورتِ حال میں مؤثر انداز سے ہدف حاصل کرتا ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق مقامی سطح پر تیار میزائل پاکستان کی تکنیکی مہارت کا واضح ثبوت ہے، کامیاب تجربہ آپریشنل مہارت اور جدید ٹیکنالوجی کے امتزاج کی عکاسی کرتا ہے۔پاکستان نیوی سمندری دفاع کو مضبوط اور مؤثر بنانے کیلئے پُرعزم ہے، یہ تجربہ سمندر میں مؤثر دفاعی صلاحیت برقرار رکھنے کے عزم کا مظہر ہے، علاقائی سمندری سیکیورٹی اور استحکام یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق صدرِ مملکت آصف زرداری، وزیرِاعظم شہباز شریف اور عسکری قیادت نے کامیاب تجربے پر ٹیم کو سراہا اور مبارکباد دی ہے۔

بقیہ 21

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک کی زیر صدارت ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز فیض آباد میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ایس پی ٹریفک ماجد اقبال سمیت زونل ڈی ایس پیز اور محرران نے شرکت کی۔سی ٹی او اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں اہم شاہراہوں پر جاری تعمیراتی کام کے پیش نظر موثر ٹریفک انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے تمام افسران کو پارک روڈ سمیت اہم شاہراہوں پر اضافی پولیس افسران کی تعیناتی اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔اس موقع پر سی ٹی او اسلام آباد نے کہا کہ رش کے اوقات میں شہریوں کی رہنمائی کے ساتھ ساتھ ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھا جائے۔تجارتی مراکز، شاپنگ مالز اور ہفتہ وار بازاروں میں غیر قانونی پارکنگ کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے، سڑکوں پر نظم و ضبط قائم رکھنے، ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے اور خصوصاً نو پارکنگ، تیز رفتاری اور تجاوزات سمیت سنگین خلاف ورزیوں کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید سخت اور مؤثر بنایا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کی اولین ترجیح شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور انہیں حادثات سے محفوظ رکھنا ہے۔

بقیہ 22

گرفتار کیا گیا، ملزم شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے کے نام پر بھاری رقوم وصول کرنے میں ملوث تھا۔تحقیقات کے مطابق ملزم نے ایک شہری کو آذربائیجان کے ورک ویزے کا جھانسہ دے کر 60 لاکھ روپے ہتھیائے، تاہم وعدے کے باوجود اسے بیرون ملک بھجوانے میں ناکام رہا اور روپوش ہو گیا تھا۔ایف آئی اے حکام کا کہنا ہے کہ ملزم کافی عرصے سے مطلوب تھا، جسے اب گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے، مزید انکشافات کے لئے تحقیقات جاری ہیں جبکہ دیگر متاثرہ افراد کی نشاندہی بھی کی جا رہی ہے۔

بقیہ 23

رسائی اور برآمدی صلاحیتوں کو بہتر بنا کر قومی اقتصادی ترقی کا ایک لازمی حصہ بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔اعداد وشمار بتاتے ہیں کہ خواتین پاکستان کی تقریبا نصف آبادی پر

مشتمل ہیں، پھر بھی ان کی لیبر فورس میں شرکت 4.25 فیصد پر کم ہے جس میں تقریبا 47 ملین خواتین افرادی قوت سے باہر ہیں۔خواتین کی زیر قیادت کاروبار بھی محدود پیمانے پر ہیں، زیادہ تر غیر رسمی طور پر کام کرتے ہیں اور پانچ سے کم افراد کو ملازمت دیتے ہیں۔اور یہ پروگرام اسی فرق دور کرنے کیلئے شروع کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس اقدام کی ایک اہم خصوصیت ویمن انٹر پرینیورز بوسٹر پیکج کی ترقی اور اس پر عمل درآمد ہے جو ایک جامع سپورٹ میکنزم جو کاروبار کی ترقی کو تیز کرنے اور غیر رسمی معیشت میں خواتین کے درمیان پائیدار انٹرپرینیورشپ کی تعمیر کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جس میں خواتین کے علاوہ کاروبار کرنے کے خواہشمند ٹرانسجینڈرز کو بھی تربیت فراہم کی جائیگی۔انہوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں آئی ٹی، سروسز، ٹیکسٹائل، کھیلوں کے سامان اور آلات جراحی جیسے ہائی پوٹینشل شعبوں کو ترجیح دے جائے گی۔

بقیہ 24

انسدادِ دہشت گردی آپریشنز پر مبنی تربیت انقرہ اور اسپارٹا میں منعقد کی گئی، جہاں دونوں ممالک کے دستوں نے اعلیٰ پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔آئی ایس پی آر نے بتایا کہ تمام تربیتی اور ملٹری ڈپلومیسی اہداف کامیابی کے ساتھ حاصل کیے گئے، مشق کا بنیادی مقصد انسدادِ دہشت گردی سے متعلق مہارت اور طریقہ کار کو مزید بہتر بنانا تھا، جبکہ شہری علاقوں میں جنگی حکمت عملی اور کارروائیوں پر خصوصی توجہ دی گئی۔مشق میں بارودی سرنگوں اور آئی ای ڈیز کے خلاف مشترکہ تربیت کو بھی خصوصی اہمیت دی گئی، جبکہ اس مشق نے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ عسکری تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 25

رضا امیری مقدم نے کہا کہ ایران خطے میں بالادستی نہیں چاہتا، خودمختاری کا تحفظ چاہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جوہری پروگرام مکمل طور پر پرامن ہے، کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔آئی اے ای اے نے بھی ایران کے جوہری ہتھیار نہ بنانے کی تصدیق کی۔ایران میں پاکستانی سفیر نے کہا کہ پاکستان کے سفارتی کردار اور امن کوششوں کو ایران کی جانب سے سراہا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایران 1979 کے انقلاب کے بعد سے مسلسل دبا کا سامنا کر رہا ہے، 47 برس سے امریکا اور صیہونی قوتوں کا دبا برداشت کیا، مگر وہ ناکام رہے۔انوں نے کہا کہ اسرائیل خطے میں بالادستی چاہتا ہے، امریکا اس کی حمایت کرتا ہے، امریکا نے مذاکرات کے دوران اچانک حملے کیے، سفارتی عمل متاثر ہوا۔ایرانی سفیر نے واضح پیغام دیا کہ ایران کو جانی و مالی نقصان کے باوجود قوم متحد اور مضبوط ہے۔

بقیہ 26

مدثر رضا سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔پیرافورس کے جوانوں نے ڈپٹی کمشنر و دیگر افسران کو سلامی پیش کی۔ڈپٹی کمشنر نے پیرافورس کے مختلف شعبہ جات سمیت موٹر وہیکل کا بھی معائنہ کیا۔سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر سید مدثر رضا نے پیرافورس کی ورکنگ بارے ڈپٹی کمشنر و دیگر افسران کو تفصیلی بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر نے پیرا فورس کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ پیرا فورس مصنوعی مہنگائی اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے عملی کردار ادا کررہی ہے۔

بقیہ 27

کامیاب انعقاد پر پیشگی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات نوجوانوں کو عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ایونٹ میں اراکینِ قومی اسمبلی خصوصا ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے اراکین کی شرکت نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے عزم کا واضح اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی شمولیت سے نہ صرف جمہوری عمل مضبوط ہوگا بلکہ ملک کی ترقی اور پالیسی سازی میں نئے اور مثبت رجحانات بھی سامنے آئیں گے۔سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ یہ ایونٹ 2030 ایجنڈا برائے پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں معاون ثابت ہوگا اور جامع طرزِ حکمرانی کے تحت کلائمیٹ، واٹر اور پیس نیکسس جیسے اہم موضوعات پر توجہ مرکوز کرے گا۔انہوں نے کہا کہ اس فورم کے ذریعے موسمیاتی تبدیلی، امن کے قیام اور کثیر الجہتی تعاون کے فروغ جیسے اہم امور پر موثر مکالمہ ممکن ہو سکے گا۔انہوں نے کہا کہ ایسے پلیٹ فارمز نوجوانوں اور خواتین کی پالیسی سازی میں شمولیت کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں جو ایک مضبوط، متوازن اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے۔سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ملک کے روشن مستقبل کے لئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے فعال کردار ادا کریں۔انہوں نے ایونٹ کے منتظمین اور شرکا کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ اقدام جمہوری عمل میں نوجوانوں کی شمولیت اور ان کے مثبت کردار کو مزید اجاگر کرے گا۔

بقیہ 28

شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔حکام کے مطابق ڈیٹا سنٹر سے متعلق نگرانی کی براہِ راست رپورٹ سیکرٹری ایجوکیشن کو پیش کی جائے گی، جبکہ منتقل ہونے والا عملہ بدستور اپنی موجودہ پوسٹنگ سے ہی تنخواہیں وصول کرتا رہے گا۔محکمہ سکول ایجوکیشن کا کہنا ہے کہ آئندہ پانچ ماہ کے دوران سپیشلائزڈ ہیومن ریسورس کی بھرتی بھی کی جائے گی تاکہ نظام کو مزید موثر بنایا جاسکے۔مزید بتایا گیا ہے کہ پیف، پیما کو ٹھیکے پر دیئے گئے سکولوں کی مانیٹرنگ کے لئے نیا نظام بنایا جائے گا۔حکام کے مطابق ڈیٹا سنٹر کو جدید تعلیمی مانیٹرنگ سسٹمز کے ساتھ مربوط کیا جائے گا

تاکہ نظام کو مزید شفاف، خودمختار اور موثر بنایا جاسکے۔

بقیہ 29

درمیان تعاون مزید مضبوط کرنے پر اتفاق کیا گیا۔وزیر خزانہ نے کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹیجی کو اہم سنگ میل قرار دیا اور پاکستان کے پہلے پانڈا بانڈ پر ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون کا خیر مقدم کیا۔محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف پروگرام کے جائزوں میں مثبت پیش رفت کی امید ہے، سپلائی شاک سے نمٹنے کیلئے حکومتی اقدامات جاری ہیں، سٹیٹ بینک کے ساتھ معاشی اثرات کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے۔وزیر خزانہ نے وزیر اعظم کی جانب سے صدر اے ڈی بی کو دورہ پاکستان کی دعوت دی۔وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے واشنگٹن میں ملاقات کی جس میں عالمی معاشی چیلنجز اور مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر اہم تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں ترقی پذیر ممالک میں خوراک اور توانائی کے تحفظ پر گفتگو کی گئی، عالمی حالات کے معیشت پر اثرات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، وزیر خزانہ کی جانب سے بورورز پلیٹ فارم کے اجرا پر تعاون پر شکریہ ادا کیا گیا۔سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے پاکستان کے کردار کی تعریف کی اور خطے میں امن و استحکام کیلئے پاکستان کی کوششوں پر اعتماد کا اظہار کیا۔

بقیہ 30

اور انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان آج انسانیت کی بقا اور عالمی امن کے لیے ایک تاریخی کردار ادا کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی غیر معمولی قیادت اور اسٹیٹس مین شپ کا اعتراف کر رہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ان رہنماؤں نے پاکستان، عالم اسلام اور پوری انسانیت کے تحفظ کے لیے ایک عالمی تحریک کو جنم دیا۔مریم اورنگزیب نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف نے پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کو ڈیفالٹ سے بچا کر اسے سفارتی قوت کا مرکز بنایا۔انہوں نے مزید کہا کہ تاریخ اس بات کی گواہ رہے گی کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دنیا کو تیسری عالمی جنگ سے بچانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ آج پاکستان دنیا میں امن، استحکام اور امید کی ایک مضبوط علامت بن چکا ہے اور یہ عزت اللہ تعالیٰ کی خاص عطا ہے۔سینئر صوبائی وزیر نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو برسوں میں ریکارڈ 278 قوانین منظور کیے گئے اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے تاریخی قانون سازی اور ترقیاتی منصوبے مکمل کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام کامیابیاں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ٹیم کی مشترکہ محنت کا نتیجہ ہیں۔مریم اورنگزیب نے کہا کہ خواتین ارکان پارلیمنٹ کے احترام کو یقینی بنانا مسلم لیگ (ن) کی روشن روایت ہے، جو قائد محمد نواز شریف کے وژن اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے مشن کا حصہ ہے۔انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب جلد ہی پنجاب اسمبلی کو اپنی حکومت کی دو سالہ کارکردگی پر بریفنگ دیں گی۔انہوں نے مزید کہا کہ سموگ کے خاتمے، صحت، تعلیم، ٹیوٹا کے جدید انفراسٹرکچر، امن و امان کے قیام اور دیگر شعبوں میں نمایاں اقدامات جاری ہیں۔ صفائی ستھرائی، سڑکوں کی تعمیر، مثالی دیہات کے قیام اور زراعت و کسانوں کی ترقی کے لیے صوبے بھر میں یکساں اقدامات کیے جارہے ہیں۔اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ پہلی بار پنجاب کا ہر شعبہ اور ہر طبقہ یکساں حکومتی توجہ حاصل کر رہا ہے اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔پارلیمانی پارٹی اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے تمام ملازمین کی جانب سے کفایت شعاری فنڈ میں دو دن کی تنخواہ دینے کا اعلان بھی کیا گیا۔اس کے علاوہ حکومت پنجاب کے اقدامات کے باعث ایندھن کے اخراجات میں نمایاں بچت کا بھی ذکر کیا گیا۔اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے آئندہ اجلاس کے لیے متوقع اہم قانون سازی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اور فیصلہ کیا گیا کہ اسمبلی کے بروقت اجلاس کا انعقاد یقینی بنایا جائے گا۔اجلاس کے اختتام پر ملک وقوم کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 31

ریلوے حنیف عباسی نے دستخط کئے۔ایم او یو کے مطابق پنجاب کے 20 ریجن میں 8 لوکل روٹس پر 1415 کلومیٹر طویل روٹ پر نئی ٹرین چلے گی، شاہدرہ سے نارووال 79 کلومیٹر، نارووال سے سیالکوٹ 62 کلومیٹر، رائیونڈ، قصور، پاکپتن سے لودھراں تک 370 کلومیٹر طویل روٹ پر نئی ٹرین چلے گی، شیخوپورہ، جڑانوالہ، شورکوٹ 220 کلومیٹر، لالہ موسی، ملکوال، سرگودھا 147 کلومیٹر، فیصل آباد سے براستہ چک جھمرہ، شاہین آباد ٹرین 68 کلومیٹر، کوٹ ادو سے براستہ ڈیرہ غازی خان، کشمور تک 303 کلومیٹر طویل بین الصوبائی روٹ پر بھی ٹرین منصوبے میں شامل ہیں۔حکومت پنجاب نئے روٹس پر نئے ریلوے انجن اور نئی جدید ترین کوچز لائے گی۔وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے وزیر اعلی مریم نواز شریف کو ریلوے کے تاریخی پراجیکٹ کے اجراء پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی مریم نواز شریف کی تقلید کرتے ہوئے پاکستان ریلوے کی تاریخ بدلنا چاہتے ہیں، حکومت پنجاب کی معاونت سے 9 روٹس پر تقریباً 9 کروڑ افراد مستفید ہوسکیں گے، خوشی ہے کہ وزیر اعلی پنجاب ریلوے ٹرانسپورٹ پراجیکٹ کو لیڈ اور سپروائز کریں

گی۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں وزیر اعلی مریم نواز شریف کی سربراہی میں انقلابی اقدامات کیے گئے، وزیر اعلی مریم نواز شریف نے پورے صوبے میں ستھرا پنجاب پراجیکٹ شروع کیا، صحت، تعلیم، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں وزیر اعلی مریم نواز شریف نے تاریخ ساز اقدامات کیے، لاہور کے تاریخی ریلوے اسٹیشن کی حالت زار بدلنے پر وزیر اعلی مریم نواز شریف کے ممنون ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر ریلوے حادثات کے سدباب کے لئے خودکار سسٹم لایا جارہا ہے، ریلوے اسٹیشن کی بیوٹیفکیشن اور عالمی معیار کی پارکنگ بنائی جارہی ہے، شاہدرہ سے رائیونڈ تک 40 کلومیٹر طویل گرین پارکس بننے سے ٹریک کے اطراف میں یورپی ممالک کی طرز پر خوش کن مناظر نظر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ریلوے ٹریک کے اطراف میں چار لاکھ سے زائد پودے بھی لگائے جارہے ہیں۔ وزیر اعلی مریم نواز شریف کی جو سپیڈ ہے، پورے پنجاب کو آٹو پر لگا دیا ہے۔ پنجاب کے 70 فیصد سے زائد عوام نے مریم نواز شریف کی لیڈرشپ پر اظہار اطمینان ہے۔وزیر اعلی مریم نواز شریف نے کام کیے وہ نظر آرہے ہیں، کام ہی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں پاکستان ریلوے کا ایک کلومیٹر بھی ٹریک نہیں بنا اور نہ کسی نے سرمایہ کاری کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر ریلوے کا قلمدان سنبھالنے کے بعد پنجاب میں ریلوے ٹرانسپورٹ کی معیاری سہولت کا خواب پورا ہونے پر وزیر اعلی مریم نواز شریف کا مشکور ہوں، پنجاب کے عوام کو یورپ کے معیار کے مطابق ریل کی سفری سہولت دینے جارہے ہیں۔ وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا کہ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے وزیر اعلی مریم نواز شریف کے خواب کو عملی تعبیر دینے کے لئے ایک سال بہت محنت کی، لاہور سے راولپنڈی 280 کلومیٹر طویل سفر سوا دو گھنٹے میں طے ہوگا، وزیر اعلی مریم نواز شریف سے عوامی خدمت کے اس پراجیکٹ کی خودنگرانی کی درخواست کی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی مریم نواز شریف نے پنجاب کے تقریباً 11 کروڑ عوام یورپ کی طرز ٹرانسپورٹ مہیا کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 32

سوشل میڈیا پر جاری بیان میں ایم ڈی آئی ایم ایف نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے اصلاحاتی پروگرام پر مؤثر عملدرآمد کے باعث معاشی استحکام برقرار رکھنے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔کرسٹالینا جارجیوا نے کہا کہ مضبوط معاشی پالیسیاں اور گہری ساختی اصلاحات کا تسلسل، پائیدار معاشی ترقی کے حصول اور عوام کی فلاح و بہبود کو بہتر بنانے کیلئے نہایت ضروری ہیں۔وزارتِ خزانہ نے کہا کہ آئی ایم ایف کی جانب سے یہ مثبت ریمارکس پاکستان کی ذمہ دارانہ معاشی پالیسی سازی اور اصلاحاتی اقدامات پر عالمی اعتماد میں اضافے کی عکاسی کرتے ہیں جو مستقبل میں معاشی استحکام کو مزید مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 33

قریب نامعلوم موٹرسائیکل سواروں نے ان کی کار پر فائرنگ کر دی۔گاڑی میں نجی پروگرام کے میزبان جسٹس ریٹائرڈ نذیر غازی بھی موجود تھے۔پولیس نے کہا کہ جسٹس ریٹائرڈ نذیر غازی حملے میں محفوظ رہے تاہم واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 34

اظہر نامی نوجوان کے ساتھ مبینہ تعلقات تھے۔پولیس کے مطابق معاملے پر میاں بیوی کے درمیان شدید جھگڑا ہوا، جس کے بعد دونوں نے مبینہ طور پر زہریلی گولیاں نگل لیں، جس کے نتیجے میں وہ جان کی بازی ہار گئے۔اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی اور دونوں لاشوں کو تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا۔واقعے کے بعد علاقے میں کہرام مچ گیا جبکہ متوفی جوڑے کے چار کمسن بچے بھی ہیں۔پولیس نے موقع سے شواہد اکٹھے کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 35

جہاں ایک مسافر بس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ترجمان سنٹرل ریجن سید عمران احمد کے مطابق بس میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ لگی، تاہم فوری ریسپانس کے ذریعے تمام مسافروں کو بحفاظت باہر نکال لیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ موٹروے پولیس اور ایف ڈبلیو او کی مشترکہ کوششوں سے آگ پر قابو پایا گیا، جبکہ خوش قسمتی سے کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ترجمان کے مطابق بس مکمل طور پر جل کر تباہ ہوگئی جس سے مالی نقصان ضرور ہوا، تاہم انسانی جانیں محفوظ رہیں۔واقعہ ظاہر پیر کے قریب پیش آیا جب بس لاہور سے کراچی جارہی تھی۔موٹروے پولیس نے فوری حکمت عملی کے تحت ٹریفک کو متبادل راستوں سے بحال رکھا، جبکہ رفیق احمد اور متعلقہ موبائلز موقع پر موجود رہیں اور صورتحال کو مکمل کنٹرول میں رکھا۔ترجمان کا کہنا ہے کہ 130 ہیلپ لائن پر اطلاع ملتے ہی فوری ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا اور تمام اقدامات ایس او پیز کے مطابق انجام دیے گئے۔

بقیہ 36

آئی جی پنجاب نے واقع کا نوٹس لیتے ہوئے سی پی او راولپنڈی سے رپورٹ طلب کر لی ہے، پسند کی شادی کے تنازعہ پر دو خواتین سمیت تین افراد کے قتل کا واقعہ ٹیکسلا کے علاقہ مشرقی آبادگلی نمبر 5 میں پیش آیا، پسند کی شادی کرنے والوں میں دانش اکرم، اس کی اہلیہ سیمہ گل اور بھابی شہلا شامل ہیں۔سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے واقعہ کا نوٹس لے لیا، ایس پی پوٹھوہار سے واقعہ کی رپورٹ طلب، ملوث ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم دیدیا۔

پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان تعاون مزید مضبوط کرنے پر اتفاق

وزیر خزانہ کی ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر سے ملاقات، مالیاتی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ پر تبادلہ خیال، گوتریس سے بھی ملاقات

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان تعاون مزید مضبوط کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے واشنگٹن ڈی سی میں ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاسوں کے موقع پر ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر ماساتو کاندا سے ملاقات کی، جس میں مالیاتی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے (بقیہ نمبر 29)

چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی، اسلام آباد، اسلام آباد میں پاک ۔ رومانیہ تعلقات کی تصویری نمائش کے افتتاحی پروگرام میں پاکستان کے قومی ترانے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈرائیور کو نیند آ گئی، 40 ہزار لیٹر پیٹرول والا ٹینکر پیر محل کے قریب اُلٹ گیا

پیر محل (این این آئی) موٹروے ایم 3 پر پیر محل کے قریب آئل ٹینکر بے قابو ہو کر اُلٹ گیا۔ ترجمان سینٹرل ریجن کے مطابق حادثہ ڈرائیور کو نیند آنے کی وجہ سے ہوا، حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ آئل ٹینکر کراچی سے لالہ موسیٰ جا رہا تھا، ٹینکر میں 40 ہزار لیٹر پیٹرول موجود تھا۔

مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی کا اہم اجلاس، سیاسی و عسکری قیادت کو خراج تحسین پیش، قرارداد منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب میں حکمران جماعت پاکستان مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی کا اہم اجلاس سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کی زیر صدارت پنجاب اسمبلی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی عالمی امن کے لیے تاریخی کاوشوں کے اعتراف میں قرارداد متفقہ طور پر منظور کی گئی (بقیہ نمبر 30)

لاہور تا راولپنڈی پاکستان کی پہلی فاسٹ ٹرین چلائی جائے گی

پنجاب حکومت، ریلویز کے درمیان تاریخ ساز ایم او یو

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب اور پاکستان ریلوے کے درمیان تاریخ ساز ایم او یو پر دستخط کر دیئے گئے جس کے تحت لاہور سے راولپنڈی کے درمیان پاکستان کی پہلی فاسٹ ٹرین چلائی جائے گی جو سوا دو گھنٹے میں سفر طے کرے گی، پنجاب میں فاسٹ ٹرین اور 8 لوکل روٹس پر جدید ترین ٹرینیں چلائی جائیں گی، پنجاب حکومت علاقائی روٹس پر جدید ترین ڈی ایم یو ٹرین مہیا کرے گی۔ تاریخ ساز ایم او یو پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 31)

منیجنگ ڈائریکٹر آئی ایم ایف کا پاکستان کی معاشی اصلاحات پر اظہار اطمینان

اصلاحاتی پروگرام پر مؤثر عملدرآمد کے باعث معاشی استحکام برقرار رکھنے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا، کرسٹالینا جارجیوا

واشنگٹن (این این آئی) انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کی منیجنگ ڈائریکٹر نے پاکستان کی اصلاحات اور معاشی استحکام کی تعریف کی ہے۔ آئی ایم ایف کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا نے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ملاقات کے دوران پاکستان کی معاشی اصلاحات میں پیش رفت کو سراہا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری (بقیہ نمبر 32)

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان صوبہ بھر میں سول مقدمات کو ڈیجیٹل کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب کی صدارت کر رہے ہیں۔

لاہور میں چیئرمین تحریک حرمت رسول پاکستان مولانا امیر حمزہ پر قاتلانہ حملہ، ملزم فرار

گاڑی میں نجی پروگرام کے میزبان جسٹس ریٹائرڈ نذیر غازی بھی موجود تھے، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پیکو روڈ پر پنڈی اسٹاپ کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سوار چیئرمین تحریک حرمت رسول پاکستان مولانا امیر حمزہ پر قاتلانہ حملہ کر کے فرار ہو گئے۔ مولانا امیر حمزہ بازو پر گولی لگنے سے زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مولانا امیر حمزہ نجی پروگرام میں شرکت کے بعد بعد گھر جا رہے تھے کہ پیکو روڈ پر پنڈی اسٹاپ کے (بقیہ نمبر 33)

جڑانوالہ میں گھریلو تنازع پر میاں بیوی نے زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کر لیا

جڑانوالہ (این این آئی) جڑانوالہ کے تھانہ بلوچنی کی حدود 69 رب میں میاں بیوی کی جانب سے مبینہ خودکشی کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے۔ پولیس کے مطابق ابرار نامی شخص کو اپنی اہلیہ سونیا بی بی کے کردار پر شک تھا جبکہ خاتون کے بارے میں بتایا گیا کہ اس کے (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، پسند کی شادی کرنے والے جوڑے سمیت 3 افراد کو قتل کر دیا گیا

قتل کیے گئے دانش کی بھابھی بھی شامل ہیں، ملزم نجیب اللہ مقتولین کو تیز دھار آلے سے قتل کیا اور فرار ہو گیا

ٹیکسلا (این این آئی) تھانہ ٹیکسلا کے علاقہ میں پسند کی شادی کرنے والے جوڑے سمیت 3 افراد کو قتل کر دیا گیا، مقتول دانش اکرم نے سیما گل سے پسند کی شادی کی تھی، قتل ہونے والے دانش کی بھابھی بھی شامل، ملزم نجیب اللہ مقتولین کو تیز دھار آلے سے قتل کیا اور فرار ہو گیا، (بقیہ نمبر 36)

موٹروے پر چلتی بس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، بروقت کارروائی سے تمام مسافر محفوظ

لاہور (این این آئی) موٹروے پولیس کی بروقت کارروائی کے باعث ایم-5 ملتان سیکٹر میں پیش آنے والا بڑا حادثہ ٹل گیا (بقیہ نمبر 35)

پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کے بورڈ میں توسیع کا فیصلہ، ترمیمی بل پر غور و خوض جاری

پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی ایکٹ 2025ء میں ترامیم تجویز، مختلف محکموں کے نمائندوں کو شامل کرنے کی سفارش

لاہور (این این آئی) پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی میں ممبران کی تعداد میں اضافے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ اس سلسلے میں پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی (ترمیمی) بل 2026ء پنجاب اسمبلی کے رواں اجلاس میں پیش کیا گیا تھا جسے قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا اور اس پر غور و خوض جاری ہے۔ مجوزہ قانون کے تحت پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی ایکٹ 2025 میں ترامیم کی جائیں گی۔ ڈی جی ایگریکلچر وفوڈ کو اتھارٹی کا رکن بنانے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ چیئرمین انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (بقیہ نمبر 18)

پنجاب میں اسٹیمپ ڈیوٹی میں بڑی کمی کا فیصلہ، ترمیمی آرڈیننس پر قائمہ کمیٹی میں غور جاری

غیر منقولہ جائیداد کے مالکان کو ریلیف دینے کیلئے اسٹیمپ ایکٹ 1899ء میں ترامیم، شرح 3 فیصد سے کم ہو کر 1 فیصد کرنے کی تجویز

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے غیر منقولہ جائیداد مالکان کو ریلیف دینے کے لیے اسٹیمپ ڈیوٹی میں بڑی کمی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے اسٹیمپ (ترمیمی) آرڈیننس پنجاب اسمبلی کے رواں اجلاس میں پیش کیا گیا ہے جس کے تحت اسٹیمپ ایکٹ 1899ء میں ترامیم کی جائیں گی۔ مجوزہ ترمیم کے مطابق غیر منقولہ جائیدادوں پر اسٹیمپ ڈیوٹی 3 فیصد سے کم کر کے 1 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ دیہی علاقوں میں موجودہ 3 فیصد شرح کو بھی (بقیہ نمبر 19)

فیصل آباد: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

سمیڈا نے جائیکا کے اشتراک سے پانچ سالہ ویمن سپورٹ پروگرام پر کام شروع کر دیا

پروگرام کے تحت خواتین کے علاوہ ٹرانسجینڈرز کو بھی کاروباری تربیت فراہم کی جائے گی

لاہور (این این آئی) سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے خواتین کی صنعتی و تجارتی صلاحیتوں کو فروغ دینے کیلئے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے اشتراک سے پانچ سالہ سپورٹ پروگرام پر کام شروع کر دیا ہے۔ سمیڈا کی چیف ایگزیکٹو آفیسر نادیہ جہانگیر سیٹھ نے بتایا کہ سمیڈا اور وزیراعظم پاکستان کے معاشی ترقی کے وژن کے ساتھ ہم آہنگی میں، خواتین کی زیر قیادت کاروباری اداروں کو ان کی ڈیجیٹل خواندگی، مالی معاونت، مارکیٹ تک (بقیہ نمبر 23)

پاکستان پر اعتماد کرتے ہیں، امریکا پر نہیں، ایرانی سفیر

مذاکرات صرف پاکستان میں ہوں گے، کہیں اور نہیں ہوں گے، رضا امیری مقدم

اسلام آباد (این این آئی) ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے کہا ہے کہ ہم پاکستان پر اعتماد کرتے ہیں، امریکا پر نہیں، مذاکرات صرف پاکستان میں ہوں گے، کہیں اور نہیں ہوں گے۔ پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں خطاب کرتے ہوئے ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے کہا کہ امریکا قابل بھروسہ ملک نہیں، ایران نے پاکستان کو قابلِ اعتماد اور غیر جانبدار ثالث قرار دے دیا (بقیہ نمبر 25)

پاک ترکیہ مشترکہ مشق جناح 13 کامیابی سے مکمل

اسلام آباد (این این آئی) پاک ترک مشترکہ کمانڈو اور اسپیشل فورسز مشق جناح 13 ترکیہ میں کامیابی سے مکمل ہو گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مشق میں پاک فوج اور ترک افواج کے دستوں نے مشترکہ تربیتی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ (بقیہ نمبر 24)

لاہور: پنجاب انٹرنیشنل سوئمنگ کمپلیکس نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں وزیراعلیٰ پنجاب ایج گروپ سوئمنگ چمپئن شپ 2026ء کے آخری روز مقابلوں کا منظر۔

نارنگ منڈی: رانا عبدالوحید کی شادی کی تقریب میں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین دوگر شریک ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کرم (پلاننگ اینڈ فنانس) شوکت علی مہمند نے صدہ چنار ہاؤس (ڈپٹی کمشنر کیمپ آفس) کا دورہ کیا

دورے کے دوران انہوں نے لوئر اور سنٹرل کرم کے مختلف عمائدین بشمول انجمن فاروقیہ کے نمائندوں کے ساتھ تفصیلی ملاقاتیں کیں

کرم (بیورو رپورٹ) صدہ لوئر کرم: عوام کے دہلیز پر ان کے مسائل اور شکایات حل کرنے کے حوالے سے صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان کے ہدایات کی روشنی میں، آج ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کرم (پلاننگ اینڈ فنانس) شوکت علی مہمند نے صدہ چنار ہاؤس (ڈپٹی کمشنر کیمپ آفس) کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے لوئر اور سنٹرل کرم کے مختلف عمائدین بشمول انجمن فاروقیہ کے نمائندوں کے ساتھ تفصیلی ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سنٹرل کرم عقیل جاوید، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم شاہد علی، متعلقہ محکموں کے سربراہان اور نئے تعینات ہونے والے تحصیلداران بھی موجود تھے۔ عمائدین، نوجوانوں اور دیگر شرکاء نے اپنے تمام مسائل، شکایات اور مشکلات تفصیل سے پیش کیں، اور ساتھ ہی علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے اور امن معاہدات پر عملدرآمد کے حوالے سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کرم نے عمائدین کو یقین دلایا کہ زیر التوا ترقیاتی سکیموں کے لیے جلد ہی خطیر فنڈز جاری کیے جائیں گے تاکہ ترقیاتی منصوبوں کو دوبارہ شروع کیا جا سکے، جبکہ بعض مسائل کو موقع پر ہی حل کر دیا گیا۔

قوم علی شیرزئی کا اپنے مطالبات کے حق میں سدہ ساتین چوک پر دھرنا اور احتجاج

انتظامیہ اور ونگ کمانڈر 113 ونگ کی کوششوں سے دھرنا ختم۔ مطالبات اعلیٰ حکام تک پہنچانے کی یقین دہانی۔ ذرائع

سدہ کرم (بیورو رپورٹ) ضلع کرم سب ڈویژن سنٹرل کرم اور لوئر کرم میں آباد قوم علی شیرزئی نے گزشتہ روز سدہ ساتین بائی پاس چوک پر اپنے مطالبات کے حق میں دھرنا دیا اور زبردست احتجاج کر کے مین سڑک کو ہر قسم کے ٹریفک اور آمد و رفت کے لیے بند کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سنٹرل کرم قوم علی شیرزئی کے عمائدین جس میں مشران، نوجوانانِ علاقہ، سیاسی و مذہبی رہنما شامل تھے، نے گزشتہ روز اپنے مطالبات کے حق میں سوشل میڈیا پر دھرنا دینے اور احتجاج کرنے کی کال دے تھی۔ گزشتہ روز لوئر و سنٹرل کرم بشمول دوسرے اقوام نے قوم علی شیرزئی کا ساتھ دیتے ہوئے سدہ ساتین بائی پاس چوک پر دھرنا دے کر احتجاج کیا اور بھرپور طاقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے روڈ کو بند کر دیا۔ ان کا مطالبہ تھا کہ قوم علی شیرزئی کے بے گناہ افراد کی گرفتاری روک دی جائے اور جن افراد کو گرفتار کیا گیا ہے، غیر مشروط طور رہا کیا جائے۔ قوم علی شیرزئی کو کلیئرنس کے نام پر تنگ کرنے کے ہتھکنڈوں کو ختم کر دیا جائے۔ اگر کوئی کلیئرنس ہے، تو فوری مکمل کیا جائے، اسلئے کہ قوم کے درجنوں مسافروں کی ویزے ختم ہو گئے ہیں، جو عرب امارات یا دوسرے یورپی ممالک میں محنت مزدوری کر رہے ہیں یا فریضہ حج کے لیے جا رہے ہیں۔ جن سرکاری ملازمین کو معطل کر دیا گیا ہے فوری طور پر بحال کر دیا جائے۔ اگر مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو ہمارا احتجاج اور دھرنا جاری رہیگا، بلکہ ان کو دوام دیتے ہوئے پشاور اور اسلام آباد تک لے کر جائیں گے۔ دھرنے اور احتجاج کی اطلاع ملتے ہی سنٹرل کرم کے اسسٹنٹ کمشنر صاحب زادہ عقیل جاوید نے وہاں جا کر ان کے مشران کے ساتھ مذکرات کئے۔ نہ صرف یہ بلکہ کرم ملیشاء 113 ونگ کے کمانڈر افتخار احمد نے اوسی اور ایس آ ڈ جی کے ہمراہ دھرنا سائٹ جا کر دھرنے کے مشران کے ساتھ ملاقات کی۔ بعد آزاں مشران و نوجوانانِ دھرنا کے نمائندہ وفد کو ہیڈ کوارٹر بلایا، جہاں ان کے ساتھ تفصیلی ملاقات اور گفت و شنید کی۔ دھرنا مشران نے اپنے مطالبات اور اپنے موقف سے اُنہیں آگاہ کیا۔ کمانڈر افتخار احمد نے اُنہیں تسلی دی کہ آپ کے تمام جائز مطالبات مان لیے جاتے ہیں اور اس سلسلے میں اپنے اعلیٰ حکام تک آپ کے مطالبات پہنچا دیتے ہیں۔ لہٰذا اپنا دھرنا ختم کریں۔ اس پر قوم نے ان کے ان تسلی بخش یقین دہانی پر احتجاج کو ختم کر دیا اور پُرامن طریقے سے منتشر ہو کر شرکاء اپنے گھروں کی طرف روانہ ہوئے۔

دیہات کی خواتین اور چھوٹے بچوں کے لیے اپنی رہائش گاہ بائی پاس ٹاؤن مورو میں "فری میڈیکل کیمپ" کا انعقاد کیا

ڈاکٹر سیدہ عصمت زہرہ جواد شاہ نے اس "فری میڈیکل کیمپ" میں آنے والی خواتین کا رعایتی طور پر الٹراساؤنڈ کیا

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) سابق ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز اور مورو کی سماجی رہنما ڈاکٹر سیدہ عصمت زہرہ جواد شاہ نے تاریخ 24 اپریل 2026ع کو مورو شہر اور اس کے گرد و نواح کے دیہات کی خواتین اور چھوٹے بچوں کے لیے اپنی رہائش گاہ بائی پاس ٹاؤن مورو میں "فری میڈیکل کیمپ" کا انعقاد کیا۔ اس "فری میڈیکل کیمپ" میں مورو کی سماجی رہنما و سابق ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر سیدہ عصمت زہرہ جواد شاہ اور مورو کے سماجی رہنما ڈاکٹر روشن الدین سومرو نے خواتین اور بچوں کا چیک اپ کیا اور اُنہیں ملٹی نیشنل کمپنیوں کی ادویات مفت دیں۔ جبکہ ڈاکٹر سیدہ عصمت زہرہ جواد شاہ نے اس "فری میڈیکل کیمپ" میں آنے والی خواتین کا رعایتی طور پر الٹراساؤنڈ کیا۔ مزید اس "فری میڈیکل کیمپ" کے تمام ٹیسٹ مورو لیب کے ذریعے 50٪ رعایت پر کیے گئے۔ یہ "فری میڈیکل کیمپ" جمع کی صبح 30:09 بجے سے شام 00:4 بجے تک جاری رہی۔ اس "فری میڈیکل کیمپ" میں ڈاکٹر سیدہ عصمت زہرہ جواد شاہ اور ڈاکٹر روشن الدین سومرو نے تقریباً 1200 مریضوں، خواتین اور بچوں کا معائنہ کیا۔ مورو کے معروف سینئر صحافی اور پاور آف پاکستان نیوز ایجنسی کے بیورو چیف صحافی سندھی الطاف سومرو نے اس فری میڈیکل کیمپ کی بہترین میڈیا کوریج کی۔ اس کے علاوہ فیاض لغاری، محسن لغاری، غلام حسین لغاری اور اسلم لغاری نے اس فری میڈیکل کیمپ میں اپنی خدمات سرانجام دیں۔

مورو سٹی میں رات 45-01 بجے سے صبح تک کی ظالمانہ لوڈشیڈنگ فوری ختم کی جائے

عبدالستار چنہ، انجنیئر، سیپکو واپڈا مورو، کی مبینہ بدانتظامی کے باعث صورتحال مزید خراب ہوگئی ہے

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) مورو سٹی میں رات 45-01 بجے سے صبح تک کی ظالمانہ لوڈشیڈنگ فوری ختم کی جائے۔ عبدالستار چنہ، انجنیئر، سیپکو واپڈا مورو، کی مبینہ بدانتظامی کے باعث صورتحال مزید خراب ہوگئی ہے۔ رات بھر بجلی کی بندش پر مورو کے شہری سراپا احتجاج ہیں، سیپکو واپڈا مورو آفس کے گھیراؤ کی دھمکی۔ وکلاء، سماجی و مذہبی شخصیات اور صحافی برادری سے ظالمانہ لوڈشیڈنگ کے خلاف آواز بلند کرنے کی اپیل۔ مورو سٹی میں غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف مورو کے شہریوں کا غم و غصہ شدت اختیار کر گیا ہے، مورو کے شہریوں نے سیپکو واپڈا مورو کے انجنیئر عبدالستار چنہ پہ سخت تنقید کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر رات 45-01 بجے کے بعد بجلی کی بندش کا سلسلہ فوری طور پر ختم نہ کیا گیا تو سیپکو واپڈا آفس مورو کا گھیراؤ کیا جائے گا۔ مورو کے شہریوں کے مطابق رات 45-01 بجے بجلی کا جانا، صبح بحال ہونا اور پھر بند ہو جانا معمول بن چکا ہے، جسے انہوں نے ظلم کی انتہا قرار دیا ہے۔ مورو شہر میں صبح، دوپہر، شام اور رات کو بجلی کی ناجائز اور غیر قانونی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 4 سے 5 گھنٹے ہو چکا ہے۔ مورو کے شہریوں نے سیپکو واپڈا کے اعلیٰ عملداروں کو سخت نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

مشرق وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی نے عالمی امن کو خطرے میں ڈال دیا، راجہ سکندر

کلمے کے نام پر بننے والا ملک پاکستان آج دنیا کی نگاہوں کا مرکز بن چکا ہے، بیان

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیئرمین گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل راجہ سکندر خان نے کہا ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی نے عالمی امن کو خطرے میں ڈال دیا ہے مگر ایسے نازک حالات میں پاکستان نے ایک ذمہ دار اور باوقار ریاست ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ایران کا حالیہ دورہ محض سفارتی سرگرمی نہیں بلکہ ایک جرات مندانہ اور تاریخی قدم ہے جس نے پاکستان کے مثبت اور موثر عالمی کردار کو مزید اجاگر کر دیا ہے۔ چیئرمین گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل راجہ سکندر خان نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کامیاب سفارت کاری کے نتیجے میں ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان کر دیا خطے میں کشیدگی کم کرنے اور امن کے قیام کیلئے پاکستان کا کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ کلمے کے نام پر بننے والا ملک پاکستان آج دنیا کی نگاہوں کا مرکز بن چکا ہے دنیا کے فیصلے اب اسلام آباد کی سرزمین پر ہو رہے ہیں۔ جب دنیا جنگ کے دہانے پر کھڑی ہے تو پاکستان نے دانشمندی، بصیرت اور تدبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن، استحکام اور مذاکرات کی راہ کو ترجیح دی۔ جو ایک ذمہ دار ریاست کی پہچان ہے۔ پاکستان کی عسکری قیادت نے ثابت کر دیا ہے کہ ہم صرف اپنے دفاع تک محدود نہیں بلکہ عالمی امن کے قیام میں بھی بھرپور کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان کے لئے باعث فخر ہے کہ آج ہماری قیادت دنیا میں امن و وقار اور استحکام کی علامت بن کر ابھر رہی ہے۔

عمران خان کبھی ڈیل نہیں کرے گا، خرم منور منج

تگکی (سٹی رپورٹ) عمران خان کبھی بھی ڈیل نہیں کرے گا، خرم منور منج سابق وزیراعظم پر تمام مقدمات جھوٹے اور بے بنیاد ہیں، ممبر قومی اسمبلی تفصیلات کے مطابق عمران خان کبھی بھی ڈیل نہیں کرے گا کیونکہ وہ اصولی سیاست پر یقین رکھتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ مقتدر حلقوں کی جانب سے متعدد مرتبہ ڈیل کی کوششیں کی گئیں، تاہم عمران خان نے ہر بار انکار کیا اور عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کو ترجیح دی وہ گزشتہ روز اپنے ننھیال ڈیموں آنہ تگکی آمد کے موقع پر اتحاد پریس کلب تگکی کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔

صحافت مقدس پیشہ، مثبت کاموں کیلئے استعمال کریں: رانا عارف اقبال

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صحافت مقدس پیشہ ہے۔ اسکو اچھے اور مثبت کاموں کیلئے استعمال کریں رانا عارف اقبال ہرجوہ۔ تفصیل کے مطابق پریس کلب رجسٹرڈ کوٹلی لوہاراں کے زیر انتظام سینئر صحافی حکیم ایس اے قادری کی وفات کے سلسلہ میں تعزیتی ریفرنس میٹ بڈ پیز اسٹاپ چوک کوٹلی لوہاراں پر منعقد ہوا جس میں صحافیوں اور شوشل ورکرز نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور حاضرین نے سینئر صحافی حکیم ایس اے قادری کی وفات پر فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر مہمان خصوصی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری رانا عارف اقبال ہرجوہ نے کہا کہ صحافت ریاست کا چوتھا اہم ستون ہے۔

پاکستان نے امریکہ و ایران کے درمیان کلیدی کردار ادا کیا، فیصل منظور

امن کا نوبل انعام شہباز شریف، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو دیا جائے، مسلم لیگ ن ہالینڈ

سانگلہ ہل (نامہ نگار) مسلم لیگ ن اور یوتھ ونگ ہالینڈ کا ایک اجلاس سرپرست اعلیٰ پیر سید طاہر اقرار شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں چیئرمین محمد جاوید اقبال کھوکھر سرپرست محمد خورشید مغل صدر فیصل منظور سینئر نائب صدر جاوید بٹ پیارے نائب صدر چوہدری محمد سمیع، محمد یونس بٹ جنرل سیکرٹری عبدالباسط خان سمیت بڑی تعداد میں مرکزی عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر فیصل منظور نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان نے ایک بار پھر عالمی سطح پر اپنی موثر سفارتکاری کا لوہا منوایا ہے۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بصیرت افروز قیادت میں پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ پاکستان کی بروقت اور حکمت عملی پر مبنی سفارتکاری کے نتیجے میں دو ہفتوں کی جنگ بندی ممکن ہوئی جس نے نہ صرف ممکنہ تباہ کن تصادم کو روکا بلکہ خطے میں امن اور استحکام کی نئی امید بھی پیدا کی۔ چیئرمین محمد جاوید اقبال کھوکھر نے کہا کہ یہ کامیابی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار، باوقار اور امن پسند ریاست ہے جو ہمیشہ انسانیت کے تحفظ، عالمی استحکام اور برادر ممالک کے ساتھ یکجہتی کے لیے پیش پیش رہتا ہے۔ تمام عہدیداران نے پاکستان کی قیادت کو اس تاریخی کامیابی پر خراج تحسین پیش کیا۔

شک اور وہم: دماغی توازن کا خاموش دشمن

قلمِ حق
انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

شک انسانی فطرت کا ایک اہم پہلو ہے، جو بسا اوقات انسان کو حقیقت تک پہنچنے میں مدد دیتا ہے اور کبھی کبھار اسے الجھنوں اور پریشانیوں میں بھی مبتلا کر دیتا ہے۔ انسان کی سوچ، تجربات اور ماحول اس کے شک کے انداز کو تشکیل دیتے ہیں۔ اگر شک کو صحیح انداز میں سمجھا اور استعمال کیا جائے تو یہ علم اور شعور کا دروازہ کھولتا ہے، لیکن اگر یہ بے قابو ہو جائے تو ذہنی سکون کو برباد کر سکتا ہے۔ فطری یا طبعی شک انسان کے ذہن کا ایک دفاعی نظام ہے، جو اسے دھوکہ کھانے سے بچانے میں مدد دیتا ہے۔ جب کوئی بات مشکوک لگتی ہے تو انسان اس پر غور کرتا ہے، سوال اٹھاتا ہے اور تحقیق کی کوشش کرتا ہے۔ یہی عمل اسے حقیقت کے قریب لے جاتا ہے اور غلط فہمیوں کو دور کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ ایسا شک دراصل عقل اور تجربے کا نتیجہ ہوتا ہے۔ انسان اپنے ماضی کے مشاہدات، سنی سنائی باتوں اور حالات کے تناظر میں کسی بات کو پرکھتا ہے۔ جب اسے مکمل معلومات حاصل ہو جاتی ہیں تو وہ کسی نتیجے پر پہنچ جاتا ہے، اور یہی نتیجہ اس کے شک کو ختم کر دیتا ہے۔ طبعی شک کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ مستقل نہیں رہتا۔ جب حقیقت واضح ہو جائے تو شک خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔ اس طرح یہ انسان کو سچ اور جھوٹ میں فرق کرنے کی صلاحیت فراہم کرتا ہے، جو ایک صحت مند ذہن کی علامت ہے۔ اس کے برعکس ذہنی شک ایک پیچیدہ اور خطرناک کیفیت ہے، جو انسان کے ذہنی اور جذباتی توازن کو متاثر کرتی ہے۔ یہ صرف ایک عام سوچ نہیں بلکہ ایک ایسی حالت ہے جو انسان کو بار بار ایک ہی خیال میں الجھائے رکھتی ہے۔ ذہنی شک اکثر غیر ضروری خدشات اور وسوسوں کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ انسان کو ہر بات میں شک ہونے لگتا ہے، چاہے اس کی کوئی ٹھوس بنیاد نہ بھی ہو۔ یہ کیفیت انسان کی روزمرہ زندگی کو متاثر کرتی ہے اور اس کی کارکردگی کو کمزور کر دیتی ہے۔ ایسی حالت میں انسان حقیقت اور وہم کے درمیان فرق کھو بیٹھتا ہے۔ وہ چھوٹی چھوٹی باتوں کو بڑا بنا کر دیکھتا ہے اور ہر صورتحال کو منفی زاویے سے سوچنے لگتا ہے۔ اس سے اس کا اعتماد بھی متاثر ہوتا ہے۔ ذہنی شک کی ایک بڑی مثال وہ حالات ہیں جہاں کسی شخص کو یہ باور کرا دیا جائے کہ اس پر جادو یا کوئی اثرات ہیں۔ اگر وہ اس بات کو مان لے تو اس کے ذہن میں خوف اور بے چینی پیدا ہو جاتی ہے، جو آہستہ آہستہ اس کی شخصیت کا حصہ بن جاتی ہے۔ ایسے میں اس کا یقین کمزور ہو جاتا ہے اور وہ دوسروں کے کہے پر زیادہ انحصار کرنے لگتا ہے۔ اس کے اپنے فیصلے متاثر ہوتے ہیں اور وہ خود کو بے بس محسوس کرنے لگتا ہے۔ طبی نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو شک اور خوف کے دوران انسانی جسم میں مختلف ہارمونز کا توازن بگڑ جاتا ہے۔ خاص طور پر کارٹیسول نامی ہارمون کا اخراج بڑھ جاتا ہے، جو جسم میں تناؤ اور خوف پیدا کرتا ہے۔ کارٹیسول کے بڑھنے سے انسان کو بے چینی، دل کی دھڑکن میں اضافہ اور گھبراہٹ محسوس ہوتی ہے۔ یہ کیفیت اگر مسلسل رہے تو ذہنی اور جسمانی صحت دونوں کو متاثر کر سکتی ہے۔ اسی دوران ڈوپامین، جو خوشی اور اطمینان کا ہارمون ہے، اس کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔ اس کی کمی انسان کو اداسی، بے دلی اور ناامیدی کی طرف لے جاتی ہے۔ اسی طرح سیروٹونن کی سطح بھی متاثر ہوتی ہے، جو انسان کے موڈ کو متوازن رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس کی کمی سے انسان چڑچڑا اور مایوس ہو سکتا ہے۔ جب یہ تمام ہارمونز عدم توازن کا شکار ہوتے ہیں تو انسان کا دماغ منفی سوچوں کے زیر اثر آ جاتا ہے۔ وہ ہر چیز کو خطرہ سمجھنے لگتا ہے اور اپنی ہی سوچوں میں قید ہو جاتا ہے۔ ایسے حالات میں انسان وہی محسوس کرنے لگتا ہے جو اسے بتایا گیا ہو، چاہے وہ حقیقت نہ بھی ہو۔ اس کا ذہن اس بات کو سچ مان کر جسم میں ویسے ہی اثرات پیدا کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یقین کا کردار یہاں بہت اہم ہو جاتا ہے۔ اگر انسان کا یقین مضبوط ہو تو وہ ایسی باتوں کو رد کر سکتا ہے اور خود کو ذہنی دباؤ سے بچا سکتا ہے۔ جو لوگ دوسروں کے کہے پر فوراً یقین کر لیتے ہیں، وہ زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ ان کا ذہن جلدی کسی بھی منفی خیال کو قبول کر لیتا ہے، جو بعد میں ان کے لیے مسئلہ بن جاتا ہے۔ اس کے برعکس جو لوگ حقیقت پسند ہوتے ہیں اور ہر بات کو عقل اور دلیل کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں، وہ ایسے اثرات سے محفوظ رہتے ہیں۔ ان کا ذہن مضبوط ہوتا ہے اور وہ خود پر اعتماد رکھتے ہیں۔ ایمان اور یقین بھی اس معاملے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ایک مضبوط عقیدہ انسان کو خوف اور وسوسوں سے بچاتا ہے اور اسے اندرونی سکون فراہم کرتا ہے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ اپنے ذہن کو مثبت سوچوں سے مضبوط بنائے۔ غیر ضروری باتوں پر توجہ نہ دے اور ہر سنی سنائی بات کو حقیقت نہ سمجھے۔ علم اور آگاہی بھی شک کو کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ جب انسان کو صحیح معلومات حاصل ہوتی ہیں تو وہ غلط فہمیوں کا شکار نہیں ہوتا۔ ذہنی صحت کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔ مناسب نیند، متوازن غذا اور مثبت ماحول انسان کو ذہنی دباؤ سے بچاتے ہیں اور اس کے خیالات کو متوازن رکھتے ہیں۔ شک ایک دو دھاری تلوار کی مانند ہے۔ اگر اسے صحیح طریقے سے استعمال کیا جائے تو یہ انسان کو سچ تک پہنچاتا ہے، لیکن اگر یہ بے قابو ہو جائے تو انسان کو اندھیروں میں دھکیل دیتا ہے۔

حافظ آباد: ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر عبدالحئی پکڑے جانے والے غیر قانونی نان کسٹم سگریٹ بارے تفصیلات بتا رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی نے ملکی ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کیا: اسلم شیروانی

نااہل حکمران تحریک انصاف کے رہنماؤں کو زیادہ دیر جیل میں بند نہیں رکھ پائیں گے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے ضلعی نائب صدر ڈاکٹر محمد اسلم خان شیروانی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے خلاف جاری انتقامی کارروائیاں بند کر کے ہی ملک میں سیاسی استحکام ممکن بنایا جا سکتا ہے حکمران سیاسی مخالفین کو کچلنے کی خاطر ہر اوچھا ہتھکنڈہ استعمال کر رہے ہیں حکمرانوں کو ذہن نشین کرنا ہوگا کہ ان کے حکمرانی کے دن گنے جا چکے ہیں جلد عوام انہیں اقتدار کے ایوانوں سے نکال باہر کریں گے، عوام کے ووٹ پر شب خون مار کر ریت ٹولے کو ملک و قوم پر مسلط کرنے والوں کا کڑا محاسبہ ناگزیر ہے انہیں جمہوری عمل سبوتاژ کرنے کا حساب دینا پڑے گا فارم 47 کی پیداوار موجودہ جعلی حکومت کو عوامی پذیرائی حاصل نہیں قوم اس حکومت سے جلد سے جلد چھٹکارا پانا چاہتی ہے، بانی پی ٹی آئی نے پاکستان کی سلامتی اور ترقی کیلئے ہمیشہ بھرپور کردار ادا کیا عوامی امنگوں کی ترجمانی کی اور ملکی معاشی استحکام کی خاطر اپنے دورِ وزارت عظمیٰ میں مثالی اقدامات اٹھائے جن کے ثمرات سامنے آنا شروع ہوئے تو انہیں سازش کے تحت وزیراعظم کے عہدہ سے ہٹا دیا گیا جس کا خمیازہ ملک و قوم کو بدحالی کی صورت میں بھگتنا پڑا ہے، نااہل حکمران تحریک انصاف کے رہنماؤں کو زیادہ دیر جیل میں بند نہیں رکھ پائیں گے پاکستان کے ہر جمہوریت پسند شہری کا مطالبہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے۔

چیچہ وطنی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صارفین کو بلاتعطل پٹرولیم مصنوعات فراہم کی جائیں: ڈی سی گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس وژن اور "ستھرا پنجاب" مہم کے تحت ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے شہر اور ضلع بھر میں صفائی ستھرائی، سیوریج سسٹم، جاری ترقیاتی منصوبوں، مفت پبلک ٹرانسپورٹ اور پٹرولیم مصنوعات کی دستیابی و قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ اداروں کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی اکبر جناح روڈ، شیش محل چوک اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے صفائی ستھرائی اور سیوریج نالیوں کی ڈی سلٹنگ کے عمل کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر جی ڈبلیو ایم سی حکام اور کنٹریکٹرز کو ہدایت کی گئی کہ صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اور کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ "صاف ستھرا گوجرانوالہ" مہم کے تحت ڈپٹی کمشنر نے گرجاکھ روڈ، گندہ نالہ اور ملحقہ آبادیوں میں بھی صفائی اور ڈی سلٹنگ کے کاموں کا جائزہ لیا۔

صیہونی افواج کے مظالم پر عالمی ادارے تماشائی بنے ہوئے ہیں: حاجی نواز

دنیا کے کروڑوں انسان مذاہب سے بالاتر ہو کر اہل فلسطین کیلئے آواز اٹھا رہے ہیں، گفتگو

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مدنی دسترخوان پروگرام کے چیف آرگنائزر و سابق ایم پی اے حاجی محمد نواز نے کہا ہے کہ دنیا کے کروڑوں مہذب انسان مذاہب سے بالاتر ہو کر اہل فلسطین کیلئے آواز اٹھا رہے ہیں، عوامی دباؤ کے نتیجہ میں مغرب کی کئی حکومتوں کو اسرائیل کی اندھی حمایت کا بیانیہ ترک کرنا پڑا ہے استعماری طاقتوں نے پوری دنیا کے یہودیوں کو اکھٹا کر کے فلسطینیوں کی زمین پر قبضہ کروایا امریکہ کی مکمل آشیر باد سے گزشتہ 70 برسوں سے اہل فلسطین پر ظلم کے پہاڑ توڑے گئے مگر فلسطینیوں نے عظیم استقامت دکھائی اور جدوجہد جاری رکھی، ظالم سے آزادی کے حصول کیلئے فلسطینیوں کو حق حاصل ہے ان شاء اللہ فلسطینیوں کی یہ جدوجہد ضرور رنگ لائے گی اور مسجد اقصیٰ سمیت تمام فلسطینی علاقے یہودیوں کے قبضہ سے آزاد ہوں گے، صیہونی افواج کے مظالم پر عالمی ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، اسرائیل نے اقوام متحدہ کی قراردادوں کی بھی کوئی پرواہ نہیں اگر امریکا اسرائیل کی حمایت میں اسے اسلحہ دے رہا ہے تو اسلامی ممالک کے حکمران کیوں خاموش ہیں یہ ظلم ہے اسرائیل کا سفارتی اور معاشی بائیکاٹ یقینی بنائیں حالات کا تقاضا ہے کہ مظلوم فلسطینی مسلمانوں کی امداد کیلئے مسلم حکمران بین الاقوامی فلسطین فنڈ قائم کریں، غزہ پر اسرائیل نے ہیروشیما اور ناگاساکی سے بھی زیادہ بارود گرایا اگر مسلمان حکمران امریکی خوف سے اہل فلسطین کی اخلاقی، سیاسی اور مالی مدد سے بھی کترا رہے ہیں، مسلم ممالک کے حکمران درست سمت اقدام اٹھائیں تو پوری امت مسلمہ ان کی پشت پر کھڑی ہوگی۔

پاکستان امن کا علمبردار، مذاکرات کیلئے کوششیں قابل تحسین: ذکاء اللہ

سیاسی و عسکری قیادت نے دہائیوں پر محیط عدم اعتماد کو کم کرنے میں نہایت موثر کردار ادا کیا

کاموکے (نامہ نگار) پاکستان امن کا علمبردار، امریکہ، ایران کے مابین مذاکرات کیلئے دوبارہ اسلام آباد کی کوششیں قابل تحسین ہیں، امریکہ ایران جنگ بندی کیلئے پاکستان کا کردار عالمی دنیا تسلیم کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار صدر انجمن تاجران جنرل سٹور کاموکے چوہدری ذکاء اللہ نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مکمل جنگ بندی اور براہ راست مذاکرات کی راہ ہموار ہونا پاکستان کی ایک بڑی اور تاریخی سفارتی کامیابی ہے جسے عالمی سطح پر بھرپور پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے دہائیوں پر محیط عدم اعتماد کو کم کرنے میں نہایت موثر، متوازن اور مدبرانہ کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں ایک بڑے عالمی تصادم کے خدشات کو ٹال دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کا مذاکرات کی میز پر آنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی نہ صرف حقیقت پسندانہ بلکہ امن پر مبنی ہے۔

گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول نارنگ کی عمارت خستہ حال، طالبات دوسرے سکول منتقل

دور دراز سکول ہونے کی وجہ سے طالبات اور والدین شدید پریشان، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول صدر بازار نارنگ کی عمارت خستہ حال قرار، طالبات کو دوسرے سکول منتقل کر دیا گیا۔ نارنگ منڈی اور گرد و نواح کی ہزاروں طالبات کو علم کی شمع سے روشن کرنے والی اس قدیمی سکول کی عمارت خستہ حالی کے باعث کسی بھی وقت گر سکتی ہے، جس کے باعث طالبات کو حیدری چوک کے قریب واقع سرکاری سکول میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ دور دراز سکول ہونے کی وجہ سے طالبات اور والدین شدید پریشان ہیں شدید گرمی اور سخت دھوپ میں شہر اور گرد و نواح کے دیہات کی سینکڑوں طالبات کو لمبا سفر کرنا پڑتا ہے، جس سے ان کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا۔ انہوں نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور سی ای او ایجوکیشن شیخوپورہ سے نوٹس لیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سکول کی عمارت کو جلد از سر نو تعمیر کیا جائے اور جب تک عمارت مکمل نہیں ہو جاتی تب تک طالبات کو قریب ترین سرکاری سکول کی عمارت میں منتقل کیا جائے۔

اوکاڑہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر یوسف کاہلوں امتحانی عمل کی چیکنگ کر رہے ہیں

حافظ آباد: وزیراعلیٰ پنجاب کی کوآرڈینیٹر، و رکن قومی اسمبلی سائرہ افضل تارڑ ضلعی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں۔ صدر پریس کلب چوہدری امتیاز احمد تارڑ بھی موجود ہیں